www.dailybolan.com

MEMBER APNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC CERTIFIED | حب، کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا روزنامہ

Daily BOLAN HUB Balochistan

روزنامہ بولان حب بلوچستان

چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ

فون و فیکس 0853-310203

Mobile: 0336-6113760

صفحات 8 | قیمت 20 روپے

جلد 37 | اتوار 20 ستمبر 2026، بمطابق 7 ربیع الثانی 1448ھ | شمارہ 281

صحت کے شعبے میں اصلاحات کے نمایاں نتائج آنا شروع ہو گئے ہیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان

صوبے کے دور افتادہ علاقے بیکڑ میں قائم میر غلام قادر بگٹی میموریل ہسپتال میں تاریخ میں پہلی بار 100 بڑی سرجریز کامیابی سے مکمل کر لی گئی ہیں

مقامی سطح پر جراحی کی سہولیات دستیاب ہونے سے دور دراز علاقوں کے مریضوں کو علاج کے لیے طویل فاصلہ طے کر کے بڑے شہروں کا رخ نہیں کرنا پڑ رہا

کوئٹہ (بولان بیورو) : حکومت بلوچستان کی جانب سے صحت کے شعبے میں اصلاحات کے نمایاں نتائج سامنے آنا شروع ہو گئے ہیں، صوبے کے دور افتادہ علاقے بیکڑ میں قائم میر غلام قادر بگٹی میموریل ہسپتال میں تاریخ میں پہلی بار 100 بڑی سرجریز کامیابی سے مکمل کر لی گئی ہیں۔ میر غلام قادر بگٹی میموریل ہسپتال میں ہنگامی اور پیچیدہ نوعیت کے کیسز سمیت 100 بڑی سرجریز کی کامیاب تکمیل دور دراز علاقوں میں طبی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے اہم پیش رفت ہے۔ ہسپتال میں 24 (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7 پر)

ترک وقطری وفود کا دورہ قندھار، پاک افغان مذاکرات پر بھی بات چیت

ترکیہ اور قطر ایک بار پھر پاک افغان کشیدگی ختم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، عالمی میڈیا

پاکستان افغانستان سے سرگرم مسلح گروہوں کے خلاف کارروائی اور سرحدی سیکیورٹی کا مطالبہ کرتا رہا ہے

قندھار (این این آئی) ترکیہ اور قطر کے اعلیٰ حکام نے افغانستان میں (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7 پر)

پٹرول کی قیمت میں ایک روپے 65 پیسے کمی، ڈیزل 8 روپے 88 پیسے فی لیٹر سستا

اسلام آباد: (اے ایف پی) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں معمولی کمی (بقیہ 3 صفحہ 7 پر)

سعودی ایئربیس پر حوثی ڈرون حملہ، اطالوی لڑاکا طیارے کو شدید نقصان

حملے کے وقت طیارہ ایئربیس کے ایک دور دراز اور مرکزی تنصیب سے الگ حصے میں موجود تھا، وزارت دفاع

دفاعی حکام نے واقعے کے فوراً بعد صورت حال کا جائزہ لینے اور فوجی اہلکاروں کے تحفظ کے اقدامات کو برقرار رکھنے کے لیے آپریشنل جائزہ شروع کر دیا ہے

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے طائف ایئر بیس پر ہونے والے (بقیہ 4 صفحہ 7 پر)

وزیر اعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان میں ہونے والے حملوں میں 80 فیصد خودکش بمبار افغان ہیں

آئی ایس پی آر

بھارتی سرپرستی میں افغان سرزمین سے دہشتگردی روکنا طالبان رجیم کی ذمہ داری ہے، دہشتگردوں کو عوامی حمایت حاصل نہیں، احمد شریف چوہدری

پاکستان حرمین شریفین اور سعودی عرب کی حفاظت کیلئے کسی بھی حد تک جانے کیلئے تیار ہے، سعودی عرب کی سلامتی کیلئے ہمارا عزم غیر مشروط ہے، یہ عزم ایک جذباتی، دیرینہ، تاریخی اور اٹوٹ رشتے سے جڑا ہے

اسلام آباد ایم او یو پاکستان کی مسلسل، انتھک اور انتہائی پرخلوص سفارتکاری کے بعد طے پائی، افغان طالبان رجیم سے ایک ہی ٹھوس مطالبہ ہے وہ افغان سرزمین سے پاکستان میں دہشتگردی کو روکے

راولپنڈی (این این آئی) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ افغان طالبان رجیم سے ایک ہی ٹھوس مطالبہ ہے کہ وہ افغان سرزمین سے پاکستان میں دہشت گردی روکے، افغانستان سے پاکستان آنے والی ہر تشکیل میں افغان شہری ہوتے ہیں، 80 فیصد خودکش بمبار افغان ہیں، پاکستان حرمین شریفین اور سعودی عرب کی حفاظت کیلئے کسی بھی حد تک جانے کیلئے تیار ہے، سعودی عرب کی سلامتی کیلئے ہمارا عزم غیر مشروط ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل (بقیہ 5 صفحہ 7 پر)

پاکستان سے اچھے تعلقات چاہتے ہیں

افغان طالبان

سعودی عرب سے توقعات ہیں کہ دوست ہونے کی حیثیت سے اپنا کردار ادا کرے، سعودی عرب اس معاملے میں مثبت کردار ادا کر سکتا ہے

سعودیہ کی ثالثی کی کوششوں کا احترام کرتے ہیں، امید ہے سعودی حکام افغانستان اور پاکستان کے درمیان موجود مسائل کو حل کرنے میں مدد کریں گے، ذبیح اللہ مجاہد

کابل (اے ایف پی) افغان طالبان کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد کا کہنا ہے کہ پاکستان سے اچھے تعلقات کے خواہاں ہیں، توقع ہے سعودی عرب اس معاملے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ عرب میڈیا کو انٹرویو میں ذبیح اللہ مجاہد نے کہا کہ افغانستان پاکستان سے بات چیت اور تعاون جاری رکھنا چاہتا ہے، تنازعات حل کرانے کے لیے سعودی عرب سمیت تمام ممالک کی کوششوں کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ ذبیح اللہ نے کہا کہ سعودی عرب سے توقعات ہیں کہ دوست ہو (بقیہ 8 صفحہ 7 پر)

پی ٹی آئی اور جماعت اسلامی کا لانگ مارچ بے وقت کی راگنی ہے

رانا تنویر

بلوچستان اور خیبر پختونخواہ میں دہشتگردی کے واقعات میں بیرونی ہاتھ ملوث ہے

سیاسی و عسکری قیادت واضح پیغام دے چکی، پاکستان کی فوج سعودی قیادت کے ایک اشارے کی منتظر ہے، وفاقی وزیر

شیخوپورہ (این این آئی) وفاقی وزیر نیشنل فوڈ سیکیورٹی اینڈ ریسرچ رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی اور جماعت اسلامی کا لانگ مارچ بے وقت کی راگنی ہے، سعودی عرب کی سلامتی، خودمختاری اور حرمین شریفین کے تحفظ کے لیے پاکستان سعودی قیادت کے ساتھ کھڑا ہے، سیاسی و عسکری قیادت (بقیہ نمبر 7 صفحہ 7 پر)

وزیر اعظم خصوصی ریلیف سکیم کا پورے پاکستان میں کامیاب اجرا

پانچ لیٹر سے کم پٹرول ڈلوانے والے موٹر سائیکل، چنگ چی اور رکشوں کو بھی ایک ٹوکن پر ایک ہفتے میں پانچ سو روپے کی رعایت ملے گی

وزیر اعظم شہباز شریف کی سکیم سے مستفید ہونے والوں کا دائرہ کار وسیع اور پٹرول پر رعایت کی باعزت و باآسانی اور بلارکاوٹ فراہمی کو یقینی بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف کی ہدایت پر پانچ لیٹر سے کم پٹرول ڈلوانے والے موٹر سائیکل، چنگ چی اور رکشوں کو بھی ایک ٹوکن پر ایک ہفتے میں پانچ سو روپے کی رعایت ملے گی، ہفتہ وار ایک ٹوکن جاری کیا جائیگا اور ایک مہینے میں مجموعی طور پر 4 ٹوکن جاری کیے جائیں گے، سکیم میں 800cc تک گاڑی استعمال کرنے والے پہلے کی طرح ہر دس روز میں 10 لیٹر پٹرول پر 100 روپے فی لیٹر کی رعایت حاصل کریں گے، یوں ایک (بقیہ نمبر 6 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر رانا تنویر اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان میں سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں

11 دہشتگرد ہلاک، اسلحہ و گولہ بارود برآمد

قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیاں پوری قوت سے جاری رہیں گی

کارروائیوں کے دوران بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا' وزیر داخلہ محسن نقوی کا فورسز کو خراج تحسین

کوئٹہ/اسلام آباد (بولان بیورو) سیکیورٹی فورسز نے آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 11 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق پنجگور کے علاقے گوارگو میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائی میں 5 دہشت گرد ہلاک ہوئے جن کے قبضے سے بڑی تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد ہوا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع نے مزید بتایا کہ فورسز نے چاغی کے علاقے امین آباد اور سیاہ چنگ میں بھی دہشت گردوں کے خلاف مؤثر کارروائیاں کر کے 6 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا، ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے بڑی تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآ (بقیہ نمبر 9 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

یکم جنوری 2006 کے بعد سے رجسٹرڈ موٹر سائیکل، چنگچی، رکشہ اور چھوٹی گاڑیاں خصوصی ریلیف اسکیم کے لیے اہل ہیں

وزیر اعظم کی خصوصی ریلیف اسکیم

موٹر سائیکل، چنگچی اور رکشہ چلانے والوں کیلئے

ایک ٹوکن پر ایک ہفتے میں 500 روپے کی رعایت

ایس ایم ایس کے کوئی چارجز نہیں ہیں

PID (I) 2684-D/26

مجموعی طور پر 30 لیٹر پٹرول کی رعایتی قیمت پر فراہمی

800 سی سی تک چھوٹی گاڑیوں کے مالکان کیلئے

ہر دس روز میں 10 لیٹر پر 100 روپے فی لیٹر بچت

REG لکھ کر space دیں

STEP-1 اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر
3740515196983 لکھنے کے بعد space دیں

STEP-2 بغیر space کے نمبر پلیٹ
LHR123 ایسے لکھنے کے بعد space دیں

STEP-3 صوبے کے نام کا پہلا حرف جہاں آپ کی گاڑی رجسٹرڈ ہے
صوبہ کا نام پنجاب P کے بعد space دیں

STEP-4 وہیکل رجسٹریشن کی تاریخ بمعہ مہینہ اور سال DD/MM/YYYY
دن مہینہ اور سال ایسے لکھیں 08102010

چاروں تفصیلات اسپیسز کے ساتھ ایک ہی میسج میں لکھ کر 9771 پر مفت ایس ایم ایس کریں

رعایتی پٹرول کے حصول کا طریقہ کار:

STEP-1 رجسٹریشن کے بعد پٹرول ریلیف حاصل کرنے کے لیے پٹرول پمپ جانے سے پہلے TOK لکھ کر 9771 پر بھیج دیں

STEP-2 موصول ہونے والے میسج میں ٹوکن نمبر، گاڑی کا رجسٹریشن نمبر، پٹرول کی مقدار اور ٹوکن استعمال کرنے کی مدت درج ہوگی

STEP-3 ٹوکن پٹرول پمپ پر دکھا کر آپ رعایتی قیمت پر پٹرول حاصل کر سکتے ہیں۔

صوبے کے نام کا پہلا حرف

اسلام آباد I | آزاد جموں و کشمیر A | گلگت بلتستان G
سندھ S | پنجاب P | خیبر پختونخوا K | بلوچستان B

مزید رہنمائی کیلئے www.pmfuelrelief.pk وزٹ کریں یا QR کوڈ اسکین کریں

URAAN PAKISTAN

وزارتِ اطلاعات و نشریات حکومتِ پاکستان

/GovtofPakistan | www.moib.gov.pk

امن وامان کا قیام اولین ترجیح ہے، سہیل آفریدی

دہشت گردوں کا مقابلہ کرتے شہید ہونے والے پولیس جوانوں اور شہریوں نے قوم اور ملک کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا

دھماکے سے ہونے والے نقصانات کی بحالی اور متاثرہ عمارتوں کی تعمیر نو کی جائیگی، سب سے اہم چیز عوام اور پولیس کا حوصلہ ہے، جسے کسی صورت کمزور نہیں ہونے دیا جائے گا،، بیان

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے ضلع کوہاٹ کے دورہ کے دوران پولیس لائنز دھماکے کے شہداء کے اہلخانہ سے ملاقات کے موقع پر پولیس، سی ٹی ڈی، اسپیشل برانچ، ریسکیو 1122، ڈاکٹرز، ضلعی انتظامیہ اور کوہاٹ کے عوام کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ گزشتہ روز دہشت گردوں کے خلاف تقریباً 20 گھنٹے جاری رہنے والے آپریشن کے دوران جس بہادری اور دلیری کا مظاہرہ کیا گیا وہ قابل تحسین ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردوں کا مقابلہ کرتے ہوئے شہید ہونے والے پولیس جوانوں اور شہریوں نے قوم اور ملک کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ اللہ تعالیٰ شہداء کے درجات بلند فرمائے، ان کے اہلخانہ کو صبر جمیل عطا کرے اور تمام زخمیوں کو جلد صحتیابی نصیب فرمائے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا 2004 سے مسلسل دہشت گردی کے خلاف جنگ لڑ رہا ہے اور اس دوران صوبے کے 80 ہزار قیمتی جانیں ضائع ہو چکی ہیں۔ طویل قربانیوں کے بعد صوبے میں امن قائم ہوا تھا اور عمران خان کے دور حکومت میں خیبر پختونخوا نے امن دیکھا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس دور میں پاکستان کی خارجہ پالیسی عوام اور ملکی مفاد کو سامنے رکھ کر بنائی گئی۔ افغانستان میں ایسی حکومت کے باوجود جس کے پاکستان کے ساتھ تعلقات اچھے نہیں تھے، عمران خان نے اسٹیٹس مین کا کردار ادا کیا، افغانستان کو پاکستان مدعو کیا اور دونوں ممالک کے درمیان تعلقات بہتر بنانے کی کوشش کی، جس کے نتیجے میں دہشت گردی میں نمایاں کمی آئی۔ انہوں نے کہا کہ آج صورتحال اس کے برعکس ہے۔ جس حکومت کے آنے پر ہم نے جشن منایا اور جس کے ساتھ چائے کے پیالے پیے، آج اسی حکومت کے ساتھ تعلقات بہتر نہیں، بارڈر بند ہے، تجارت متاثر ہے، قبائلی اضلاع میں معاشی سرگرمیاں محدود ہو چکی ہیں اور خیبر پختونخوا میں دہشت گردی مسلسل بڑھ رہی ہے۔ بارڈر کی بندش سے گزشتہ مالی سال خیبر پختونخوا کو 8 ارب روپے سے زائد کا نقصان ہوا اور رواں مالی سال بھی صوبے کو معاشی نقصان کا سامنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے بڑھتے ہوئے واقعات کی ایک بڑی وجہ ناکام خارجہ پالیسی ہے۔ گزشتہ 22 سال سے ایک ہی پالیسی پر عمل کیا جا رہا ہے، لیکن اگر کوئی پالیسی مؤثر نتائج نہیں دے رہی تو اسے تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت کی جانب سے پیش کی جانے والی پالیسی کسی جماعت کے فائدے کے لیے نہیں بلکہ خیبر پختونخوا اور پورے پاکستان کے عوام کے مفاد میں ہے۔ اگر اس پالیسی پر عمل کیا جائے تو 100 دن میں امن قائم کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے ریاستی اداروں اور وفاقی حکومت کی توجہ دہشت گردی کے خاتمے کے بجائے پاکستان تحریک انصاف کی سیاسی سرگرمیوں کو روکنے پر مرکوز ہے۔ ایک صوبے کے وزیراعلیٰ کو دوسرے صوبے میں سیاسی سرگرمیوں کی اجازت نہ دینا، جلسے اور احتجاج روکنا اور سیاسی نعروں تک پر پابندیاں عائد کرنا اس ترجیح کی عکاسی کرتا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام اور پولیس مسلسل قربانیاں دے رہے ہیں۔ پولیس اہلکار شہید اور زخمی ہو رہے ہیں، عوام اپنی جانیں قربان کر رہے ہیں، لیکن اس کے باوجود صوبے کو ہی خطرے کے طور پر پیش کرنا انتہائی افسوسناک ہے۔

واجبات اور حساب کتاب کو شفاف طریقے سے مکمل کیا جائے، نظر علی مگسی

سابقہ PNG کے تمام متاثرہ ملازمین کا ریکارڈ سامنے لایا جائے

حب (پ ر) نظر علی مگسی نے کہا ہے کہ ضلع حب کی صنعت سے وابستہ وہ محنت کش جنہوں نے سابقہ PNG کے دور میں HRSG کے ذریعے 20 سے 22 سال تک اپنی خدمات انجام دیں آج اپنے روزگار اور واجبات کے حوالے سے پریشانی کا شکار ہیں میرا بنیادی اور جائز سوال یہ ہے کہ 2026 میں Nimir کے ہینڈ اوور کے بعد جب صنعت میں کام جاری ہے اور نئی بھرتیوں کے مواقع موجود ہیں، تو سابقہ PNG کے وہ ملازمین جنہوں نے دو دہائیوں سے زائد عرصہ اسی صنعت میں محنت کی، انہیں دوبارہ روزگار کے مواقع میں کیوں نظر انداز کیا جا رہا ہے؟ یہ وہ مزدور ہیں جنہوں نے اپنی جوانی کے قیمتی سال صنعت کو دیئے، مشکل حالات میں کام کیا اور اپنی محنت سے ادارے کا پہیہ چلانے میں کردار ادا کیا۔ آج اگر وہی تجربہ کار لوگ روزگار کے لیے پریشان ہیں تو یہ صرف ایک ملازمت کا مسئلہ نہیں بلکہ ان کے گھروں کے چولہے، بچوں کی تعلیم اور پورے خاندان کے مستقبل کا مسئلہ ہے۔ اس کے ساتھ ایک اور اہم سوال یہ بھی ہے کہ جن سابقہ ملازمین کے حساب کتاب، واجبات اور فائنل سیٹلمنٹ مکمل نہیں ہوئے، ان کے معاملات کب اور کس طریقہ کار کے تحت حل کیے جائیں گے؟

اوتھل، کوئٹہ کے سینئر صحافی نصیر احمد کاکڑ پر حملے کیخلاف اوتھل کے صحافی احتجاج کر رہے ہیں

مریم نواز: گرانفروشی، ذخیرہ اندوزی کے معاملے میں بلاامتیاز کارروائی کی جائے

جدید اور اعلیٰ ترین گرین الیکٹرو بس پنجاب کے دور دراز علاقوں میں پہلے شروع ہوئی، لاہور میں بعد میں آئی

کینسر کے علاج کیلئے چین سے لائی مشین کوابلیشن مشین میو ہسپتال لاہور کے بعد ملتان میں لگائی گئی اور علاج بھی شروع ہے

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے ملتان کے ارکان اسمبلی اور ٹکٹ ہولڈرز نے ملاقات کی۔ جس میں ارکان اسمبلی اور ٹکٹ ہولڈرز نے عوامی مسائل کے حل کے لئے تجاویز اور سفارشات پیش کیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ارکان اسمبلی کی تجاویز نوٹ کیں اور ضروری اقدامات کا حکم دیا۔ ضلع ملتان کے ارکان اسمبلی اور ٹکٹ ہولڈرز نے ملتان کے ترقیاتی پراجیکٹس پر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا شکریہ ادا کیا۔ ارکان اسمبلی نے ریکارڈ مدت میں جلالپور پیر والا اور نوراجہ بھٹہ فلڈ بند کی تعمیر پر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو خراج تحسین پیش کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے شجاع آباد اور خان گڑھ کے درمیان چناب پل بنانے کی تجویز پر اتفاق کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے جیل منتقل کر کے عوامی پارک بنانے کی تجویز کا جائزہ لینے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے خانیوال روڈ کی وسعت اور ری ڈیزائننگ کا حکم دے دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ارکان اسمبلی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اب ترقی کا فوکس کوئی ایک شہر نہیں بلکہ پنجاب کے 41 اضلاع ہیں۔ گرین بس پنجاب کے دور دراز علاقوں میں پہلے شروع ہوئی اور لاہور میں بعد میں آئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب میں پہلی مرتبہ آبادی کے تناسب سے ڈویلپمنٹ پراجیکٹ کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کینسر کی کوابلیشن مشین میو ہسپتال لاہور کے بعد جنوبی پنجاب کے سب سے بڑے شہر ملتان میں لگائی گئی اور کینسر کے مریضوں کا علاج بھی شروع کر دیا گیا ہے۔ چائنہ سے لائی ہوئی کوابلیشن مشین کے ذریعے ملتان ہی نہیں بلکہ دیگر صوبوں کے کینسر مریض بھی بغیر سرجری علاج سے مستفید ہوں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ہدایت کی کہ ارکان اسمبلی کو متعلقہ حلقوں میں ترقیاتی پراجیکٹ کی تکمیل تک شامل رکھا جائے۔ ارکان اسمبلی نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے ساتھ ہیں اور ہمیشہ ساتھ کھڑے رہیں گے، ترقی میں باقی صوبے پیچھے رہ گئے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے واضح لیڈ لے لی۔ پنجاب ترقی کی سب سے بڑی مثال بن کر سامنے آیا ہے۔ مریم نواز شریف بہادر باپ کی جرات مند بیٹی ہیں، امن وامان کے لئے شاندار اقدامات کیے، ترقی کے ثمرات عوام تک پہنچنے شروع ہو چکے ہیں۔ تاریخ میں پہلی مرتبہ عوام کے لئے اتنے بڑے بڑے کام ہوئے مثال نہیں ملتی۔ سیلاب کے دوران وزیراعلیٰ، سینئر وزیر اور دیگر وزراء مکمل بحالی تک عوام کے درمیان موجود رہے۔ قبضہ گروپوں کے خاتمے کے لئے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے جرات مندانہ فیصلے کیے۔

حسن سردار احمد خان نیازی کے احکامات پر منشیات فروش ملزمان کے خلاف زبردست کارروائیاں

منشیات فروش ملزم انصاف نوناری کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے دو کلو گرام بھنگ برآمد کر کے مقدمہ کر لیا

شہدادکوٹ (رپورٹ: شبیر کمبوہ) ایس ایس پی قمبر شہدادکوٹ حسن سردار احمد خان نیازی کے احکامات پر منشیات فروش ملزمان کے خلاف زبردست کارروائیاں تین منشیات فروش ملزمان گرفتار چرس اور بھنگ برآمد مقدمات درج ایس ایچ او تھانہ نصیر آباد سب انسپکٹر راؤ فیاض احمد بمع اسٹاف کی دوران گشت واٹر سپلا سے کارروائی! منشیات فروش ملزم انصاف نوناری کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے دو کلو گرام بھنگ برآمد کر کے مقدمہ کر لیا دوسری کارروائی میں ایس ایچ او تھانہ میرو خان انسپکٹر شفقت حسین کنا سرو بمع اسٹاف نے دوران گشت میرو خان ٹو قمبر روڈ سے کارروائی میں منشیات فروش ملزم احمد علی عرف بخشل بلیدی کو (1100) گرام چرس سمیت گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا ہے تیسری کارروائی میں ایس ایچ او تھانہ بہرام انسپکٹر مختیار احمد مگسی بمع اسٹاف کی دوران گشت قمبر ٹو شہدادکوٹ روڈ سے کارروائی میں منشیات فروش ملزم عبدالقدیر چتو جو کو (7680) گرام بھنگ سمیت گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا ہے جب کہ گرفتار منشیات فروش ملزمان سے مزید تفتیش کی جا رہی ہے۔

کندھ کوٹ، دو جریب زمین نہ دینے پر بیٹے نے باپ کو قتل کر دیا

کندھ کوٹ (این این آئی) دو جریب زمین کا حصہ نہ دینے پر سنگدل بیٹے نے فائرنگ کر کے اپنے والد کو قتل کر دیا، پولیس نے واقعے کے ایک روز بعد کارروائی کرتے ہوئے ملزم عبدالعلی بھنگوار کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق کندھ کوٹ میں پیش آنے والے واقعے کا ایس ایس پی محمد مراد گھانگھرو نے نوٹس لیا، جس کے بعد بی سیکشن پولیس نے کارروائی کر کے ملزم کو گرفتار کیا۔ پولیس حکام نے کہا کہ ملزم نے دوران تفتیش اپنے والد محمد حیات بھنگوار کے قتل کا اعتراف کیا

سوراب، اسسٹنٹ کمشنر محمد طحہٰ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چچ می ٹرافی انڈر 15-انٹر زونل کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل

زون چھ وائٹس اور زون دو وائٹس کے درمیان منگل کو کھیلا جائے گا

کراچی (اسپورٹس رپورٹر) ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے زیر اہتمام میڈی کیم گروپ آف کمپنیز کے تعاون سے منعقد کردہ آر سی اے ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے پہلے مرحلے چچ می ٹرافی انڈر 15-انٹر زونل کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل زون چھ وائٹس اور زون دو وائٹس کے درمیان بروز منگل 22 ستمبر کو زون چھ وائٹس اور زون دو وائٹس کے درمیان کے سی سی اے اسٹیڈیم پر کھیلا جائے گا۔ اس موقع پر جناب ظفر ریاض باری ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن اینڈ ایکسٹرنل افیئرز میڈی کیم گروپ آف کمپنیز مہمان خصوصی ہونگے اور میچ کے اختتام پر کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کرینگے جبکہ علی حسین سیکرٹری آر سی اے کراچی تقریب کی صدارت کے فرائض انجام دیں گے۔ دونوں ٹیموں کا اعلان مندرجہ ذیل کھلاڑیوں میں سے میچ سے قبل کیا جائے گا۔

فلائی جناح کی کراچی سے ریاض براہ راست پروازیں شروع

کراچی (این این آئی) فلائی جناح نے کراچی سے سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض کے لیے براہ راست پروازوں کا آغاز کر دیا، پہلی پرواز 146 مسافروں کو لے کر جمعہ کی شب کراچی سے ریاض روانہ ہوئی۔ پرواز کی روانگی سے قبل کراچی ایئرپورٹ کے لاؤنج میں افتتاحی تقریب منعقد ہوئی، جس میں کیک بھی کاٹا گیا۔

لاہور میں نیشنل یوتھ پیس فیسٹیول کا انعقاد بلوچستان سے وانگ کے نوجوانوں کی نمائندگی

نیشنل بینک سوراب برانچ میں مبینہ رکاوٹیں، بلدیاتی امور متاثر ہونے کا خدشہ

یونین کونسلز کے ترقیاتی منصوبے اور عوامی فلاح و بہبود کے امور متاثر ہونے کا خدشہ ہے

سوراب (نامہ نگار) ضلع سکندر آباد سوراب کے مختلف یونین کونسلز کے چیئرمینز نے نیشنل بینک آف پاکستان سوراب برانچ کے ایک اہلکار کے مبینہ غیر ضروری اعتراضات اور رکاوٹوں کے باعث بلدیاتی امور اور ترقیاتی سرگرمیوں میں مشکلات پیدا ہونے پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ یوسی چیئرمینز کے مطابق محکمہ بلدیات کے قواعد وضوابط کے تحت ضروری کارروائی مکمل ہونے کے باوجود فنڈز کے اجرا میں مبینہ تاخیر کی جا رہی ہے، جس کے باعث یونین کونسلز کے ترقیاتی منصوبے اور عوامی فلاح و بہبود کے امور متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ متعلقہ اہلکار مبینہ طور پر طے شدہ بینک طریقہ کار کے بجائے اپنی تشریح اور شرائط پر اصرار کر رہا ہے، جس سے بلدیاتی نمائندوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ یوسی چیئرمینز نے نیشنل بینک کے ریجنل اور اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ معاملے کی فوری، شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں اور حقائق سامنے لا کر فنڈز کے اجرا میں حائل رکاوٹیں دور کی جائیں۔ بلدیاتی نمائندوں نے خبردار کیا کہ اگر مسئلے کا فوری حل نہ نکالا گیا تو وہ کونسلرز کے ہمراہ نیشنل بینک سوراب برانچ کے سامنے احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ عوامی مفاد کے ترقیاتی منصوبوں میں مزید تاخیر قابل قبول نہیں۔

گھوڑاباری کے پریمی جوڑے کی تحفظ فراہم کرنے کی اپیل

اپنے شوہر اور سسرالی رشتہ داروں سمیت نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے، مسمات صغرا دختر میر محمد مانجریو ملاح

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) تعلقہ گھوڑاباری کے پسند کی شادی کرنے والے جوڑے نے سجاول میں نکاح کرنے کے بعد ٹھٹھہ پہنچ کر تحفظ فراہم کرنے کی اپیل کی ہے۔ اس سلسلے میں تعلقہ گھوڑاباری کے گاں وکیو مانجریو ملاح کی رہائشی مسمات صغرا دختر میر محمد مانجریو ملاح نے اپنے شوہر شبیر احمد ولد محمد قاسم مانجریو ملاح کے ہمراہ ٹھٹھہ پہنچ کر صحافیوں کے سامنے فریاد کرتے ہوئے کہا کہ اس نے اپنی مرضی سے تین روز قبل، 16 ستمبر کو شبیر احمد مانجریو ملاح کے ساتھ نکاح کیا ہے، جس پر وہ خوش ہے۔ مسمات صغرا نے کہا کہ اسے کسی نے ورغلا کر یا اغوا نہیں کیا، بلکہ اس نے اپنی آزاد مرضی سے شادی کی ہے۔ تاہم اب اس کے رشتہ دار، جن میں اس کا والد میر محمد، علو، خدابخش، امین، رضو، انزاریو، محرم، آچار، اسماعیل، غازی مانجریو ملاح اور دیگر شامل ہیں، اس کے اور اس کے شوہر کے جان کے دشمن بن گئے ہیں اور انہیں جان سے مارنے کی دھمکیاں دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انہیں اپنے شوہر اور سسرالی رشتہ داروں سمیت نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔ مسمات صغرا نے ایس ایس پی ٹھٹھہ، سیشن جج ٹھٹھہ، ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ سمیت تمام متعلقہ حکام سے اپیل کی کہ انہیں تحفظ فراہم کیا جائے۔

ٹھیکیداروں کا میونسپل چیئرمین خلاف میونسپل آفس میں احتجاجی مظاہرہ

آج 19 ستمبر کو میونسپل انتظامیہ کو ٹھیکوں کی اوپن نیلامی کرانی تھی

شہدادکوٹ (رپورٹ: شبیر کمبوہ) شہدادکوٹ میونسپل کمیٹی کے سالانہ ٹھیکوں کی اوپن نیلامی نہ کرنے پر ٹھیکیداروں نے میونسپل چیئرمین خلاف میونسپل آفس میں احتجاجی مظاہرہ کر کے ٹھیکوں کی اوپن نیلامی کرنے کی نعرہ بازی کی۔ گورنمنٹ لطیف کنٹریکٹر ایسوسی ایشن قمبر شہدادکوٹ کے رہنماؤں سہیل نظیر مگسی سراج احمد چانڈیو میر حسن مگسی زاہد پرویز کمبوہ نادر مگسی آصف مگسی گل حسن مگسی زوہیب نظیر مگسی اور دیگر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میونسپل کمیٹی کے سالانہ ٹھیکوں کی نیلامی ماہ جون میں کرنی تھی لیکن میونسپل چیئرمین یار محمد سومرو نے نیلامی کو کینسل کر دیا جس کے بعد ہم ٹھیکیداروں نے لاڑکانہ ہائی کورٹ میں پٹیشن داخل کی جس پر ہائی کورٹ لاڑکانہ نے ایک حکم نامہ جاری کیا جس کے مطابق آج 19 ستمبر کو میونسپل انتظامیہ کو ٹھیکوں کی اوپن نیلامی کرانی تھی اور آج تمام ٹھیکیدار میونسپل آفس پہنچے جہاں میونسپل سی ایم او بھی آئے

کراچی پولیس نے منشیات فروشی میں ملوث پنکی 2 گینگ پکڑ لیا

کراچی (اے ایف بی) کراچی کے ڈسٹرکٹ کورنگی پولیس نے لانڈھی میں کارروائی کر کے منشیات کی ترسیل کا بڑا نیٹ ورک بے نقاب کرتے ہوئے منشیات کی اسمگلنگ اور ملک میں ترسیل میں ملوث گروہ کے 2 اہم دیور بھابی گرفتار کر لیا جن کے قبضے سے 25 کروڑ مالیت سے زائد کی آئس برآمد ہوئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی ایسٹ ڈاکٹر فرخ علی نے ایس ایس پی کورنگی فدا حسین جانوری کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے بتایا

نئے سگنلز کی تنصیب اور ٹریفک کی روانی بہتر بنانے کے حوالے سے اجلاس

اجلاس میں وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر ٹریفک نظام کی بہتری کے لیے جاری اقدامات کا جائزہ لیا گیا

ملتان (نمائندہ بولان) کمشنر عامر کریم خاں کی زیر صدارت شہر میں ٹریفک سگنلز کی بحالی، نئے سگنلز کی تنصیب اور ٹریفک کی روانی بہتر بنانے کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر ٹریفک نظام کی بہتری کے لیے جاری اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سی پی او صادق ڈوگر، ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر فیصل سلیم، ڈی جی ایم ڈی اے راشد ارشاد، چوہدری مبشر حسن کمبوہ اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ چوک نمبر 9، ناردرن بائی پاس اور عیدگاہ چوک کے ٹریفک سگنلز فعال ہیں، جبکہ نواں شہر چوک کے سگنلز کی بحالی کے اقدامات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ شہر کے دیگر اہم چوکوں پر ٹریفک کے مسائل حل کرنے کے لیے مختلف تجاویز زیر غور آئیں۔ رضا آباد چوک اور چونگی نمبر 1 پر ٹریفک کی روانی بہتر بنانے کے لیے سلپ روڈز کی تعمیر اور اراضی کے حصول کی تجاویز پر غور کیا گیا، جبکہ ایس پی چوک کی ری انجینئرنگ کے لیے روشن ٹریفک سگنلز، مرکزی ڈیوائیڈر اور اپروچ روڈز کی بہتری کی تجویز پیش کی گئی۔ قذافی چوک اور لاری اڈا چوک پر ٹریفک کے دباؤ میں کمی کے لیے متبادل ٹریفک انجینئرنگ حل پر بھی غور کیا گیا۔ کمشنر عامر کریم خاں نے طارق روڈ، ایم پی ایس چوک اور دیگر اہم مقامات پر ٹریفک مسائل کے حل کے لیے مشترکہ سروے اور فزیبلٹی تیار کرنے کی ہدایت کی۔

پی ٹی آئی کے لانگ مارچ میں شرکت کرنے والے افسران اور اہلکاروں کیخلاف کارروائی ہوگی، آئی جی کے پی

پشاور (اے ایف بی) پاکستان تحریک انصاف کے اسلام آباد لانگ مارچ کے پیش نظر خیبر پختونخوا پولیس نے صوبے کے تمام پولیس یونٹس، کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر پشاور، ریجنل پولیس افسران اور ضلعی پولیس افسران کو عدالتی احکامات پر سختی سے عملدرآمد کی ہدایت کر دی ہے۔ آئی جی خیبر پختونخوا پولیس کے دفتر سے گزشتہ روز جاری مراسلے میں کہا گیا ہے کہ کسی بھی سرکاری افسر یا اہلکار کو اسلام آباد کی جانب جانے والے کسی مارچ، ریلی یا جلوس میں مدد یا سہولت فراہم کرنے کے لیے کسی کے حکم کا پابند نہیں کیا جائے گا

لاہور میں نیشنل یوتھ پیس فیسٹیول کا انعقاد بلوچستان سے وانگ کے نوجوانوں کی نمائندگی

وانگ کے نمائندگان نے بھی فیسٹیول میں شرکت کرتے ہوئے مختلف سیشنز میں حصہ لیا

بیلہ (نمائندہ بولان) لاہور میں نیشنل یوتھ پیس فیسٹیول کا انعقاد بلوچستان سے وانگ کے نوجوانوں کی نمائندگی کی تفصیلات کے مطابق لاہور کی مقامی ہوٹل میں منعقدہ سولہویں نیشنل یوتھ پیس فیسٹیول میں بلوچستان سے وانگ کے ممبران اعتزاز احمد اور افراز قادر نے شرکت کی اس دو روزہ یوتھ فیسٹیول میں ملک بھر سے نوجوانوں نے شرکت کی جو کہ چانان ڈویلپمنٹ ایسوسی ایشن نے زیر اہتمام منعقد ہوا جہاں نوجوانوں کی ترقی، مواقع اور چیلنجز، مصنوعی ذہانت (AI)، تعلیم اور دیگر اہم موضوعات پر گفتگو اور مختلف سرگرمیوں کا انعقاد کیا گیا۔ فیسٹیول کا مقصد نوجوانوں کو مختلف شعبوں میں درپیش مسائل، مواقع اور مستقبل کے امکانات سے آگاہ کرنا اور انہیں مثبت کردار ادا کرنے کے لیے پلیٹ فارم فراہم کرنا تھا۔ وانگ کے نمائندگان نے بھی فیسٹیول میں شرکت کرتے ہوئے مختلف سیشنز میں حصہ لیا اور دیگر نوجوانوں کے ساتھ اپنے خیالات کا تبادلہ کیا۔

ڈھاڈر، سیکرٹری آر ٹی اے بلوچستان کی ہدایت پر آر ٹی اے اور ٹریفک پولیس کچھی بغیر پرمٹ اور اوورلوڈنگ کرنے والی گاڑیوں کیخلاف کارروائی کر رہے ہیں

ڈکی، ڈپٹی کمشنر ڈکی فضل الرحمان کبدانی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کمیٹی کے ماہانہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ضلع ملتان میں 3 روزہ خصوصی قومی پولیو مہم 21 ستمبر سے شروع ہوگی

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز محسن نثار نے شہباز شریف ہسپتال میں پولیو مہم کا افتتاح کیا

ملتان (نمائندہ بولان) ضلع ملتان میں 3 روزہ خصوصی قومی پولیو مہم 21 ستمبر سے شروع ہوگی، جس کے سلسلے میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز محسن نثار نے شہباز شریف ہسپتال میں پولیو مہم کا افتتاح کیا اور بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ضلع ملتان میں 21 تا 24 ستمبر جاری رہنے والی خصوصی پولیو مہم کے دوران پانچ سال تک عمر کے ہر بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ مہم کے دوران مجموعی طور پر 4 ہزار 399 ٹیمیں فرائض سرانجام دیں گی، جن میں 4 ہزار 21 موبائل، 230 فکسڈ اور 148 ٹرانزٹ ٹیمیں شامل ہیں، جبکہ 833 ایریا انچارجز اور 135 یونین کونسل میڈیکل آفیسرز پولیو مہم کی نگرانی کریں گے۔ پولیو ٹیمیں گھر گھر جا کر بچوں کو قطرے پلانے کے ساتھ جنرل بس اسٹینڈ، ویگن اسٹینڈ اور دیگر اہم مقامات پر بھی خصوصی ٹیمیں تعینات کریں گی۔

ملکانی شریف میں نہری پانی کی قلت کے خلاف آبادگاروں کا احتجاجی دھرنا دے کر سڑک بلاک کر رکھی ہے۔

پنگریو کے قریب 17 سالہ نوجوان سے مبینہ بدفعلی

ویڈیو بنا کر ہراساں کرنے کا الزام، والدین کا احتجاج، ملزم کو گرفتار کرنے کا مطالبہ

بدین (نامہ نگار) پنگریو کے قریب گاں اسلم جٹ میں 17 سالہ نوجوان نے ایک شخص پر مبینہ طور پر نشہ آور چائے پلا کر بدفعلی کرنے، ویڈیو بنانے اور بعد ازاں ویڈیو مختلف افراد کو بھیج کر ہراساں وبدنام کرنے کا الزام عائد کیا ہے۔ متاثرہ نوجوان سوائی ولد وشنو بھیل، ماں اور دیگر رشتے داروں احتجاج کرتے ہوئے نے میڈیا کو بتایا کہ گاں کے رہائشی شمشیر ولد بخشو چانڈیو نے مبینہ طور پر اسے بہانے سے اپنی اوطاق پر بلایا، جہاں اسے نشہ آور چائے پلانے کے بعد مبینہ طور پر بدفعلی کی گئی اور اس کی ویڈیو بھی ریکارڈ کی گئی۔ نوجوان کے مطابق مذکورہ ویڈیو مختلف افراد کو بھیجی جا رہی ہے، جبکہ اسے مبینہ طور پر مختلف طریقوں سے ہراساں اور بدنام کیا جا رہا ہے۔ متاثرہ نوجوان کا کہنا ہے کہ اس نے مبینہ ویڈیو پولیس کو بھی فراہم کی، تاہم اس کے بقول پولیس کی جانب سے تاحال مؤثر کارروائی نہیں کی گئی۔ متاثرہ نوجوان اور اس کے اہل خانہ نے مزید الزام عائد کیا کہ مبینہ طور پر ملزم بااثر ہونے کے باعث انہیں خاموش رہنے کے لیے دھمکیاں بھی دی جا رہی ہیں، جس کے باعث وہ خوف و ہراس میں مبتلا ہیں۔ متاثرہ نوجوان اور اس کے والدین نے چیف جسٹس آف سندھ، آئی جی سندھ، ڈی آئی جی حیدرآباد اور ایس ایس پی بدین سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کی شفاف تحقیقات کر کے مبینہ طور پر ملوث شخص کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے اور انہیں تحفظ فراہم کیا جائے۔

سندھ کے تمام اسکولوں کا فائر سیفٹی آڈٹ کرانے کا فیصلہ

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت نے صوبے کے تمام اسکولوں کی عمارتوں کا فائر سیفٹی آڈٹ کرانے کا فیصلہ کر لیا۔ محکمہ اسکول تعلیم کے مطابق صوبے کے تمام اسکولوں کا فائر سیفٹی آڈٹ کرا کے اس کا ڈیٹا مرتب کیا جائے گا، جبکہ آڈٹ شدہ اسکولوں کا مکمل ڈیٹا صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے صفحے پر اپ لوڈ کیا جائے گا۔ محکمہ اسکول تعلیم نے فائر سیفٹی آڈٹ کے امور میں رابطہ کاری کے لیے ڈپٹی سیکریٹری اشرف حسین انصاری کو فوکل پرسن مقرر کر دیا ہے۔

ملزم جرائم میں استعمال کی گئی پسٹل اور کرسٹل آئس سمیت زخمی حالت میں گرفتار

گرفتار زخمی ملزم کو علاج کے لئے رورل ہیلتھ سینٹر گھارو منتقل کر دیا گیا ہے

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) پولیس مقابلے کے دوران منشیات فروشی) کرسٹل آئس ڈیلر (ملزم جرائم میں استعمال کی گئی پسٹل اور کرسٹل آئس سمیت زخمی حالت میں گرفتار ایس ایس پی ٹھٹھہ عدیل حسین چانڈیو کی ہدایات پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ایس ایچ او تھانہ گھارو سب انسپکٹر فدا خاصخیلی بمعہ اسٹاف نے دوران گشت تھانہ گھارو کی حدود گوٹھ جعفر جوکھیو لنک روڈ پر پولیس اور ملزمان کی فائرنگ میں ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا۔ گرفتار زخمی ملزم کی شناخت بدنام زمانہ منشیات فروش شمشاد ولد ناصر جوکھیو رہائشی نئی آبادی گھارو کے طور پر ہوئی۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق زخمی حالت میں گرفتار ملزم تھانہ گھارو سمیت دیگر علاقوں میں منشیات فروشی (کرسٹل آئس) جیسے جرائم کی متعدد وارداتوں میں ملوث ہے۔ گرفتار زخمی ملزم تھانہ گھارو پر پولیس فرائض میں مداخلت کے مقدمے میں مطلوب تھا

حیدرآباد بورڈ کے بارہویں کے سالانہ امتحانات کے نتائج جاری

حیدرآباد (این این آئی) تعلیمی بورڈ حیدرآباد نے بارہویں جماعت کے سالانہ امتحانات 2026 کے پری انجینئرنگ اور کمپیوٹر سائنس گروپ کے نتائج کا اعلان کر دیا۔ بورڈ کے جاری کردہ نتائج کے مطابق پری انجینئرنگ گروپ کے امتحان میں 12 ہزار 959 امیدواروں نے شرکت کی، جن میں سے 11 ہزار 888 امیدوار کامیاب قرار پائے۔

سجاول کے قریب کارو ماچھی گاں میں تعلیم اور بنیادی سہولیات کا بحران

اسکول کی عمارت کی چھت بھی کمزور اور خستہ ہو چکی ہے، جس کے باعث معصوم بچوں کی جان وسلامتی کے حوالے سے شدید خدشات پائے جاتے ہیں

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) سجاول کے قریب کارو ماچھی گاں میں تعلیم اور بنیادی سہولیات کا بحران، سرکاری اسکول برسوں سے غیر فعال، سڑک بھی تعمیر نہ ہو سکی سجاول کے قریب گاں کارو ماچھی کے مکینوں نے سرکاری اسکول برسوں سے غیر فعال ہونے، اسکول کی عمارت خستہ حالی کا شکار ہونے، فرنیچر کی کمی اور سڑک تعمیر نہ ہونے کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ گاں کے رہائشی غلام حسین ملاح، محمد موسیٰ، انور ملاح، عاشق ملاح، مائرہ، دعا، شاہنواز ملاح، گل محمد ملاح، علی محمد ملاح اور دیگر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گاں کارو ماچھی میں سرکاری اسکول سال 2003 میں منظور کیا گیا تھا، تاہم افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ آج تک اسکول باقاعدہ طور پر فعال نہیں ہو سکا۔ ان کا کہنا تھا کہ اسکول کی عمارت کی چھت بھی کمزور اور خستہ ہو چکی ہے، جس کے باعث معصوم بچوں کی جان وسلامتی کے حوالے سے شدید خدشات پائے جاتے ہیں۔ مکینوں کے مطابق گاں میں تقریباً 150 بچے تعلیم حاصل کرنے کی عمر میں ہیں، لیکن اسکول میں مناسب فرنیچر اور دیگر بنیادی سہولیات نہ ہونے کے باعث بچے تعلیم سے محروم ہیں۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ اسکول میں تعینات استاد عمر لوہار بھی باقاعدگی سے اسکول نہیں آتے، جس کے باعث تعلیمی نظام متاثر ہو رہا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ استاد کی حاضری یقینی بنا کر بچوں کو باقاعدہ تعلیم کی سہولت فراہم کی جائے۔ گاں والوں نے وزیر تعلیم، سجاول کے ایس ڈی او تعلیم اور دیگر متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ اسکول کی خستہ حال عمارت کی فوری مرمت کرائی جائے، نیا فرنیچر فراہم کیا جائے، استاد کی باقاعدہ حاضری یقینی بنائی جائے اور گاں کے بچوں کے لیے تعلیم کا بند دروازہ کھولا جائے۔ دوسری جانب مکینوں کا کہنا تھا کہ کارو ماچھی گاں کے لیے تقریباً دس سال قبل سڑک کی منظوری دی گئی تھی، تاہم آج تک سڑک تعمیر نہیں ہو سکی۔ ان کا الزام ہے کہ سڑک کی تعمیر کے لیے منظور شدہ رقم خرچ ہونے کے باوجود عملی طور پر سڑک کا مسئلہ حل نہیں کیا گیا، جس کے باعث گاں کے مکین شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ مکینوں نے مزید کہا کہ سڑک نہ ہونے کے باعث مریضوں کو اسپتال منتقل کرنے میں شدید دشواری پیش آتی ہے اور ہنگامی حالات میں بروقت طبی امداد تک پہنچنا بھی مشکل ہو جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی اور آمد ورفت کے مسائل نے گاں کے رہائشیوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ کارو ماچھی گاں کے رہائشیوں نے سندھ حکومت، ضلعی انتظامیہ، محکمہ تعلیم اور محکمہ روڈز کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا

پاکستان سمیت دنیا بھر میں آج عالمی یوم صفائی منایا جائے گا

پنگریو (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یومِ صفائی آج (20 ستمبر) منایا جائے گا، جس کا مقصد صفائی ستھرائی، کچرے کے بہتر انتظام، ماحولیاتی تحفظ اور پائیدار ترقی کے لیے اجتماعی اقدامات کو فروغ دینا ہے۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے 8 دسمبر 2023 کو قرارداد 78/122 کے ذریعے ہر سال 20 ستمبر کو عالمی یومِ صفائی منانے کا فیصلہ کیا تھا، جبکہ اس دن کی عالمی سرگرمیوں میں اقوام متحدہ کا ادارہ برائے انسانی آبادکاری معاونت کرتا ہے

وزیر اطلاعات پنجاب کا سینئر سٹیج اداکار آصف اقبال کے انتقال پر اظہار افسوس

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے سینئر سٹیج اداکار آصف اقبال کے ہارٹ اٹیک کے باعث انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں عظمیٰ بخاری نے کہا کہ سینئر سٹیج اداکار آصف اقبال کا انتقال ان کے اہلخانہ کے لیے بہت بڑا صدمہ ہے

درگاہ حضرت سید امیر شاہ جیلانی، کا عرس نہایت عقیدت واحترام سے جاری

عرس کی تقریبات درگاہ کے خادم غلام قادر جوکھیو اور ان کے فرزند حافظ صدام حسین جوکھیو کی نگرانی میں منعقد کی جا رہی ہیں

ٹھٹھہ: (نمائندہ بولان) رپورٹ واحد شورو جنگ شاہی کے قریب واقع درگاہ حضرت سید امیر شاہ جیلانی، جو پیرانِ پیر حضرت عبدالقادر جیلانی کے پڑپوتے بتائے جاتے ہیں، کا تین روزہ سالانہ عرس مبارک گجو شہر سے 8 کلومیٹر دور جنگشاہی روڈ پر واقع ان کے مزار پر نہایت عقیدت واحترام سے جاری ہے۔ عرس کی تقریبات درگاہ کے خادم غلام قادر جوکھیو اور ان کے فرزند حافظ صدام حسین جوکھیو کی نگرانی میں منعقد کی جا رہی ہیں۔ اس سلسلے میں مولوی محمد یامین جماری، حافظ صدام حسین جوکھیو اور حافظ احمد رضا جماری کی جانب سے درگاہ کے احاطے میں محفلِ وعظ کا اہتمام کیا گیا، جس میں مقررین نے ایک اللہ تعالیٰ اور اس کے آخری نبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی تعلیمات کے مطابق زندگی گزارنے کی تلقین کی۔ اس موقع پر پانچ وقت نماز کی پابندی، غریب اور مستحق افراد کی مدد کرنے کی ہدایت بھی کی گئی۔ محفل کے اختتام پر ملک کی سلامتی، خوشحالی اور امن وامان کے لیے خصوصی دعائیں مانگی گئیں، جبکہ مسلم ممالک کے سربراہان سے مطالبہ کیا گیا کہ فلسطین، کشمیر اور دیگر مسلم ممالک میں مسلمانوں پر ہونے والے ظلم وزیادتی کا خاتمہ کروا کر انہیں آزادانہ اور باعزت زندگی گزارنے کا حق دیا جائے۔ اس موقع پر نعت خواں محمد حنیف حسینی نے نعتِ رسولِ مقبول ﷺ پیش کرنے کی سعادت حاصل کی۔

لورالائی، اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم ہسپتال کارڈیولوجی میں وارڈ میں مختلف شعبوں کا معائنہ کر رہے ہیں

ملتان، کمشنر ملتان ڈویژن عامر کریم خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پولیس ٹریننگ کالج ملتان میں رائٹ مینجمنٹ پولیس کورس کی پاسنگ آؤٹ پریڈ کا انعقاد

338 افسران واہلکاروں نے رائٹ مینجمنٹ پولیس کورس کی تربیت مکمل کر لی

ملتان (نمائندہ بولان) پولیس ٹریننگ کالج ملتان میں رائٹ مینجمنٹ پولیس کورس کی پاسنگ آؤٹ پریڈ کا انعقاد کیا گیا جس میں 338 افسران و اہلکاروں نے رائٹ مینجمنٹ پولیس کورس کی تربیت مکمل کر لی، کورس کے تحت کانسٹیبل سے سب انسپکٹر تک افسران و اہلکاروں کو رائٹ مینجمنٹ پولیس کی تربیت دی گئی۔ پاسنگ آؤٹ پریڈ کے مہمان خصوصی کمانڈنٹ وڈی آئی جی صادق علی ڈوگر نے کہا کہ رائٹ مینجمنٹ پولیس کسی بھی مظاہرے، فتنہ فساد اور پرتشدد حملے کی صورت میں فرنٹ لائن فورس ہے، سرکاری املاک کے تحفظ اور دنگا فساد کی روک تھام میں رائٹ مینجمنٹ پولیس کا کردار بہت اہمیت کا حامل ہے، ڈی آئی جی صادق علی ڈوگر نے مزید کہا کہ رائٹ مینجمنٹ پولیس کی پیشہ ورانہ تربیت انتہائی ضروری ہے، مل جل کر اپنے ملک کو پرامن رکھنا ہم سب کی مذہبی، سماجی واخلاقی ذمہ داری ہے، انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ رائٹ مینجمنٹ پولیس کورس کے دوران افسران واہلکاروں کو مختلف عملی تربیت فراہم کی گئی جس سے ان کی پیشہ ورانہ زندگی میں بہتری آئی ہے اور وہ ملک و قوم کی خدمت مزید بہتر انداز میں کر سکیں گے۔ پاسنگ آؤٹ پریڈ میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے اہلکاروں میں انعامات بھی تقسیم کیے گئے،

نصیر احمد کاکڑ پر ہونے والے حملے کے خلاف سٹی پریس کلب اوتھل کے سامنے احتجاجی مظاہرہ

نیشنل پریس کلب اوتھل کے صدر غلام قادر خاصخیلی، نائب صدر عبدالحفیظ دانش سمیت دیگر صحافیوں نے شرکت کی

اوتھل (پ ر) ڈویژن لسبیلہ کے ضلعی ہیڈ کوارٹر اوتھل میں کوئٹہ کے سینئر صحافی و یو این اے نیوز ایجنسی کے بیورو چیف نصیر احمد کاکڑ پر ہونے والے حملے کے خلاف سٹی پریس کلب اوتھل کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ احتجاجی مظاہرے کی قیادت یو این اے نیوز ایجنسی اوتھل کے رپورٹر اور سٹی پریس کلب اوتھل کے ڈپٹی جنرل سیکریٹری جاوید لاسی نے کی۔ احتجاجی مظاہرے میں سٹی پریس کلب اوتھل کے چیئرمین شفیق احمد چنہ، صدر عبدالغنی سومرو، نائب صدر خدابخش کے بی خاصخیلی، نیشنل پریس کلب اوتھل کے صدر غلام قادر خاصخیلی، نائب صدر عبدالحفیظ دانش سمیت دیگر صحافیوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر صحافیوں نے سینئر صحافی و یو این اے نیوز ایجنسی کے بیورو چیف نصیر احمد کاکڑ پر ہونے والے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ واقعے میں ملوث ملزمان کو فوری گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور صحافیوں کو مؤثر تحفظ فراہم کیا جائے۔ مظاہرین نے کہا کہ صحافیوں پر حملے آزادی صحافت پر حملے کے مترادف ہیں، ایسے واقعات کسی صورت قابل قبول نہیں۔ صحافی برادری اپنے ساتھی صحافیوں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

اوباڑو میں دوشیزہ کی موت خودکشی نہیں، قتل نکلی

اوباڑو (این این آئی) سندھ کے علاقے اوباڑو میں 18 سالہ لڑکی ثمینہ کی موت خودکشی نہیں بلکہ قتل ثابت ہوگئی، پولیس نے مقتولہ کے بھائی کو گرفتار کر کے اس کے مبینہ اعتراف جرم کے بعد واقعے کی مزید تحقیقات شروع کر دی۔ پولیس کے مطابق لانگھو کے علاقے میں ثمینہ کو اس کے بھائی اور چچازاد نے مبینہ طور پر غیرت کے نام پر قتل کیا اور واقعے کو خودکشی کا رنگ دینے کی کوشش کی۔ تفتیشی حکام کے مطابق تحقیقات کے دوران مقتولہ کے بھائی کو حراست میں لیا گیا،

قدیمی جامع مسجد مکلی شہید ہونے کا خطرہ بڑھ گیا

مسجد مکمل زبوں حالی کا شکار سول سوسائٹی اور مکلی کے شہریوں کا مسجد کی تعمیر کرانے کے لیے پرامن احتجاج

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) قدیمی جامع مسجد مکلی شہید ہونے کا خطرہ بڑھ گیا مسجد مکمل زبوں حالی کا شکار سول سوسائٹی اور مکلی کے شہریوں کا مسجد کی تعمیر کرانے کے لیے پرامن احتجاج جامع مسجد مکلی جو کہ قدیمی مسجد ہے جہاں روزانہ ہزاروں نمازی پانچ وقت کی نمازیں ادا کرتے ہیں اور اس مسجد میں عیدین کی بھی نمازیں ادا کی جاتی ہیں جامع مسجد مکلی مکمل طور پر زبوں حالی کا شکار ہو گئی ہے مسجد کے اندر کا پلاسٹر کئی دفعہ نمازیوں پر گر چکا ہے مسجد کا مینار بھی کسی وقت گر سکتا ہے جس سے کئی قیمتی جانوں کے ضائع ہونے کا خطرہ ہے مسجد کی زبوں حالی کے خلاف مکلی کے شہریوں سول سوسائٹی کے رہنماؤں محمد علی شر صالح خشک حسن خشک ستار سونگی گلاب لنڈ اور دیگر نے مسجد کے باہر ایک پرامن احتجاجی مظاہرہ کیا اس موقع پر مظاہرین نے کہا کہ جامع مسجد قدیمی مسجد ہے

ملکانی شریف میں نہری پانی کی قلت کے خلاف آبادگاروں کا احتجاج دھرنا

پانی کی قلت فوری طور پر ختم نہ کی گئی تو احتجاج کا دائرہ مزید وسیع کیا جائے گا

بدین (نامہ نگار) ٹنڈو باگو کے علاقے ملکانی شریف میں نہری پانی کی شدید قلت کے خلاف سندھ آبادگار تنظیم خیرپور گنبو کے زیر اہتمام آبادگاروں نے مسلسل دوسرے روز بھی احتجاجی دھرنا دے کر سڑک بلاک کر دی۔ احتجاج میں سندھ آبادگار تنظیم خیرپور گنبو کے صدر پیر فیاض حسین شاہ راشدی، ڈسٹرکٹ ممبر غلام نبی ملکانی، طارق محمود آرائیں، فوجی نذیر ملکانی، عبدالقیوم ملکانی، راشد ملکانی، لطف ملکانی، امتیاز ملکانی، خان ملکانی، رحیم بخش دلوانی، فتح علی دلوانی، رزاق دلوانی سمیت سینکڑوں آبادگاروں نے شرکت کی۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ فرحور ریگولیٹر سے نکلنے والی آٹھ شاخوں میں پانی کی شدید قلت کے باعث نہری ٹیل اور ساحلی علاقوں کے آبادگار سخت مشکلات کا شکار ہیں۔ جرکس، بنگار مائنز، کھوسکی، باگو، آئل پور، خیرپور سمیت دیگر شاخوں میں مطلوبہ مقدار میں پانی نہ پہنچنے سے فصلوں کو نقصان پہنچنے کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ آبادگاروں نے الزام عائد کیا کہ ملک بھر میں حالیہ بارشوں اور دریاں میں پانی کی دستیابی کے باوجود سندھ کے نہری نظام کے آخری سروں تک پانی نہیں پہنچ رہا، جس کی بڑی وجہ محکمہ آبپاشی کی مبینہ نااہلی، غفلت، ناقص تقسیم آب محکمہ آبپاشی کے افسران اور بااثر افراد کی مبینہ سرپرستی میں پانی کی چوری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پانی کی غیر منصفانہ تقسیم کا سب سے زیادہ نقصان نہری ٹیل اور ساحلی علاقوں کے چھوٹے آبادگاروں کو اٹھانا پڑ رہا ہے۔

کندھ کوٹ، قبائلی تنازع میں ایس ٹی پی کارکن قتل، انڈس ہائی وے پر دھرنا

کندھ کوٹ (این این آئی) بی سیکشن تھانے کی حدود میں دیرینہ قبائلی تنازع پر مسلح افراد نے سندھ ترقی پسند پارٹی کے کارکن ثناء اللہ سبزوئی کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا، واقعے کے خلاف مقتول کے ورثا اور ایس ٹی پی کارکنوں نے لاش انڈس ہائی وے گولا موڑ پر رکھ کر دو گھنٹے تک دھرنا دیا۔ تفصیلات کے مطابق گاؤں مختیار خان سہریانی میں سبزوئی برادری کے درمیان جاری دیرینہ تنازع کے باعث مسلح افراد نے بیٹھک میں بیٹھے ایس ٹی پی کارکن ثناء اللہ سبزوئی پر فائرنگ کر دی،

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان
حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون و فیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760
قیمت 20 روپے
اتوار 20 ستمبر 2026، بمطابق 7 ربیع الثانی 1448ھ

پی ٹی اے کے نام سے فون کال کے ذریعے نیا فراڈ، کئی شہریوں کے بینک اکاؤنٹس خالی

جعل سازوں کی شناخت میں درپیش تکنیکی رکاوٹیں تاحال اس عمل میں تاخیر کا سبب ہے، جعلی کالز اور سوشل میڈیا پروفائلز کے ذریعے فراڈ کا معاملہ حالیہ دنوں میں قومی اسمبلی تک جا پہنچا ہے

پی ٹی اے کا ایک بیان میں کہنا ہے کہ وہ اب تک ایسی 604 ویب سائٹس کو بلاک کر چکی ہے جو مالی دھوکہ دہی میں ملوث پائی گئی ہیں۔ جعلی پروفائلز کے خلاف مؤثر کارروائی کے لیے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کو ضابطے میں لانا ضروری ہے

اسلام آباد (بولان بیورو) اسلام آباد کے رہائشی محمد اسحاق گذشتہ ماہ ویک اینڈ پر اپنے گھر کی چھت پر دھوپ سینک رہے تھے کہ انہیں پی ٹی سی ایل نمبر سے ایک غیر متوقع کال موصول ہوئی۔ کالر نے خود کو پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کا نمائندہ ظاہر کرتے ہوئے دعوی کیا کہ ان کے فون نمبر کے خلاف ایک مصدقہ شکایت موصول ہوئی ہے۔ ساتھ ہی محمد اسحاق کو خبردار کیا گیا کہ اگر انہوں نے فوری طور پر اپنی معلومات فراہم نہ کیں تو ان کے نام پر رجسٹرڈ تمام سم کارڈز دو گھنٹوں کے اندر بلاک کر دیے جائیں گے۔ محمد اسحاق نے کال کرنے والے نمبر کی صداقت جانچنے کے لیے اسے گوگل پر تلاش کیا تو وہ واقعی ایک پی ٹی سی ایل نمبر ظاہر ہوا اور اسی بنا پر انہوں نے کال کو اصل سمجھا۔ اگلے چند لمحوں میں ان سے شناختی کارڈ نمبر سمیت دیگر حساس معلومات طلب کی گئیں اور پھر وہ ایک مالی دھوکہ دہی کا شکار بن گئے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ جعل ساز اب اداروں کا سہارا لے کر شہریوں کو خوف زدہ کرتے ہیں اور ان سے ایسی معلومات حاصل کر لیتے ہیں، جن کی مدد سے آن لائن بینک اکاؤنٹس اور ڈیجیٹل شناخت تک رسائی حاصل کی جا سکتی ہے۔ یہ سائبر حملے صرف عام شہریوں تک محدود نہیں رہے بلکہ اب ارکانِ پارلیمنٹ بھی ان کا شکار ہو رہے ہیں۔ جعلی کالز اور سوشل میڈیا پروفائلز کے ذریعے فراڈ کا معاملہ حالیہ دنوں میں قومی اسمبلی تک جا پہنچا ہے۔ قومی اسمبلی کے 15ویں اجلاس میں مسلم لیگ ن کے رکن اسمبلی انجم عقیل خان نے سوال اٹھایا کہ شہریوں کو جعل سازوں کی جانب سے دھوکہ دہی پر مبنی کالز موصول ہو رہی ہیں، ایسے میں متعلقہ ادارے کیا اقدامات کر رہے ہیں؟ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کی جانب سے شہریوں کو متعدد بار خبردار کیا جا چکا ہے کہ وہ کسی بھی مشکوک کال پر اپنی ذاتی معلومات ہرگز فراہم نہ کریں۔ حکام پی ٹی اے کے مطابق کوئی بھی سرکاری ادارہ فون کال یا میسج کے ذریعے شہریوں سے شناختی کارڈ، بینک اکاؤنٹ کی تفصیل یا او ٹی پی (ون ٹائم پاس ورڈ) جیسی معلومات طلب نہیں پی ٹی اے کا ایک بیان میں کہنا ہے کہ وہ اب تک ایسی 604 ویب سائٹس کو بلاک کر چکی ہے جو مالی دھوکہ دہی میں ملوث پائی گئی ہیں۔ جعلی پروفائلز کے خلاف مؤثر کارروائی کے لیے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کو ضابطے میں لانا ضروری ہے، تاہم جعل سازوں کی شناخت میں درپیش تکنیکی رکاوٹیں تاحال اس عمل میں تاخیر کا سبب ہے۔ سائبر سیکیورٹی کے ماہر محمد اسد الرحمان کہتے ہیں کہ جعل ساز جعلی کالز یا پیغامات کے ذریعے شہریوں سے او ٹی پی اور دیگر ذاتی معلومات حاصل کرتے ہیں اور انہیں مالی فراڈ کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ ان کے مطابق سوشل میڈیا پروفائلز ہیک کر کے کسی معروف شخصیت کے نام سے جعلی پروفائل بنا کر اس کے دوستوں اور اہلِ خانہ سے رقم طلب کی جاتی ہے۔ محمد اسد الرحمان نے سائبر حملوں سے بچاؤ کے طریقہ کار پر کہا کہ جب تک صارفین خود اپنی معلومات فراہم نہیں کرتے، کسی بھی سائبر حملہ آور کے لیے کامیاب ہونا ممکن نہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ شہری کسی بھی مشکوک کال، میسج یا پروفائل کو نظرانداز کریں اور فوری طور پر پی ٹی اے یا ایف آئی اے میں شکایت درج کروائیں۔

میٹرک امتحانات، مطالعہ پاکستان کے پرچے میں بھٹو سے متعلق سوال متنازع بن گیا

پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی احمد کریم کنڈی نے صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ میں توجہ دلاؤ نوٹس جمع کرا دیا

پشاور (این این آئی) پشاور میں جاری میٹرک امتحانات کے دوران مطالعہ پاکستان کے پرچے میں ذوالفقار علی بھٹو شہید کی تعلیمی پالیسی سے متعلق متنازع سوال کے خلاف پیپلز پارٹی میدان میں آ گئی، پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی احمد کریم کنڈی نے صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ میں توجہ دلاؤ نوٹس جمع کرا دیا، نوٹس میں کہا گیا ہے کہ صوبائی حکومت نے تعلیمی ایمرجنسی کا نعرہ لگاتے ہوئے یکساں نظام تعلیم کے نفاذ کا دعوی کیا تھا

اسلام آباد، وفاقی وزیر خالد مگسی سے پیپسی کو کا وفد ملاقات کے بعد یادگاری شیلڈ پیش کر رہا ہے

عوام کے مسائل اور مشکلات کا ادراک ہے، نور محمد دمڑ

نور محمد دمڑ ایک روزہ دورے پر اپنے حلقے زیارت پہنچے جہاں ان کا کلی کچھ، احمدون، گوگی، تنگئی اور دیگر علاقوں کے معتبرین اور معززین نے والہانہ اور شاندار طریقے سے استقبال کیا

صوبائی وزیر خوراک نور محمد دمڑ نے زیارت میں اپنے حلقے کے مختلف علاقوں میں جاری اسکیمات کا معائنہ کیا

زیارت (این این آئی) صوبائی وزیر خوراک نور محمد دمڑ ایک روزہ دورے پر اپنے حلقے زیارت پہنچے جہاں ان کا کلی کچھ، احمدون، گوگی، تنگئی اور دیگر علاقوں کے معتبرین اور معززین نے والہانہ اور شاندار طریقے سے استقبال کیا اس موقع پر صوبائی وزیر خوراک نور محمد دمڑ نے زیارت میں اپنے حلقے کے مختلف علاقوں میں جاری اسکیمات کا معائنہ کیا جبکہ لوگوں نے انہیں اپنے علاقے کے درپیش مسائل سے آگاہی فراہم کی جن میں غیر فعال ٹیوب ویل، بجلی لوڈشیڈنگ، سولر سسٹم، سڑکوں کی تعمیر، دور دراز علاقوں سے اسکولوں میں آنے والے طلباء کیلئے بسوں کا انتظام، غیر فعال اسکول اور بی ایچ یو اور دیگر پچھلے جاری اسکیمات کے تفصیلات سے آگاہ کیا جس پر صوبائی وزیر خوراک نے علاقے کے مسائل کو تفصیل سے سننے کے بعد انکو جلد حل کرنے کی مکمل یقین دہانی کرائی صوبائی وزیر خوراک نے معتبرین سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ آب نوشی کے غیر فعال ٹیوب ویلوں کو جلد از جلد فعال کرنے کیلئے ہر علاقے سے ایک کمیٹی بنائی جائے گی اور یہ کمیٹیاں ملکر بلا تعصب اور بلا رنگ و نسل اپنے علاقوں کیلئے ملکر کام کریں گی اور صوبائی حکومت کی جانب سے علاقے کے بند ٹیوب ویلوں کیلئے جو فنڈز مختص کی گئی ہے اس فنڈ کو اپنے علاقے کے بند ٹیوب ویلوں فعال کرنے میں ہماری مدد اور رہنمائی کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے مسائل اور مشکلات کا ادراک ہے لہذا ان مسائل اور مشکلات کے خاتمے کے لیے اجتماعی کوششیں کرنی ہوگیں۔ عوام کی خدمت بلا تفریق رنگ و نسل کرنا ہے۔ آب نوشی سمیت لوگوں کے دیگر تمام مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے۔ صوبائی وزیر خوراک نور محمد دمڑ نے زیارت کے مختلف علاقوں میں فوت ہونے والے لوگوں کے لواحقین سے فاتحہ خوانی، تعزیت اور اظہار ہمدردی کی اور فوت ہونے والے افراد کیلئے دعا کی کہ اللہ پاک انکے درجات کو بلند کریں اور لواحقین کو صبر و جمیل عطاء فرمائے۔

ایم کیو ایم اور اے این پی نے کراچی کے مسائل کو انتظامی قرار دیدیا

کچی شراب پی کر جاں بحق ہونے والوں کو معاوضہ دیا جاتا ہے، ڈمپرز سے ہونے والی ہلاکتوں پر کوئی سرکاری معاوضہ نہیں

ڈمپر گردی کے واقعات مہاجروں اور پختونوں کا مسئلہ نہیں بلکہ ایک انتظامی معاملہ ہے جسکے حل کے لئے حکومت غیر سنجیدہ ہے، سید مصطفیٰ کمال

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے مرکز بہادر آباد پر عوامی نیشنل پارٹی سندھ کے صدر شاہی سید نے وفد کے ہمراہ چیئرمین ایم کیو ایم ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی، سید مصطفیٰ کمال، ڈاکٹر فاروق ستار، انیس قائم خانی، سید امین الحق اور دیگر سے ملاقات کی، ملاقات کے بعد پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین ایم کیو ایم نے کہا کہ اس شہر کے حالات خراب کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، اس سازش کو ناکام بنانے اور شہر کی مختلف قومیتوں کے درمیان اتحاد و بھائی چارگی کے پرچار کے لئے آج عوامی نیشنل پارٹی سندھ کے صدر شاہی سید ایم کیو ایم کے مرکز تشریف لائے ہیں، ان کا مزید کہنا تھا ہم نے اسلام آباد میں بھی میڈیا کانفرنس کرتے ہوئے کہا تھا کہ ڈمپر اور ٹینکر سے کچل کر قتل ہونے والوں کی سندھ حکومت دادرسی کرے اگر ٹینکر ڈرائیور نشہ کرکے یا بغیر لائسنس سڑکوں پر دندناتا پھر رہا ہے تو یہ انتظامی نااہلی ہے، یہ سرکاری اداروں کی ذمہ داری ہے ہیوی وہیکل چلانے والوں پر نظر رکھیں، ڈمپرز میں بیٹھے ڈرائیور کی اہلیت چیک ہونے کی ضرورت ہے جبکہ پولیس اس شہر سے لاتعلق ہے جس کی ذمہ داری قوانین پر عملدرآمد کروانا ہے، پولیس اپنا کام چھوڑ کر بائیک والوں سے کاغذات مانگتی ہیا نکی جیبیں چیک کرتی ہے ایسی صورت میں عوام کو جب لگتا ہے قانون لاچار و بے حس ہو چکا ہے تو انکے پاس کوئی آپشن نہیں بچتا، انہوں نے کہا کہ سندھ میں "سسٹم" "سیاسی سسٹم سے اوپر ہے، ستم یہ ہے کہ کچی شراب پی کر جاں بحق ہونے والوں کو معاوضہ دیا جاتا ہے لیکن ڈمپرز سے ہونے والی ہلاکتوں پر کوئی سرکاری معاوضہ نہیں، قیادت اور لیڈرشپ کا کام عوام کی تکلیف کو سمجھنا ہے، اگر سندھ حکومت نے ہمارے مطالبات نہیں پورے کیے تو احتجاج کا حق رکھتے ہیں، یہ شہر بڑی ذمہ داری کے ساتھ ٹیکس دیتا ہے

سندھ اور پنجاب کے پانی کا جھگڑا ڈیڑھ سو سال پرانا ہے، سعید غنی

پی ٹی آئی کو آئین قانون اور نظام ریاست کا کچھ نہیں پتہ ان میں سیاست کا شعور ہی نہیں ہے

کراچی (این این آئی) وزیر بلدیات سندھ سعید غنی نے کہا ہے کہ سندھ اور پنجاب کے پانی کا جھگڑا ڈیڑھ سو سال پرانا ہے۔ کراچی میں پیپلز پارٹی کو کمزور کرنے کے لیے ضیا الحق کے آمرانہ دور میں مسلک، زبان اور مذہب کی بنیاد پر لوگوں کو تقسیم کیا گیا۔ پیپلز پارٹی والوں نے اپنے ذاتی مفاد کے لیے کبھی شہادت نہیں دی بلکہ اس ملک میں جمہوریت اور آئین کی بحالی کے لیے شہادت دی ہیں۔ پی ٹی آئی کو آئین قانون اور نظام ریاست کا کچھ نہیں پتہ ان میں سیاست کا شعور ہی نہیں ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کے روز شہید نجیب احمد کی 35ویں یوم شہادت کی مناسبت سے پیپلز اسٹوڈنٹس فیڈریشن کراچی ڈویژن کے تحت منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب سے پیپلز پارٹی کراچی ڈویژن کے جنرل سیکرٹری و ڈسٹرکٹ ساؤتھ کے صدر جاوید ناگوری، وزیراعلی سندھ کے مشیر سید نجمی عالم، رؤف ناگوری، پی ایس ایف کراچی کے صدر مدنی رضا، لطیف آرائیں و دیگر نے بھی خطاب کیا۔ سعید غنی نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو کی شہادت کا طویل عرصہ گذر چکا ہے اور اسی طرح محترمہ بینظیر بھٹو کی شہادت کو وقت گذر چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ل جمہوریت کے لیے کافی شہادتیں دی ہیں اور شہدا کے ساتھ پیپلز پارٹی کا تعلق کافی پرانا ہے۔

ظالم اسرائیل انسانیت کا قاتل ارض الانبیاء سے فلسطینیوں کو بے دخل کیا جا رہا ہے

مولانا سید عبدالخبیر آزاد

جنگ بندی معاہدہ کے باوجود ظالم اسرائیل نہتے فلسطینیوں پر مسلسل بمباری کر رہا ہے، عالمی برادری خاموش تماشائی ہے

اقوام متحدہ، یورپی یونین، او آئی سی اور تمام اسلامی ممالک غزہ و فلسطین پر اسرائیلی سفاکیت و بربریت، ظلم و جبر رکوانے میں فیصلہ کن اقدامات کریں

لاہور (این این آئی) بادشاہی مسجد لاہور میں جمعۃ المبارک کے بڑے عظیم الشان اجتماع کے موقع پر فلسطین و غزہ کے مظلوم مسلمانوں کے ساتھ اظہار یکجہتی اور اسرائیلی مظالم کے خلاف چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی پاکستان / خطیب و امام بادشاہی مسجد لاہور سفیر امن مولانا سید محمد عبدالخبیر آزاد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج پورے عالم اسلام کو اتحاد و وحدت کی اشد ضرورت ہے، فلسطین و غزہ کے مظلوم مسلمانوں کے ساتھ تعاون کرنا ہر مسلمان پر فرض عین ہے، عالمی دہشت گرد ظالم اسرائیل انسانیت کا قاتل ہے، ارض الانبیاء سے فلسطینیوں کو بے دخل کیا جا رہا ہے، آج غزہ و فلسطین پر قیامت بیت رہی ہے، صہونی عزائم اسلام و انسانیت دشمن قوتوں کا ناپاک سفاکیت چہرہ بے نقاب ہو چکا ہے، ستر ہزار فلسطینی شہید ہو چکے ہیں، عورتیں اور بچے شہید ہو رہے ہیں، پناہ گزیں کیمپوں کا بھی شکار کیا جا رہا ہے، تمام ہسپتال تباہ ہیں، ان کا میڈیکل ایڈ نہیں مل رہی، امدادی سرگرمیوں پر بھی بمباری ہو رہی ہے، ظالمانہ حملے ہو رہے ہیں، صحافیوں اور ڈاکٹروں کا قتل عام کیا جا رہا ہے، مولانا سید محمد عبدالخبیر آزاد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جنگ بندی معاہدہ کے باوجود ظالم اسرائیل نہتے فلسطینیوں پر مسلسل بمباری کر رہا ہے، عالمی برادری خاموش تماشائی ہے، اسرائیل اس وقت فرعون بن چکا ہے، اسرائیل فرعون کے انجام کو یاد رکھے، اللہ تعالی کی لاٹھی بے آواز ہے، اسرائیل کا انجام عبرت ناک ہوگا، فلسطین و غزہ پر اسرائیلی دہشت گردی اور انسانیت سوز ظالمانہ حملے فوری طور پر بند کیے جائیں، اقوام متحدہ، یورپی یونین، او آئی سی اور تمام اسلامی ممالک غزہ و فلسطین پر اسرائیلی سفاکیت و بربریت، ظلم و جبر رکوانے میں فیصلہ کن اقدامات کریں، قبلہ اول و فلسطین کو اسرائیل کی گرفت سے آزاد کروایا جائے

لاہور، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے ایرانی قونصل جنرل ملاقات کر رہے ہیں

کارپوریٹ سیکٹر کو ایجنسیوں کی ہراسانی سے بچانے کے لیے فائر وال قائم کی جائے گی، معاون خصوصی وزیراعظم

دیوالیہ پن قانون متعارف کرایا جائے گا، سمیڈا، وزارت صنعت کی تنظیم نو، جامع صنعتی پالیسی لائیں گے، ہارون اختر

کراچی (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے صنعت و پیداوار ڈویژن ہارون اختر خان نے زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کارپوریٹ سیکٹر کو نیب، ایف آئی اے اور ایف بی آر جیسی تحقیقاتی ایجنسیوں کے غیر ضروری ہراسگی سے بچانے کے لیے پُرعزم ہے۔ اس مقصد کے لیے ایک فائر وال قائم کی جائے گی جس کے تحت کسی بھی کارپوریٹ ادارے کی تحقیقات سے پہلے متعلقہ ادارے جیسے ایس ای سی پی، اسٹیٹ بینک، ایف پی سی سی آئی یا کے سی سی آئی سے منظوری لینا ضروری ہوگا۔ ہم جائز کاروباری اداروں کے خلاف بے جا کارروائیوں کو روکنا چاہتے ہیں۔ یہ فائر وال بدعنوان افراد کے تحفظ کے لیے نہیں بلکہ دیانت دار کاروباری افراد کو ہراسانی سے بچانے کے لیے ہے۔ انہوں نے یہ بات ہفتہ کے روز کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کے دورے کے موقع پر اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں چیئرمین بزنس مین گروپ زبیر موتی والا، وائس چیئرمینز انجم نثار، میاں ابرار احمد، صدر کراچی چیمبر آف کامرس جاوید بلوانی، سینئر نائب صدر ضیاء العارفین، نائب صدر فیصل خلیل احمد، سائٹ ایسوسی ایشن آف انڈسٹری کے صدر احمد عظیم علوی، چیئرمین خصوصی کمیٹی برائے بجٹ تجاویز ابراہیم کوسمبی، چیئرمین فیڈرل ٹیکسیشن سب کمیٹی ابوبکر شمسی، سی ای او پی آئی ڈی سی کے رضوان احمد بھٹی اور تاجر برادری کے دیگر معزز ارکین نے میں شرکت کی۔ ہارون اختر نے ایک واضح اور مستحکم صنعتی پالیسی کی ضرورت پر زور دیا

اسرائیل نے مظلوم، بے گناہ فلسطینی عوام پر مظالم کے پہاڑ توڑ دیئے ہیں، علی بلوچ

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان سنی تحریک بلوچستان بلوچستان کے صدر علی بلوچ کی قیادت میں ہفتہ کو فلسطین پر اسرائیلی بمباری کے خلاف اور فلسطین کے عوام سے اظہار یکجہتی کیلئے کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا مظاہرین نے بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر اسرائیلی جارحیت کے خلاف نعرے درج تھے۔ مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے علی بلوچ نے کہا کہ اسرائیل نے مظلوم اور بے گناہ فلسطینی عوام پر مظالم کے پہاڑ توڑ دیئے ہیں اور روزانہ سینکڑوں افراد کو شہید اور زخمی کیا جا رہا ہے لیکن عالمی برادری اور انسانی حقوق کے علمبرداروں نے اس پر مکمل خاموشی اختیار کر رکھی ہے۔

کراچی کو فسادات کی آگ میں جھونک کر مسائل سے توجہ ہٹائی جا رہی ہے، پاسبان

کراچی (این این آئی) پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی کراچی کے چیف آرگنائزر طارق چاندی والا نے کہا ہے کہ کراچی کو لسانی فسادات کی آگ میں جھونکنے کی سازش دراصل کراچی کے گوناگوں مسائل سے توجہ ہٹانے کی سازش ہے۔ شہر کے امن کو اچانک کون خراب کرنے کی کوششوں میں مصروف ہے؟ آستین کے سانپ کو آستین میں ہی کچل دیا جائے۔ شہر کے امن و امان سے کھلواڑ کی گئی تو کراچی کے پرامن شہری اس کا بھرپور جواب دیں گے۔ کراچی کو نوچ کھسوٹ کر کھا جانے والوں کا احتساب کیا جائے۔ کراچی منی پاکستان ہے۔

پیپلز پارٹی نفرت کی بجائے امن و بھائی چارے کی سیاست پر یقین رکھتی ہے، خیر محمد ترین

بلوچستان کے مسائل کے حل کیلئے حکومت اور اپوزیشن جماعتوں کو مل بیٹھ کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ ڈویژن کے صدر سردار خیر محمد ترین نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی نفرت کی بجائے امن و بھائی چارے کی سیاست پر یقین رکھتی ہے بلوچستان کے مسائل کے حل کیلئے حکومت اور اپوزیشن جماعتوں کو مل بیٹھ کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، پاکستان پیپلز پارٹی کی جب بھی حکومت آئی ہے اس کیلئے مشکلات پیدا کی گئی ہیں۔ یہ بات انہوں نے ہفتہ کو کوئٹہ ڈسٹرکٹ کے صدر میر نصیب اللہ شاہوانی، کوئٹہ ڈویژن کے سیکرٹری اطلاعات احسان اللہ افغان، ڈاکٹر ونگ کے صوبائی صدر ڈاکٹر عبیداللہ کاکڑ، یوتھ ونگ کے صوبائی صدر عین الدین کاکڑ، کوئٹہ سٹی کے جنرل سیکرٹری نعمت اللہ، ضلع کوئٹہ کے جنرل سیکرٹری میر ولی محمد قلندرانی، پیپلز سٹوڈنٹس فیڈریشن کے صوبائی صدر جہانگیر بلوچ، ملک عیسیٰ ملازئی، عظیم ساتکزئی اور دیگر عہدیداروں کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ سردار خیر محمد ترین نے کہا کہ کچھ روز سے مسلسل پاکستان پیپلز پارٹی کے قائدین کے خلاف تنقید کی جا رہی ہے جس کی پاکستان پیپلز پارٹی سخت الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے جمہوریت کے استحکام اور پارلیمنٹ کی بالادستی کیلئے جو قربانیاں دی ہیں وہ کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہیں

کشتواڑ، بھارتی فوجیوں نے مزید 2 کشمیری نوجوان شہید کردیئے

نریندر مودی کے دورے سے قبل حفاظتی انتظامات مزید سخت

جموں (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر میں بھارتی فوجیوں نے اپنی ریاستی دہشت گردی کی تازہ کارروائی میں ضلع کشتواڑ میں مزید 2 کشمیری نوجوان شہید کر دیے جس سے گزشتہ روز سے شہید ہونے والوں کی تعداد تین ہوگئی۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق فوجیوں نے نوجوانوں کو ضلع کے علاقے چترو جنگل میں محاصرے اور تلاشی کی کارروائی کے دوران شہید کیا۔ گزشتہ روز اسی علاقے میں ایک نوجوان کو شہید کیا گیا تھا۔ آخری اطلاعات تک علاقے میں آپریشن جاری تھا۔ ضلع راجوری کے رہائشی ایک اور لاپتہ نوجوان مختار احمد کی لاش کوگام ضلع کے وشو نالے سے برآمد ہوئی ہے۔ یہ نوجوان اپنے دو ساتھیوں ریاض احمد اور شوکت احمد کے ساتھ 13 فروری سے لاپتہ تھا۔ ریاض اور شوکت کی لاشیں گزشتہ ماہ وشو نالے سے ہی برآمد ہوئی تھیں۔ علاقے کے لوگوں کا کہنا ہے کہ ان تینوں کو بھارتی فوجیوں نے اغوا کرنے کے بعد شہید کیا ہے اور لاشیں نالے میں پھینک دیں۔ انکے جسموں پر تشدد کے نشانات پائے گئے ہیں۔ دریں اثنا قابض انتظامیہ نے بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کے دورے سے قبل جموں خطے کے ضلع ریاسی میں حفاظتی اقدامات انتہائی سخت کر دیے گئے ہیں۔ نریندر مودی ادھمپور سرینگر ریلوے لائن کے افتتاح کیلئے 19 اپریل کو ریاسی کا دورہ کریں گے

گورنر پنجاب، ایرانی قونصل جنرل ملاقات، زرعی اجناس کی پاکستان سے ایران برآمد پر اتفاق

باہمی دلچسپی کے امور سمیت دونوں ممالک کے درمیان مکئی، گوشت، گندم اور دیگر زرعی اجناس کی برآمداد کے حوالے سے تبادلہ خیال

گوشت کی پیداوار بڑھانے کے لئے موثر اقدامات کئے جا رہے ہیں تاکہ جانور پالنے والوں کو بھی منافع بخش فائدہ پہنچ سکے۔ گورنر پنجاب

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان اور لاہور میں تعینات ایرانی قونصل جنرل مہران موحد فر کے درمیان ایرانی قونصلیٹ میں ملاقات ہوئی جس میں باہمی دلچسپی کے امور سمیت دونوں ممالک کے درمیان مکئی، گوشت، گندم اور دیگر زرعی اجناس کی برآمداد کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ پاکستان اور ایران کے درمیان مشترکہ مذہب اور ثقافت کی وجہ سے گہرے برادرانہ تعلقات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ایران کے درمیان تعلقات کو ہر شعبے بالخصوص تجارت، سیاحت، ثقافت اور تعلیم کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو بڑھانے کی ضرورت ہے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ پاکستان اور ایران کے درمیان تجارتی بالخصوص چیمبرز کی کانفرنسز ہونی چاہئے تاکہ زیادہ سے زیادہ تجارتی مواقع میسر آ سکیں۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ پاکستانی بارڈر پر بنے سلاٹر ہاؤسز سے ایران کو گوشت ترسیل کرنے سے پاکستانی معیشت پر گہرے اثرات مرتب ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ گوشت کی پیداوار بڑھانے کے لئے موثر اقدامات کئے جا رہے ہیں تاکہ جانور پالنے والوں کو بھی منافع بخش فائدہ پہنچ سکے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ موجودہ حکومت کی بہتر پالیسیوں کی بدولت آج غیر ملکی سرمایہ کاروں کا پاکستان میں سرمایہ کاری کرنے پر اعتماد بحال ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت کی غیر ملکی سرمایہ کاروں کو سازگار اور پرامن ماحول فراہم کرنا اولین ترجیح ہے۔ گورنر پنجاب نے مزید کہا کہ بلاول بھٹو زرداری کے کامیاب وزارت خارجہ کے دوروں کے ثمرات اب ملنا شروع ہوگئے ہیں۔ ایرانی قونصل جنرل مہران موحد فر نے کہا کہ ایران پاکستان سے مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے کے لئے پرعزم ہے

پنجاب: ٹرانسجینڈر کیلئے ٹیکنیکل سکلز کی ٹریننگ کا جامع پروگرام شروع

1600 ٹرانس جینڈرز کو پہلے مرحلے میں خصوصی طور پر پنجاب سکلز ڈویلپمنٹ فنڈ پروگرام کے تحت مختلف فنون سکھائے جائیں گے

ٹیلنٹ کا کوئی جینڈر نہیں، کمیونٹی کو ٹریننگ ہی نہیں بلکہ معاشرے میں باوقار مقام دینے کی جدوجہد کر رہے ہیں، مریم نواز

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا معاشرے کے ضعیف اور نظرانداز طبقے کا احساس، صوبے کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ٹرانس جینڈرز کمیونٹی کے لئے باعزت اور باوقار زندگی گزارنے کے راستے کھل گئے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر ٹرانس جینڈرز کمیونٹی کے لئے ٹیکنیکل سکلز کی ٹریننگ کا جامع پروگرام شروع کر دیا گیا جس سے ٹرانس جینڈرز بھیک نہیں، باعزت روزگار کمائیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت ٹیکنیکل سکلز ٹریننگ پروگرام سے 1600 ٹرانس جینڈرز کو پہلے مرحلے میں خصوصی طور پر پنجاب سکلز ڈویلپمنٹ فنڈ پروگرام کے تحت مختلف فنون سکھائے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے ٹیکنیکل ٹریننگ سکلز سے ٹرانس جینڈرز کو آئی ٹی، فری لانسنگ کی ٹریننگ کے ذریعے معاشی طور پر خود مختار بنایا جائے گا۔ پنجاب میں پہلی مرتبہ ٹرانس جینڈرز کے لئے ہیلتھ کیئر اسسٹنٹ سکل ٹریننگ کا اہتمام کیا جائے گا۔ باعزت روزگار کمانے کیلئے ٹرانس جینڈرز کو ٹیلرنگ اور فیشن ڈیزائننگ بھی سکھائی جائے گی۔ ٹرانس جینڈر کمیونٹی کو الیکٹریکل ورک، سولر ٹیکنالوجی، بیوٹی سروسز اور کلنری آرٹس کی ٹریننگ دی جائے گی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا کہنا ہے کہ ٹرانس جینڈر کے ساتھ بے رحمانہ رویہ افسوسناک ہے۔ ٹرانس جینڈرز سماجی بائیکاٹ اور مناسب روزگار نہ ملنے کی وجہ سے بھیک مانگنے پر مجبور ہیں۔ ٹرانس جینڈرز کو سکل سکھا کر ثابت کریں گے کہ ٹیلنٹ کا کوئی جینڈر نہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا مزید کہنا ہے کہ ٹرانس جینڈرز کی ٹریننگ ہی نہیں بلکہ معاشرے میں باوقار مقام دینے کی جدوجہد کر رہے ہیں۔ انقلابی ووکیشنل ٹریننگ پروگرام سے ٹرانس جینڈر کی زندگیاں بدلیں گی۔

اقوام عالم فلسطین پر اسرائیلی بربریت کا نوٹس لے، آصف عسکری

غزہ کے مظلوم مسلمان 57 اسلامی ممالک کی طرف دیکھ رہے ہیں، ترجمان گجر قومی پارٹی

مظفرآباد (این این آئی) اقوام عالم فلسطین پر اسرائیلی بربریت کا نوٹس لے، آصف عسکری، غزہ میں اسرائیلی درندگی پچھلے ڈیڑھ سال سے جاری ہے جس کے نتیجے میں اب تک ہزاروں بے گناہ فلسطینی شہید ہو چکے اور لاکھوں شدید زخمی ہو چکے ہیں، اسی تعداد میں لاکھوں لوگ بے یار و مددگار کھلے آسمان تلے زندگی گزار رہے ہیں۔ غزہ کی تازہ صورتحال پر ترجمان گجر قومی پارٹی آصف عسکری کا کہنا تھا کہ اس وقت غزہ کے شہری بے یار و مددگار اور زندگی کی آخری سانس لے رہے ہیں، غزہ میں شہید ہونے والوں میں اکثریت بچوں اور عورتوں کی ہے، اس وقت غزہ شہری بیک وقت کہیں آفات کا سامنا کر رہے ہیں۔ ایک طرف اسرائیلی فوج اور دوسری طرف بھوک اور پیاس اور بدقسمتی سے یہ سارے راستے فلسطینیوں کی نسل کشی کی طرف جا رہے ہیں۔

کراچی، گورنر سندھ کامران ٹیسوری سے شنگھائی میونسپل گورنمنٹ کے عہدیدار اظہار یکجہتی کر رہے ہیں

چیف جسٹس کا شکریہ، میرے خط پر نوٹس لیا، گورنر سندھ

اس نوٹس کے بعد لواحقین کو انصاف ملے گا، مجرم کیفر کردار تک پہنچیں گے، پریس کانفرنس سے خطاب

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری کی جانب سے ٹینکرز، ڈمپر حادثات متاثرین کی گورنر ہاؤس ظہرانہ دیا گیا۔ ظہرانہ میں ڈیڑھ سو سے زائد متاثرین خاندان شریک تھے۔ گورنر سندھ نے متاثرہ خاندان میں راشن بیگز بھی تقسیم کئے۔ گورنر ہاؤس میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے کہا کہ چیف جسٹس کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنھوں نے میرے خط پر نوٹس لیا۔ چندروز قبل ہیوی ٹریفک حادثات پر چیف جسٹس کو خط لکھا تھا۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کے نوٹس کے بعد اب لواحقین کو انصاف ملے گا۔ مجھے یقین ہے

محمد فاروق حیدر سے راجہ فیصل آزاد کی قیادت میں وفد کی ملاقات

آزاد کشمیر کی مجموعی صورتحال، بالخصوص حلقہ غربی بارے گفتگو کی گئی

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیر اعظم آزاد کشمیر راجہ محمد فاروق حیدر خان سے مرکزی جائنٹ سیکرٹری مسلم لیگ ن آزاد کشمیر و سابق امیدوار اسمبلی مسلم لیگ حلقہ غربی باغ راجہ فیصل آزاد کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی۔ وفد میں ڈسٹرکٹ کونسلر ریگولی کوٹلی راجہ محمود آزاد، کونسلر وارڈ کوٹلی راجہ فرحان زاہد، ممبر مجلسِ عاملہ راجہ آفتاب صاحب، صدر یوتھ ونگ مسلم لیگ حلقہ راجہ زوہیب و دیگر بھی موجود تھے۔ ملاقات میں آزاد کشمیر کی مجموعی صورتحال اور بالخصوص حلقہ غربی کے حوالے سے گفتگو ہوئی۔

وزیراعظم نے پاکستان کی گرتی معیشت کو مستحکم کر کے عوام کو ریلیف دیا ہے، عبدالعزیز راجپوت

حیدرآباد (این این آئی) مسلم لیگ (ن) ضلع جام شورو کے صدر عبدالعزیز راجپوت نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان کی گرتی ہوئی معیشت کو مستحکم کر کے عوام کو ریلیف دیا ہے، پاکستان کی ترقی استحکام کیلئے وزیراعظم شہباز شریف رات دن محنت کر رہے ہیں، ملک میں بڑھتی ہوئی دہشت گردی کے خاتمے کیلئے بھرپور اقدامات کئے جن کے ثمرات جلد

سوات تعلیمی بورڈ کے کنٹرولر امتحانات کو عہدے سے ہٹا دیا گیا

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں جاری میٹرک امتحانات کے دوران ہی سوات تعلیمی بورڈ کے کنٹرولر امتحانات کو عہدے سے ہٹا دیا گیا، محکمہ ابتدائی و ثانوی تعلیم خیبر پختونخوا باضابطہ اعلامیہ جاری کر دیا

ایس پی حاکم خان اسلام آباد پولیس میں 38 سالہ سروس کے بعد ریٹائرڈ

1987 میں بطور اسسٹنٹ سب انسپکٹر اسلام آباد پولیس میں شمولیت اختیار کی

اسلام آباد (این این آئی) ایس پی حاکم خان اسلام آباد پولیس میں 38 سالہ سروس کے بعد ریٹائرڈ ہو گئے، 1987 میں بطور اسسٹنٹ سب انسپکٹر اسلام آباد پولیس میں شمولیت اختیار کی، اسلام آباد پولیس کے مختلف ڈویژنز میں اہم عہدوں پر اپنی خدمات سر انجام دیں۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس میں 38 سالہ سروس کے بعد ریٹائرڈ ہونے والے سپرٹینڈنٹ آف پولیس حاکم خان کے اعزاز میں ڈی آئی جی اسلام آباد دفتر میں پروقار الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا، تقریب میں سینئر سپرٹینڈنٹ آف پولیس رورل زون کاظم نقوی اور سپرٹینڈنٹ آف پولیس ڈولفن خان زیب سمیت دیگر پولیس افسران و جوانوں نے شرکت کی، سینئر پولیس افسران نے ریٹائرڈ ایس پی کو نیک خواہشات کا پیغام دیا، انہوں نے ریٹائرڈ ہونے والے ایس پی حاکم خان کی محکمہ پولیس کے لئے کی گئی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ریٹائرمنٹ سروس کا حصہ ہے

پارلیمانی اراکین و قبائلی شخصیات کا سردار بہرام خان بلیدی کے انتقال پر اظہار تعزیت

کوئٹہ + کراچی (این این آئی) صوبائی مشیر برائے ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی، سیاسی و سماجی اور قبائلی رہنماء میر عطاء اللہ خان بلیدی اور میر اسداللہ خان بلیدی سے ان کے والد سردار بہرام خان بلیدی کے انتقال پر بلوچستان کے ممتاز قبائلی رہنماء میر ساجد دشتی، سینیٹر دنیش کمار، میر عرفان جمالی اور رکن صوبائی اسمبلی روی کمار نے بلیدی ہاؤس کراچی جا کر لواحقین سے تعزیت اور فاتحہ خوانی کی

اورنگی ٹاؤن میں کھدائی کے دوران ملنے والی انسانی باقیات سے متعلق حیران کن انکشاف

انسانی باقیات 30 برس قبل قتل ہونے والی خاتون کی نکلیں، مقتولہ کی بیٹی نے سوتیلے والد کیخلاف مقدمہ درج کرادیا

کراچی (این این آئی) اورنگی ٹاؤن میں گھر کی تعمیر کیلئے کھدائی میں ملنے والی انسانی باقیات سے متعلق حیران کن انکشاف ہوا ہے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کے علاقے اورنگی ٹاؤن سے ملنے والی انسانی باقیات 30 برس قبل قتل ہونے والی خاتون کی نکلیں، مقتولہ کی بیٹی نے سوتیلے والد کیخلاف مقدمہ درج کرا دیا۔ مقتولہ کی بیٹی نے الزام لگایا کہ سوتیلے والد نے والدہ کو قتل کر کے گھر میں دفن کیا تھا، میرے حقیقی والد ہمیں چھوڑ کر بنگلا دیش چلے گئے تھے، والدہ نے فرید عالم نامی شخص سے دوسری شادی کی تھی۔

تین اپ بولان میل کے اوقات کار میں تبدیلی

لاہور (این این آئی) ریلوے انتظامیہ نے کراچی سٹی ریلوے اسٹیشن سے کوئٹہ کے درمیان چلنے والی تین اپ بولان میل کے اوقات کار میں 27 اپریل 2025 سے تبدیلی کا فیصلہ کیا ہے۔

عوام نفرت کی بنیاد پر سیاست کرنے والوں کو مسترد کردیں، نوید بھٹی

سندھ حکومت نے ٹریفک حادثات کی روک تھام کے لیے اقدامات کیے ہیں، رہنما پی پی

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کراچی ڈویژن کے سیکرٹری ریکارڈ اینڈ اکاؤنٹس نوید بھٹی نے کہا ہے کہ کراچی میں ٹریفک حادثات کی آڑ میں لسانی سیاست کو فروغ دینے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ عوام نفرت کی بنیاد پر سیاست کرنے والوں کو مسترد کر دیں۔ سندھ حکومت کو کسی کو بھی کراچی کا امن تباہ کرنے کی اجازت نہیں دے گی۔ وزیراعلیٰ سندھ نے ٹریفک حادثات کی روک تھام کے لیے اہم اقدامات کیے ہیں۔ ہفتہ کو جاری بیان میں نوید بھٹی نے کہا کہ کراچی میں بڑھتے ہوئے ٹریفک حادثات تشویشناک ہیں اور ان میں قیمتی جانوں کے ضیاع

کوئٹہ، دہشت گردوں کی فائرنگ سے پولیس اہلکار زخمی

پولیس نے جوابی کارروائی کے بعد ایک دہشت گرد زخمی حالت میں گرفتار کرلیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایک پولیس اہلکار زخمی ہوگیا پولیس نے جوابی کارروائی کے بعد ایک دہشت گرد کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق ہفتہ کو کوئٹہ کے علاقے سریاب روڈ پر پولیس ناکے پر تعینات پولیس اہلکاروں نے مشکوک موٹرسائیکل سوار افراد کو رکنے کا اشارہ کیا تو انہوں نے پولیس اہلکاروں پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں ایک پولیس اہلکار زخمی ہوگیا پولیس نے جوابی کارروائی کے بعد ایک دہشت گرد کو زخمی حالت میں گرفتار کر کے اسلحہ قبضے میں لے لیا جبکہ اسکا دوسرا ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔ پولیس نے زخمیوں کو فوری طور پر ہسپتال پہنچادیا اور علاقے کو گھیرے میں لیکر فرار ہونے والے دہشت گرد کی تلاش شروع کردی۔

لورالائی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر [illegible] علی خان [illegible] کی چیکنگ کر رہے ہیں

کوئٹہ، پیپلز پارٹی کوئٹہ ڈویژن کے صدر خیر محمد ترین، محمد گل شادانی، ملک عیسیٰ ملازئی و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

روزنامہ Daily BOLAN HUB Balochistan بولان حب بلوچستان
موبائل حب: 0336-6113760
فون حب: 0853-310202
فیکس حب: 0853-310202
موبائل کوئٹہ: 0300-8380280
موبائل اسلام آباد: 0309-7900035
چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد الیاس کمبوہ نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بولان آر سی ڈی روڈ بولان مارکیٹ حب سے شائع کیا۔
Email:dailybolanhub@gmail.com

مریم نواز کی کارکردگی، صنعت سے صحت تک عملی اقدامات کا تسلسل

حکومتوں کی کارکردگی کا حقیقی پیمانہ محض اعلانات، تقریروں اور پالیسی بیانات کو قرار نہیں دیا جا سکتا، بلکہ اس کا اندازہ اس بات سے ہوتا ہے کہ حکومتی فیصلے عملی صورت میں عوام کی زندگی، معیشت، صنعت، صحت اور روزگار کے شعبوں میں کس حد تک تبدیلی پیدا کر رہے ہیں۔ پنجاب میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی حکومت کے حالیہ اقدامات کا جائزہ لیا جائے تو صنعتی سرگرمیوں کے فروغ، مقامی پیداوار کی حوصلہ افزائی، نئی ٹیکنالوجی کے استعمال، برقی گاڑیوں کے فروغ اور جدید طبی سہولیات کی فراہمی جیسے مختلف شعبوں میں ایک ایسی پالیسی سمت دکھائی دیتی ہے جس کا بنیادی مقصد صوبے میں ترقی کے عمل کو محض اعداد و شمار تک محدود رکھنے کے بجائے اسے عام آدمی کی زندگی سے جوڑنا ہے۔

لاہور ایکسپو سنٹر میں پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو 2026 کا افتتاح اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے۔ آٹو موبائل صنعت کسی بھی ملک کی صنعتی معیشت میں بنیادی اہمیت رکھتی ہے کیونکہ اس کے ساتھ صرف گاڑیوں کی تیاری ہی نہیں بلکہ پرزہ جات، انجینئرنگ، ٹیکنالوجی، خدمات، روزگار، سرمایہ کاری اور متعدد ذیلی صنعتیں وابستہ ہوتی ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی جانب سے آٹو شو میں شرکت اور صنعتکاروں سے ملاقات اس امر کی علامت ہے کہ حکومت صنعتی شعبے کو معاشی سرگرمیوں کے ایک اہم ستون کے طور پر دیکھ رہی ہے۔ پاکستان کو اس وقت ایسے صنعتی ماڈل کی ضرورت ہے جس میں درآمدات پر انحصار کم ہو، مقامی صنعت مضبوط ہو، سرمایہ کاری کے نئے راستے کھلیں اور پاکستانی مصنوعات نہ صرف ملکی ضروریات پوری کریں بلکہ عالمی منڈی میں بھی مسابقت کر سکیں۔ اس تناظر میں آٹو شو جیسے پلیٹ فارم کاروباری روابط اور جدید ٹیکنالوجی کے تبادلے کے لیے اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ مختلف کمپنیوں، صنعتکاروں اور غیر ملکی ماہرین کی ایک ہی مقام پر موجودگی صنعت کے نئے رجحانات سے واقفیت اور ممکنہ سرمایہ کاری کے مواقع پیدا کرنے میں مددگار ثابت ہو سکتی ہے۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی صنعتی پالیسی کا ایک نمایاں پہلو یہ ہے کہ اس میں مقامی پیداوار کے ساتھ ساتھ جدید ٹیکنالوجی اور جدت کو بھی اہمیت دی جا رہی ہے۔ محض صنعت قائم کرنا کافی نہیں، بلکہ صنعت کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا بھی ضروری ہے۔ دنیا بھر میں آٹو موبائل شعبہ روایتی ایندھن سے برقی گاڑیوں، متبادل توانائی اور ماحول دوست ٹیکنالوجی کی جانب بڑھ رہا ہے۔ پاکستان کے لیے بھی یہ تبدیلی ایک چیلنج کے ساتھ ساتھ موقع ہے۔ پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو میں برقی گاڑیوں، جدید بائیکس، جنریٹرز اور دیگر ٹیکنالوجی کا جائزہ لیتے ہوئے وزیراعلیٰ کی جانب سے الیکٹرک ایمبولینس میں دلچسپی لینا اسی بدلتے ہوئے صنعتی منظرنامے کی طرف توجہ کا اظہار ہے۔ الیکٹرک گاڑیوں کا فروغ صرف ٹرانسپورٹ کے شعبے تک محدود نہیں رہتا بلکہ اس کے اثرات توانائی کے استعمال، ماحول، شہری سہولت، نئی صنعتوں اور ہنرمند افرادی قوت کی ضرورت تک پھیلتے ہیں۔

پنجاب حکومت کی گرین ٹیکسی اور وزیراعلیٰ بائیک سکیم بھی اسی وسیع تر سوچ کا حصہ قرار دی جا سکتی ہیں۔ ان منصوبوں کی اہمیت اس لیے بھی بڑھ جاتی ہے کہ نقل و حمل کا شعبہ براہ راست عام شہری کی روزمرہ زندگی سے جڑا ہوا ہے۔ اگر نئی ٹیکنالوجی کو عوامی سہولت، روزگار اور کم لاگت سفری ذرائع کے ساتھ مربوط کیا جائے تو اس کے معاشی اور سماجی فوائد کئی گنا بڑھ سکتے ہیں۔ البتہ ایسے منصوبوں کی کامیابی کا اصل معیار ان کا شفاف، منظم اور طویل المدت بنیادوں پر نفاذ ہوگا۔ اسی طرح گرین ٹریکٹر سکیم کو زرعی معیشت کے تناظر میں دیکھا جائے تو اس کے اثرات صرف کسان تک محدود نہیں رہتے۔ پاکستان میں زراعت قومی معیشت، روزگار اور غذائی تحفظ کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ جدید زرعی مشینری تک کسانوں کی رسائی بڑھنے سے پیداوار، وقت اور لاگت کے معاملات میں بہتری کے امکانات پیدا ہوتے ہیں۔ ٹریکٹر سازی کی مقامی صنعت کے نمائندوں کی جانب سے اس سکیم کو سراہا جانا اس پہلو کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ زرعی سہولت اور صنعتی پیداوار ایک دوسرے سے منسلک شعبے ہیں۔

مریم نواز شریف کی کارکردگی کا دوسرا اہم پہلو صحت کے شعبے میں سامنے آتا ہے، جہاں ملتان کے نشتر ہسپتال میں جدید کینسر علاج کی سہولیات کا افتتاح ایک اہم پیش رفت ہے۔ پاکستان میں کینسر جیسے پیچیدہ امراض کے علاج کے لیے جدید تشخیصی اور طبی سہولیات کی ضرورت طویل عرصے سے محسوس کی جاتی رہی ہے۔ بڑے شہروں تک محدود جدید علاج کی سہولیات کو صوبے کے مختلف علاقوں تک پہنچانا ایک ایسا اقدام ہے جو صحت کے نظام میں علاقائی تفاوت کم کرنے میں مدد دے سکتا ہے۔ نشتر ہسپتال میں جدید کینسر سنٹر، پیٹ، سی ٹی، سائیکلوٹرون، کیموتھراپی، ریڈیوتھراپی اور دیگر سہولیات کا جائزہ اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ علاج کے پورے نظام کو ایک مربوط شکل دینے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ جدید طبی مشینری کی دستیابی اپنی جگہ اہم ہے، لیکن اس کے ساتھ ماہر ڈاکٹرز، تربیت یافتہ طبی عملہ، ادویات، دیکھ بھال اور مسلسل تکنیکی معاونت بھی ضروری ہے۔ اس لیے ان منصوبوں کی پائیدار کامیابی کے لیے انفراسٹرکچر کے ساتھ انسانی وسائل پر بھی مسلسل توجہ درکار رہو گی۔

کینسر کے علاج کے لیے کرائیو ایبلیشن مشین کا استعمال اس حوالے سے بھی قابل ذکر ہے کہ جدید ٹیکنالوجی کو صوبائی سطح پر علاج کی سہولیات میں شامل کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی جانب سے علاج حاصل کرنے والی مریضہ مسرت ارشد سے ملاقات نے اس منصوبے کے انسانی پہلو کو بھی نمایاں کیا۔ ایک مریض کے لیے جدید علاج کی سہولت محض ایک مشین یا عمارت نہیں بلکہ امید، اعتماد اور زندگی کی طرف واپسی کا ذریعہ بن سکتی ہے۔

صحت کے شعبے میں کسی بھی حکومتی منصوبے کو صرف افتتاح کے مرحلے سے نہیں بلکہ اس کی مستقل فعالیت، علاج کے معیار، مریضوں کی رسائی اور اخراجات کے تناظر میں پرکھا جانا چاہیے۔ اگر جدید طبی مراکز مسلسل فعال رہیں،

بیلہ کے اجالوں سے بجلی کے بحران تک

کچھ شہر صرف اپنی عمارتوں، بازاروں اور گلیوں سے پہچانے نہیں جاتے، بلکہ ان کے دامن میں زمانے کی ایک پوری تاریخ سانس لیتی ہے۔ ان کی مٹی پر گزرے ہوئے وقت کے قدموں کے نشان باقی رہتے ہیں اور ان کی گلیاں آنے والی نسلوں کو اپنے عہد کی کہانیاں سناتی ہیں۔ بیلہ بھی ایسا ہی ایک شہر ہے؛ ایک ایسا شہر جس نے صدیوں کے سفر میں ریاستی عروج و زوال، تجارت کی رونقیں، تہذیب کی خوشبو، قافلوں کی آمد و رفت اور بدلتے زمانے کی کئی کروٹیں اپنی آنکھوں سے دیکھی ہیں۔ آج سے تقریباً ایک صدی قبل کے بیلہ کو یاد کریں تو ایک ایسا شہر سامنے آتا ہے جو اپنے زمانے میں خطے کے دوسرے شہروں سے کئی حوالوں سے آگے دکھائی دیتا تھا۔ اس کے بازار آباد تھے، تجارت رواں تھی، دستکاروں کے ہنر زندہ تھے اور راتیں بھی مکمل تاریکی کے حوالے نہیں کی جاتی تھیں۔ جب بلوچستان کے بیشتر شہر رات کے اندھیرے میں ڈوب جاتے، بیلہ اپنی روشنیوں کے باعث ایک الگ منظر پیش کرتا تھا۔ یہ روشنی محض چراغوں کی روشنی نہیں تھی، بلکہ ایک بیدار معاشرے، منظم شہری زندگی اور تہذیبی شعور کی علامت تھی۔ ریاستِ لسبیلہ کے زمانے میں بیلہ کی سڑکوں اور بازاروں کو روشن رکھنے کے لیے لیمپ پوسٹوں پر مختلف روایتی ذرائع استعمال کیے جاتے تھے۔ کہیں نباتاتی تیل، کہیں سرسوں کا تیل اور بعض مقامات پر حیوانی چربی سے تیار کردہ روغن روشنی کا وسیلہ بنتا تھا۔ شام ڈھلتے ہی جب بازاروں پر رات کا سایہ اترتا تو چراغ روشن کرنے والے لوگ گلیوں اور بازاروں کا رخ کرتے۔ ایک ایک چراغ روشن ہوتا اور یوں اندھیرے کے پھیلتے ہوئے دامن میں روشنی کی ایک لکیر جنم لیتی۔ اس زمانے میں شاید کسی نے سوچا بھی نہ ہوگا کہ یہی شہر چند برس بعد بجلی کے برقی قمقموں سے جگمگائے گا۔ پھر وقت نے ایک اور کروٹ لی۔ 1930 کے آس پاس بیلہ کی سڑکیں بجلی کے قمقموں سے جگمگا اٹھیں۔ ایسے دور میں جب جدید برقی سہولت خطے کے بیشتر شہروں کے لیے ابھی ایک خواب تھی، بیلہ میں بجلی کی روشنی کا پہنچنا کسی معجزے سے کم نہ تھا۔ مٹی کے تیل کے چراغوں سے برقی بلبوں تک کا یہ سفر محض توانائی کے ذریعے کی تبدیلی نہیں تھا، بلکہ ایک نئے عہد کی آمد تھی۔ ذرا تصور کیجیے، جس شہر میں کبھی شام کے وقت چراغ روشن کرنے والے ہاتھ گلیوں میں نکلتے تھے، وہاں اچانک برقی بلب روشن ہوئے ہوں گے تو اس منظر نے لوگوں کے دلوں پر کیا اثر ڈالا ہوگا۔ بچوں کے لیے وہ روشنی حیرت ہوگی، بڑوں کے لیے ترقی کی نوید اور تاجروں کے لیے کاروباری زندگی کے مزید پھیلنے کی امید۔ رات کے اندھیرے میں روشن ہوتا ہوا بیلہ یقیناً اس دور کے لوگوں کے لیے ایک غیر معمولی منظر ہوگا۔ یہی وہ بیلہ تھا جو اپنے وقت کی نبض پہچانتا تھا۔ ریاستِ لسبیلہ کے پاکستان سے الحاق کے بعد بجلی کی فراہمی کے نظام میں مزید تبدیلیاں آئیں۔ واپڈا کے دور میں بیلہ اور اوتھل میں پاور ہاؤس قائم کیے گئے، جنہوں نے مقامی سطح پر بجلی کی ضروریات پوری کرنے میں اپنا کردار ادا کیا۔ پھر ستر کی دہائی میں کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن، یعنی کے ای ایس سی، نے لسبیلہ میں بجلی کی فراہمی کی ذمہ داری سنبھالی۔ کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن 16 مارچ 1953 کو ایک سرکاری کارپوریشن کے طور پر رجسٹر ہوئی تھی۔ بعد میں 2005 میں اسے نجی شعبے کے حوالے کیا گیا اور ادارہ آج کے الیکٹرک کے نام سے کام کر رہا ہے۔ وقت بدلتا گیا۔ بجلی کا نظام وسیع ہوتا گیا، تاریں دور تک پھیلتی گئیں، کھمبے بلند ہوتے گئے، گھروں میں پنکھے آئے، پھر فریج، ٹیلی ویژن، موٹریں، ٹیوب ویل، کمپیوٹر اور جدید برقی آلات زندگی کا حصہ بنتے گئے۔ مگر تاریخ کا عجیب مذاق دیکھیے کہ آج وہی بیلہ، جس نے تقریباً ایک صدی قبل بجلی کی روشنی کا ذائقہ چکھ لیا تھا، طویل لوڈشیڈنگ اور مہنگی بجلی کے بحران سے دوچار ہے۔ شہریوں کے مطابق بعض علاقوں میں بجلی کی بندش کا دورانیہ 12 سے 16 گھنٹے تک پہنچ جاتا ہے۔ گرمی کے موسم میں جب پنکھا اور پانی زندگی کی بنیادی ضرورت بن جاتے ہیں، ایسی طویل بندش صرف ایک معمولی تکلیف نہیں رہتی بلکہ گھریلو زندگی، کاروبار، تعلیم اور روزگار سب کو متاثر کرتی ہے۔ دکاندار دکان کھول کر بیٹھا ہے مگر بجلی نہیں۔ طالب علم کتاب سامنے رکھے بیٹھا

تحریر: محمد کریم رونجھا

ہے مگر روشنی اور پنکھے کی سہولت نہیں۔ گھر میں بزرگ ہیں، بچے ہیں، خواتین ہیں، بیمار افراد ہیں، مگر بجلی کی بندش اپنے وقت کا کوئی لحاظ نہیں کرتی۔ کسی گھر میں پانی کی موٹر نہیں چلتی، کسی دکان کا کاروبار رک جاتا ہے، کسی ورکشاپ کی مشین خاموش ہو جاتی ہے اور کسی زمیندار کا ٹیوب ویل پانی کے انتظار میں کھڑا رہتا ہے۔ یہاں ایک سوال ضرور پیدا ہوتا ہے: جو صارف ہر ماہ باقاعدگی سے بجلی کا بل ادا کرتا ہے، اسے بھی طویل لوڈشیڈنگ کا سامنا کیوں کرنا پڑتا ہے؟ بجلی کے شعبے میں لائن لاسز، تکنیکی و تجارتی نقصانات اور نظام کی دیگر مشکلات یقیناً ایک حقیقت ہیں۔ لیکن عام صارف کے لیے سوال بہت سادہ ہے۔ اسے بجلی کے نظام کی پیچیدہ اصطلاحات سے زیادہ اس بات سے غرض ہے کہ اس کے گھر کا پنکھا کب چلے گا، پانی کی موٹر کب چلے گی اور اس کا کاروبار کب معمول پر آئے گا۔ بجلی کے بل کی کہانی بھی اپنی جگہ ایک الگ داستان ہے۔ جب ایک عام صارف کے ہاتھ میں بجلی کا بل آتا ہے تو اس پر صرف استعمال شدہ بجلی کی قیمت درج نہیں ہوتی۔ مختلف سرکاری ٹیکس، سرچارجز، ایڈجسٹمنٹس اور دیگر واجبات بھی بل کا حصہ بن سکتے ہیں۔ ان میں جنرل سیلز ٹیکس، انکم ٹیکس، ٹی وی فیس اور دیگر حکومتی مدات شامل ہو سکتی ہیں۔ تاہم ہر صارف کے بل میں ان تمام مدات کا تناسب یکساں نہیں ہوتا، اس لیے یہ کہنا درست نہیں کہ ہر صارف کے بل کا کوئی مخصوص حصہ لازماً صرف ٹیکسوں پر مشتمل ہے۔ لیکن ایک حقیقت بہرحال اپنی جگہ موجود ہے کہ بجلی کا بل عام آدمی کے گھریلو بجٹ پر دن بہ دن زیادہ اثر انداز ہو رہا ہے۔ بجلی کی قیمت صرف صارف کی مرضی سے نہیں بنتی۔ اس کے پیچھے بجلی کی پیداوار کی لاگت، ایندھن، ترسیل و تقسیم کے نقصانات، نظام کی دیکھ بھال، کیپیسٹی پیمنٹس، حکومتی محصولات اور ریگولیٹری فیصلوں سمیت کئی عوامل شامل ہوتے ہیں۔ مگر عام شہری کے لیے یہ تمام پیچیدگیاں اپنی جگہ۔ اس کا سوال پھر بھی بہت سادہ ہے: میرے گھر بجلی کب آئے گی؟ اور دوسرا سوال: میرا بل اتنا زیادہ کیوں آیا ہے؟ یہ دونوں سوال ایسے ہیں جن کا جواب صرف اعداد و شمار میں نہیں، عملی زندگی میں دینا ضروری ہے۔ 2026 میں بھی کے الیکٹرک کی لوڈشیڈنگ کا معاملہ ریگولیٹری سطح پر زیر بحث رہا۔ نیپرا نے 31 اگست 2026 کو غیر اعلانیہ اور ضرورت سے زیادہ لوڈشیڈنگ کے معاملے میں کے الیکٹرک کے خلاف حکم جاری کیا۔ نیپرا کے ریکارڈ میں ایسے مقدمات اور فیصلے بھی موجود ہیں جن میں کے الیکٹرک کی جانب سے تکنیکی اور تجارتی نقصانات کی بنیاد پر لوڈشیڈنگ کا مؤقف سامنے آیا۔ یہ امر ظاہر کرتا ہے کہ بجلی کی فراہمی کا مسئلہ صرف صارف اور کمپنی کے درمیان شکایت تک محدود نہیں بلکہ یہ ریگولیٹری نگرانی کا بھی موضوع ہے۔ بیلہ کے لیے یہ مسئلہ اس لیے زیادہ اہم ہے کہ یہاں بجلی صرف گھروں کی ضرورت نہیں۔ زراعت اس شہر کی معیشت کا اہم حصہ ہے۔ ٹیوب ویل بجلی سے چلتے ہیں، چھوٹے کاروبار بجلی پر منحصر ہیں، دکانیں اور ورکشاپس بجلی کے بغیر اپنا کام جاری نہیں رکھ سکتیں، تعلیمی ادارے اور سرکاری دفاتر بھی بجلی کے بغیر مکمل طور پر فعال نہیں رہ سکتے۔ ایک طویل بجلی بندش کا مطلب صرف چند گھنٹے اندھیرا نہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ کسی زمیندار کا پانی رک گیا۔ کسی دکاندار کا کاروبار رک گیا۔ کسی طالب علم کی پڑھائی متاثر ہوئی۔ کسی کاریگر کی مشین خاموش ہو گئی۔ کسی گھر کی معمول کی زندگی درہم برہم ہو گئی۔ اور کسی چھوٹے کاروباری شخص کا ایک دن کا منافع ضائع ہو گیا۔ یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ بیلہ محض ایک عام شہر نہیں۔ یہ ایک تاریخی خطے کا قدیم مرکز ہے، جہاں صدیوں سے تجارت، زراعت، دستکاری اور انسانی آمد و رفت نے زندگی کو ایک خاص رنگ دیا ہے۔ ایسے شہر کے لیے بنیادی سہولتوں کا مستحکم ہونا صرف شہری ضرورت نہیں بلکہ اس کی معاشی اور تہذیبی زندگی کے تسلسل کے لیے بھی ضروری ہے۔ ذرا بیلہ کے پرانے بازاروں کا تصور کریں۔ وہی بازار جہاں کبھی قافلے آتے ہوں گے، جہاں دکاندار اپنی دکانوں کے باہر چراغ روشن کرتے ہوں گے، جہاں رات کی خاموشی میں لالٹینیں اور چراغ زندگی کی علامت بنتے ہوں گے۔ پھر اسی شہر نے برقی بلبوں کا دور دیکھا۔ وہ روشنی جس نے رات کو دن کے قریب لا کھڑا کیا تھا۔ وہ روشنی جس نے لوگوں کو یہ احساس دلایا تھا کہ زمانہ آگے بڑھ رہا ہے اور بیلہ بھی اس سفر میں پیچھے نہیں۔ مگر آج اسی شہر کے کئی حصوں میں رات پھر اندھیری ہے۔ فرق صرف اتنا ہے کہ آج کا اندھیرا چراغوں کے زمانے کا اندھیرا نہیں۔ یہ جدید توانائی کے نظام کی مشکلات کا اندھیرا ہے۔ یہی تضاد سوچنے پر مجبور کرتا ہے۔ ایک طرف تاریخ ہمیں بتاتی ہے کہ بیلہ نے اپنے زمانے سے آگے بڑھنے کا حوصلہ دکھایا تھا، دوسری طرف آج کا منظر ہم سے پوچھتا ہے کہ کیا ہم اس تاریخی شہر کو بنیادی سہولتوں کے معاملے میں پیچھے جانے دیں گے؟ یقیناً مسئلے کا حل صرف شکایت میں نہیں بلکہ شفافیت، جواب دہی، بہتر منصوبہ بندی اور مستقل نگرانی میں ہے۔ بجلی کے نظام میں جہاں لائن لاسز اور دیگر تکنیکی مسائل ہیں، وہاں ان کے حل کے لیے بھی مؤثر اقدامات ضروری ہیں۔ ساتھ ہی باقاعدگی سے بل ادا کرنے والے صارفین کے لیے قابلِ اعتماد بجلی کی فراہمی بھی اتنی ہی اہم ہے۔ بیلہ کے عوام کو صرف بجلی نہیں چاہیے۔ انہیں قابلِ اعتماد بجلی چاہیے۔ ایسی بجلی جو کب آئے گی اور کب چلی جائے گی، اس غیر یقینی سے انہیں نجات دے۔ ایسی بجلی جو زمیندار کو اس کے کھیت تک پانی پہنچانے دے، دکاندار کو اپنی دکان چلانے دے، طالب علم کو سکون سے پڑھنے دے اور گھریلو زندگی کو معمول کے مطابق رواں رکھے۔ بیلہ کی بجلی کی داستان مٹی کے تیل کے چراغ سے شروع ہوئی تھی۔ پھر لیمپ پوسٹ آئے، برقی قمقمے روشن ہوئے، پاور ہاؤس قائم ہوئے، بجلی کی لائنیں پھیلیں اور شہر جدید دور کی طرف بڑھتا گیا۔ یہ ایک ایسے شہر کی داستان تھی جو اپنے وقت سے آگے چلنے کا حوصلہ رکھتا تھا۔ آج ضرورت اس بات کی ہے کہ بیلہ ایک بار پھر اپنے وقت سے آگے چلے۔ مگر اس مرتبہ مقابلہ روشنی پیدا کرنے کا نہیں، روشنی کو مستقل رکھنے کا ہے۔ کیونکہ بجلی صرف تاروں میں دوڑنے والی توانائی نہیں۔ یہ گھر کے پنکھے کی گردش ہے۔ یہ بچے کی کتاب پر پڑنے والی روشنی ہے۔ یہ زمیندار کے کھیت تک پہنچنے والا پانی ہے۔ یہ دکاندار کی روزی ہے۔ یہ کاریگر کی مشین ہے۔ یہ طالب علم کا مستقبل ہے۔ اور یہ کسی بھی شہر کی معاشی نبض ہے۔ بیلہ نے کبھی اندھیروں سے روشنی کا سفر کیا تھا۔ اس شہر نے چراغوں کی مدھم لو سے برقی قمقموں کی چمک تک کا زمانہ دیکھا ہے۔ اس کے بزرگوں نے وہ راتیں بھی دیکھی ہیں جب چراغ ہاتھوں سے جلائے جاتے تھے، اور وہ شامیں بھی دیکھیں جب پہلی بار بجلی کے بلب نے گلی کو روشن کیا تھا۔ آج بیلہ کی خواہش صرف اتنی ہے کہ وہ روشنی جو کبھی اس شہر کی پہچان بنی تھی، پھر سے اس کی مستقل شناخت بن جائے۔ بیلہ نے کبھی چراغ جلائے تھے، پھر بجلی کے بلب روشن کیے تھے؛ اب وقت کا تقاضا ہے کہ اس کے اجالے مستقل کیے جائیں۔ کیونکہ کسی تاریخی شہر کی اصل ترقی صرف اس کی پرانی عمارتوں، بازاروں اور قصوں میں نہیں ہوتی؛ اس کی اصل زندگی تب دکھائی دیتی ہے جب اس کے گھروں میں سکون، بازاروں میں رونق، کھیتوں میں پانی اور راتوں میں روشنی ہو۔ بیلہ نے ایک صدی پہلے اندھیرے کو شکست دے کر روشنی کا استقبال کیا تھا۔ اب ضرورت صرف اتنی ہے کہ اس شہر کے اجالے دوبارہ عارضی نہ رہیں بلکہ آنے والی نسلوں کے لیے ایک مستقل روشن روایت بن جائیں۔

ریلوے ترقی اور اصلاحات کا سفر جاری

ریلوے ترقی اور اصلاحات کا سفر جاری

تحریر: سید اعجاز الحسن دنیا کی ترقی یافتہ معیشتوں پر نظر ڈالیں تو معلوم ہوتا ہے کہ وہاں ریلوے کو قومی ترقی کا بنیادی ستون سمجھا جاتا ہے پاکستان میں بھی ریلوے ایک ایسا قومی ادارہ ہے جس نے کئی دہائیوں تک عوامی نقل و حمل اور ملکی تجارت میں نمایاں کردار ادا کیا مگر وقت گزرنے کے ساتھ انتظامی کمزوریوں، ناکافی سرمایہ کاری، پرانا انفراسٹرکچر اور مالی مشکلات نے اس قومی ادارے کی کارکردگی کو متاثر کیا خوش آئند امر یہ ہے کہ موجودہ دور حکومت میں پاکستان ریلوے کو دوبارہ فعال جدید اور منافع بخش ادارہ بنانے کے لیے نئی اصلاحات کا ایک جامع عمل شروع کیا گیا ہے جس کے مثبت نتائج بتدریج سامنے آنا شروع ہو گئے ہیں پاکستان ریلوے کی حقیقی معاشی طاقت اس کا فریٹ سیکٹر ہے دنیا بھر میں کامیاب ریلوے اداروں کی آمدنی کا بڑا حصہ مال برداری سے حاصل ہوتا ہے کیونکہ ریل کے ذریعے سامان کی نقل و حمل سڑک کے مقابلے میں کم خرچ، زیادہ محفوظ اور ماحول دوست ہوتی ہے اسی حقیقت کو مدنظر رکھتے ہوئے پاکستان ریلوے نے فریٹ آپریشنز کو اپنی ترجیحات کا مرکز بنایا ہے مال بردار ٹرینوں کی تعداد میں اضافہ، کنٹینرز کارگو سروسز، بندرگاہوں اور صنعتی مراکز کے درمیان مؤثر ریل رابطے جدید لاجسٹکس، سامان کی ڈیجیٹل ٹریکنگ اور نجی شعبے کے ساتھ شراکت داری جیسے اقدامات اس شعبے کو نئی زندگی دے رہے ہیں اس سے نہ صرف ریلوے کی آمدنی میں اضافہ ہوا ہے بلکہ آنے والے سالوں میں فریٹ سیکٹر سے ریلوے کو مزید خاطر خواہ ریونیو حاصل ہوگا مستقبل کے منصوبے اس سے بھی زیادہ اہمیت کے حامل ہیں ریلوے نیٹ ورک کی توسیع، ڈبل ٹریک منصوبے جدید فریٹ کوریڈورز مکمل ڈیجیٹلائزیشن، توانائی کی بچت کرنے والی ٹیکنالوجی جدید انجنوں اور کوچز کی خریداری کے ساتھ ساتھ صوبائی حکومتوں کے تعاون سے علاقائی مسافر ٹرینوں کو مرحلہ وار بحال کرنا بھی پاکستان ریلوے کے وژن کا حصہ ہیں ان منصوبوں سے نہ صرف سفر محفوظ اور تیز ہوگا بلکہ ملک کے مختلف حصوں کے درمیان تجارتی روابط مزید مضبوط ہوں گے جس سے قومی معیشت کو نئی توانائی ملے گی وزارت پاکستان ریلوے کو مالی سال 2026-27 کے وفاقی بجٹ میں حکومتِ پاکستان نے پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام (PSDP) کے تحت ریلوے ڈویژن کے لیے 40.65 ارب روپے مختص کیے ہیں اس مختص کردہ رقم کا بنیادی مرکز بنیادی ڈھانچے کی جدید کاری علاقائی رابطوں اور 'مین لائن ون (ML-1)' کو اپ گریڈ کرنے کے منصوبے کے لیے فنڈز کی فراہمی شامل ہے پاکستان ریلویز نے مالی سال 2025-26 میں اپنی ملکی تاریخ کی بلند ترین سالانہ آمدن حاصل کرتے ہوئے 115.157 ارب روپے حاصل ہونے والی آمدن کا نیا ریکارڈ قائم کر دیا ہے گزشتہ مالی سال کے مقابلے میں مجموعی آمدنی میں 24.19 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا جس کی اہم وجہ فریٹ سیکٹر، مسافر ٹرینوں، کمرشل، پراپرٹی، سنڈری ریونیو، کیش انفلو اور آپریشنل کارکردگی سمیت تقریباً تمام اہم شعبوں میں نمایاں بہتری دیکھنے میں آئی ہے مالی سال 2025-26 میں مسافر آمدنی 50.590 ارب روپے تک پہنچ گئی جو پاکستان ریلویز کی تاریخ کی بلند ترین سطح ہے فریٹ آمدنی 40.781 ارب روپے رہی جبکہ سنڈری آمدنی 16.401 ارب روپے ریکارڈ کی گئی سنڈری ریونیو میں پراپرٹی اینڈ لینڈ سے 11.996 ارب روپے اسکریپ سے 1.966 ارب روپے، کمرشل سرگرمیوں سے 2.123 ارب روپے جبکہ دیگر ذرائع سے بھی آمدنی حاصل ہوئی پاکستان ریلویز کے کیش انفلو 120.070 ارب روپے تک پہنچ گئے اس سے ادارے کی لیکویڈیٹی، ورکنگ کیپیٹل، مالی استحکام اور آپریشنل صلاحیت مزید مضبوط ہوئی ہے اسی طرح پاکستان ریلویز کی آپریٹنگ ریشو مسلسل بہتر ہوئی اور 2023-24 میں 99.5 فیصد 2024-25 میں 96.3 فیصد سے کم ہو کر 2025-26 میں 84.7 فیصد رہ گئی جو اخراجات پر بہترین کنٹرول، مؤثر انتظامی فیصلوں، مالی نظم و ضبط اور بہتر آپریشنل کارکردگی کی عکاسی کرتا ہے ریلوے سے تمام ڈیجیٹل خدمات کو مزید مؤثر، تیز رفتار اور عوام دوست بنانے کے حوالے سے وزیراعظم پاکستان کے وژن کے مطابق پاکستان ریلوے اپنی 79 سالہ تاریخ کی ریکارڈ ڈیجیٹلائزیشن کر رہا ہے اور ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن میں بہتر انداز میں آگے بڑھ رہا ہے رابطہ

تحریر: سید اعجاز الحسن

ایپ ایپلیکیشن کیش لیس ای ٹکٹنگ، مفت وائی فائی اور دیگر مسافر سہولیات متعارف کروائی گئی ہیں رابطہ ایپ پر اس وقت سو سے زائد ٹرینیں دستیاب ہیں۔ ریلوے کے زیادہ تر بڑے اسٹیشنز کو ڈیجیٹلائز کیا جا چکا ہے ریلوے ہیلپ لائن 117 کو جدید تقاضوں کے مطابق 24 گھنٹے، ہفتے کے ساتوں دن فعال کر دیا گیا ہے۔ ہیلپ لائن 117 پر تربیت یافتہ آئی ٹی ایجنٹس ہر وقت مسافروں کی معاونت فراہم کر رہے ہیں۔ بڑے ریلوے اسٹیشنز پر مفت وائی فائی کی سہولت فراہم کی جا چکی ہے۔ فریٹ مینجمنٹ سسٹم، رولنگ اسٹاک ٹریکنگ اور ڈیجیٹل وے برجز پر کام تیزی سے جاری و ساری ہے راولپنڈی میں اسمارٹ اینڈ سیف ریلوے اسٹیشن کا افتتاح کیا جا چکا ہے دیگر بڑے ریلوے اسٹیشنز پر بھی اسمارٹ اینڈ سیف اسٹیشنز کا قیام شروع ہو چکا ہے اس کے علاوہ ای انسپکشن رجیم اور جدید اٹینڈنس مینجمنٹ سسٹم کے نفاذ پر بھی کام تیزی مکمل کیا جا رہا ہے ڈیجیٹل ادائیگی کے نظام اور مسافروں کے لئے ریلوے اسٹیشنوں کی بہتری کے علاوہ ملازمین کی فلاح و بہبود کے منصوبے جیسے اقدامات شامل ہیں ان اصلاحات کا مقصد صرف چند سہولیات میں اضافہ نہیں بلکہ ریلوے کو ایک جدید، محفوظ اور عوام دوست ادارے میں تبدیل کرنا ہے انتظامی شفافیت، مالی نظم و ضبط اور انسانی وسائل کی پیشہ ورانہ تربیت پر خصوصی توجہ بھی اس بات کی عکاس ہے کہ ریلوے کو طویل المدتی بنیادوں پر مستحکم کرنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں پاکستان ریلوے کی بہتری مسافروں کو معیاری سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ ملازمین کی فلاح و بہبود کے لیے بھی عملی اقدامات جاری ہیں۔ وزیر ریلویز محمد حنیف عباسی کہہ چکے ہیں کہ گارڈز اور لوکو پائلٹس پاکستان ریلوے کے آپریشن کا بنیادی ستون ہیں، اس لیے ان کی فلاح و بہبود اور آرام دہ ماحول کی فراہمی محکمہ ریلوے کی اولین ترجیح ہے انہوں نے راولپنڈی کے بعد ملتان ڈویژن کے خانیوال جنکشن پر بھی گارڈز اور ڈرائیورز رننگ رومز کا افتتاح کر دیا رننگ رومز میں ملازمین کی سہولت کے لیے چوبیس گھنٹے بجلی کی فراہمی کو یقینی بنایا گیا ہے جدید سولر سسٹم بیک اپ بیٹریوں کے ساتھ نصب کیا گیا ہے ہر کمرہ ائیر کنڈیشنڈ ہے تاکہ گارڈز اور لوکو پائلٹس کو آرام دہ ماحول میسر آسکے اس کے علاوہ ایگزیکٹو معیار کا کچن کشادہ ڈائننگ ہال، جدید اور صاف ستھرے واش رومز وسیع راہداریوں اور خوبصورت سرسبز صحن جیسی سہولیات بھی فراہم کی گئی ہیں لاہور سمیت مزید بڑے اسٹیشنوں پر بھی گارڈز اور ڈرائیورز رننگ رومز تیار کئے جا رہے ہیں پاکستان ریلوے کا صوبائی حکومتوں کے تعاون کے ساتھ آگے بڑھنے کے عمل کے تحت احسن اقدام پاکستان ریلوے اور حکومتِ خیبر پختونخوا کے درمیان تاریخی فریم ورک معاہدے پر دستخط ہو گئے۔ جس میں پنجاب، سندھ، بلوچستان کی طرز پر پاکستان ریلوے اور حکومتِ خیبر پختونخواہ کے درمیان صوبے میں ریلوے انفراسٹرکچر کی بحالی، اپ گریڈیشن، جدید کاری، مسافر سہولیات میں بہتری اور ریلوے رابطہ کاری کے بڑے منصوبوں کو آگے بڑھانے کے لیے اہم فریم ورک معاہدے پر دستخط کر دیے گئے وزیرِ اعظم محمد شہباز شریف کے وژن کے تحت طے پانے والا یہ معاہدہ خیبر پختونخوا میں ریلوے کے موجودہ نیٹ ورک کو جدید بنانے کے ساتھ نئے اسٹریٹیجک ریلوے رابطوں، بہتر سفری سہولیات اور علاقائی کنیکٹیویٹی کے ایک بڑے منصوبے کی بنیاد رکھتا ہے معاہدے کے تحت خیبر پختونخوا میں تقریبا 240 کلومیٹر مضافاتی ریلوے لائنوں کو اپ گریڈ کیا جائے گا جن میں پشاور، نوشہرہ، جہانگیرہ روڈ، نوشہرہ، مردان، درگئی، نوشہرہ، مردان، چارسدہ، چکنی، جمرود پور اور جمرود، لنڈی کوتل کے اہم روٹس شامل ہیں اسی فریم ورک کے تحت کوہاٹ سے تھل کے راستے خرلاچی تک تقریبا 192 کلومیٹر نئی اسٹریٹیجک ریلوے لائن کی ترقی بھی شامل ہے جو پاکستان کو افغانستان کے ذریعے وسطی ایشیا سے جوڑنے اور ازبکستان۔ افغانستان۔ پاکستان ریلوے کوریڈور کے تحت علاقائی تجارت اور رابطہ کاری کے نئے امکانات پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرے گی اس کے علاوہ پشاور کینٹ، پشاور سٹی، نوشہرہ اور جہانگیرہ ریلوے اسٹیشنز کی جدید خطوط پر اپ گریڈیشن کے ساتھ مسافروں کے لیے سہولیات اور سروسز کو بھی بہتر بنایا جائے گا جبکہ صوبے میں موجود 81 غیر محفوظ ریلوے کراسنگز کو محفوظ بنانے کے لیے پاکستان ریلوے اور حکومتِ خیبر پختونخوا مشترکہ اقدامات کریں گے یہ معاہدہ صرف ریلوے لائنوں اور اسٹیشنوں کی اپ گریڈیشن تک محدود نہیں بلکہ خیبر پختونخوا میں ایک زیادہ مربوط، محفوظ اور جدید ریلوے نظام قائم کرنے اور پاکستان کو وسطی ایشیا تک وسیع تر ریلوے رابطے سے جوڑنے کی جانب ایک بڑا قدم ہے۔ وزیر ریلویز محمد حنیف عباسی نے حکومتِ خیبر پختونخوا اور وزیرِ اعلیٰ خیبر پختونخوا کے تعاون کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ اس فریم ورک کو عملی منصوبوں میں تبدیل کر کے اس کے ثمرات براہِ راست عوام تک پہنچائے جائیں گے گزشتہ ماہ وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اور وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کے درمیان وزیراعلیٰ ہاؤس میں اہم ملاقات ہوئی ملاقات میں سندھ کے ریلوے نظام کو جدید بنانے، برانچ ریلوے روٹس کی بحالی اور مسافروں کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی سے منصوبے کے مختلف برانچ ریلوے روٹس کو جدید ڈی ایم یو ٹرینوں کے ذریعے فعال اور اپ گریڈ کرنے پر اتفاق ہوا عوام کی جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے خطرناک ریلوے کراسنگز کو بلا تاخیر محفوظ بنانے اور سندھ میں 100 غیر محفوظ اور بغیر پھاٹک ریلوے کراسنگز کو محفوظ بنانے کا منصوبہ اور تجاوزات کا خاتمہ جیسے موضوع بھی زیر غور آئے وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے یقین دلایا کہ ریلوے کراسنگز کی سیفٹی کے لیے وفاقی اور صوبائی حکومت مل کر مؤثر اقدامات کریں گی سندھ حکومت ریلوے انفراسٹرکچر کی بہتری اور محفوظ سفری سہولیات کے لیے پاک ریلوے سے بھرپور تعاون کرے گی جدید ریلوے نظام سندھ کے دور دراز علاقوں کو سستی، محفوظ اور بہتر سفری سہولیات فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا ریلوے اراضی سے تجاوزات کے خاتمے کے لیے صوبائی حکومت پاکستان ریلوے کو مکمل تعاون فراہم کرے گی وزیر ریلوے نے کہا کہ وفاقی حکومت پاکستان ریلوے کو جدید، محفوظ اور عوام دوست نظام بنانے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے سندھ حکومت کے تعاون سے صوبے میں ریلوے انفراسٹرکچر کی بہتری اور مسافروں کو بہتر سہولیات فراہم کی جائیں گی ریلوے کی قیمتی اراضی پر تجاوزات کسی صورت برداشت نہیں کی جائیں گی ریلوے اراضی قومی اثاثہ ہے اس کے تحفظ اور قانونی استعمال کے لیے سندھ حکومت سے مکمل تعاون کریں گے یقیناً اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ مضبوط ریلوے نظام کسی بھی ملک کی اقتصادی ترقی، صنعتی توسیع اور علاقائی رابطوں کا ضامن ہوتا ہے اگر جاری اصلاحات کو تسلسل، شفافیت اور مؤثر منصوبہ بندی کے ساتھ آگے بڑھایا جائے فریٹ سیکٹر کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے اور نجی سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کی جائے تو پاکستان ریلوے نہ صرف اپنے ماضی کا وقار دوبارہ حاصل کر سکتی ہے بلکہ مستقبل میں قومی ترقی کا ایک طاقتور محرک بھی بن سکتی ہے آج ضرورت اس امر کی ہے کہ اس قومی اثاثے کو سیاسی تبدیلیوں سے بالاتر ہو کر ایک مستقل قومی ترجیح بنایا جائے تاکہ ریلوے کا پہیہ صرف پٹڑی پر ہی نہیں بلکہ پاکستان کی معاشی خوشحالی کے سفر کو بھی پوری رفتار سے آگے بڑھا سکے

سعودی عرب، یمن کشیدگی اور سفارت کاری کا نیا راستہ

تحریر: ہمدان عبداللہ

مشرقِ وسطیٰ میں جاری کشیدگی ایک مرتبہ پھر اس مرحلے میں داخل ہو گئی ہے جہاں کسی ایک محاذ پر ہونے والی پیش رفت پورے خطے کے امن، توانائی کی فراہمی اور عالمی تجارت کو متاثر کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ سعودی عرب اور یمن کے حوثیوں کے درمیان حالیہ کشیدگی، بحیرہ؟ احمر اور باب المندب کے اطراف بڑھتے ہوئے خطرات اور خطے میں موجود پہلے سے کشیدہ صورتحال نے کئی ممالک کو اس امر پر مجبور کیا ہے کہ وہ طاقت کے بجائے سفارت کاری کے ذریعے حالات کو مزید بگڑنے سے روکنے کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ اس پس منظر میں پاکستان، ایران اور چین کے درمیان ہونے والے رابطے خصوصی اہمیت رکھتے ہیں کیونکہ ان تینوں ممالک کے خطے میں اپنے تعلقات، اثر و رسوخ اور سفارتی راستے موجود ہیں۔

حالیہ دنوں میں ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی اور پاکستان کے چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا جس میں علاقائی صورتحال، حوثیوں کے حملوں اور کشیدگی کم کرنے کے لیے سفارتی کوششوں پر گفتگو ہوئی۔ پاکستانی حکام کے مطابق پاکستان نے ایران پر زور دیا کہ وہ اپنے اثر و رسوخ کو بروئے کار لاتے ہوئے حوثیوں کو سعودی عرب کے خلاف حملے روکنے پر آمادہ کرے۔ اس رابطے کا اہم پہلو یہ ہے کہ اسلام آباد نے کسی نئے محاذ آرائی کے بجائے بات چیت، سفارت کاری اور امن کے راستے کو ترجیح دی۔

یہ پیش رفت اس اعتبار سے بھی اہم ہے کہ پاکستان کے سعودی عرب کے ساتھ قریبی دفاعی اور برادرانہ تعلقات ہیں، جبکہ ایران پاکستان کا ہمسایہ ملک ہے اور دونوں ممالک کے درمیان تاریخی، مذہبی، ثقافتی اور علاقائی روابط موجود ہیں۔ ایسے ماحول میں اسلام آباد کی سفارتی حکمت عملی کا بنیادی مقصد کسی فریق کے ساتھ محاذ آرائی پیدا کرنا نہیں بلکہ خطے میں توازن برقرار رکھتے ہوئے کشیدگی کو پھیلنے سے روکنا ہونا چاہیے۔ یہی طرزِ عمل پاکستان کو ایک ذمہ دار اور امن پسند علاقائی ملک کے طور پر اپنا کردار مؤثر انداز میں ادا کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ دوسری جانب چین کی جانب سے بھی ایران سے حوثیوں پر اپنے اثر و رسوخ کے ذریعے حملے محدود کرنے کی درخواست سامنے آئی ہے۔ خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق سعودی عرب نے بیجنگ سے مدد طلب کی، جس کے بعد چین نے نجی طور پر تہران پر زور دیا کہ وہ حوثیوں کو سعودی عرب اور خطے میں حملے روکنے کے لیے اپنا اثر و رسوخ استعمال کرے۔ چین نے سرکاری سطح پر بھی کشیدگی میں کمی، مذاکرات اور محفوظ بحری آمد و رفت کی بحالی پر زور دیا ہے۔ یہاں چین کا کردار خاص طور پر قابلِ توجہ ہے۔ بیجنگ کے لیے مشرقِ وسطیٰ کا امن محض سیاسی مسئلہ نہیں بلکہ عالمی تجارت اور توانائی کے تحفظ سے بھی براہِ راست وابستہ ہے۔ باب المندب عالمی بحری تجارت کے اہم راستوں میں شمار ہوتا ہے اور یہاں مسلسل کشیدگی سے تیل کی ترسیل، بحری جہازوں کی آمد و رفت، تجارتی اخراجات اور عالمی سپلائی چین متاثر ہو سکتی ہے۔ اسی لیے چین کی کوششوں کو کسی ایک فریق کی حمایت کے بجائے علاقائی استحکام اور عالمی تجارت کے تحفظ کی کوشش کے طور پر دیکھنا زیادہ مناسب ہوگا۔

سعودی عرب میں طائف کے واقعے نے صورتحال کی سنگینی کو مزید نمایاں کیا ہے۔ سعودی سول ڈیفنس کے مطابق ڈرون کو فضا میں روک کر تباہ کیا گیا تاہم اس کا ملبہ گرنے سے ایک یمنی شہری جاں بحق اور دو افراد زخمی ہوئے۔ مختلف رپورٹس کے مطابق علاقے میں عمارتوں اور گاڑیوں کو بھی نقصان پہنچا۔ اس قسم کے واقعات اس بات کی یاد دہانی کراتے ہیں کہ جدید جنگی ٹیکنالوجی اور ڈرونز کے پھیلاؤ نے خطے کے روایتی دفاعی تصورات کو تبدیل کر دیا ہے اور معمولی سمجھے جانے والے حملے بھی بڑے انسانی اور معاشی نقصانات کا سبب بن سکتے ہیں۔

حوثیوں کے پاس جدید ڈرون اور میزائل ٹیکنالوجی کے سوال پر مختلف دعوے اور تجزیے سامنے آ رہے ہیں۔ بعض حلقوں کی جانب سے یہ دعویٰ کیا جا رہا ہے کہ کسی بڑی طاقت کی پشت پناہی کے بغیر حوثیوں کی صلاحیت میں اس نوعیت کا اضافہ ممکن نہیں، جبکہ دوسری طرف حوثیوں کی اپنی عسکری استعداد، طویل عرصے سے جاری جنگی تجربے اور بیرونی معاونت کے مختلف ذرائع کا ذکر کیا جاتا ہے۔ تاہم کسی بھی فریق پر براہِ راست ذمہ داری عائد کرنے کے لیے قابلِ اعتماد اور آزادانہ طور پر تصدیق شدہ شواہد ضروری ہیں۔ محض قیاس یا سیاسی مفروضے کو حقیقت سمجھ لینا خطے کی پیچیدہ صورتحال کو مزید الجھا سکتا ہے۔

اسی تناظر میں امریکا اور اسرائیل کی جانب سے حوثیوں کی مبینہ پشت پناہی کے دعوے بھی گردش کر رہے ہیں۔ ان دعوؤں کو فی الحال ثابت شدہ حقیقت کے طور پر پیش کرنا مناسب نہیں۔ بین الاقوامی تنازعات میں ایسے الزامات اکثر سیاسی بیانیے کا حصہ بن جاتے ہیں، اس لیے ضروری ہے کہ پالیسی ساز اور میڈیا ان دعوؤں کو مستند شواہد اور قابلِ اعتماد ذرائع کی روشنی میں پرکھیں۔ خطے میں پائیدار امن اسی وقت ممکن ہے جب فیصلے اطلاعات، سفارت کاری اور زمینی حقائق کی بنیاد پر ہوں، نہ کہ افواہوں اور مفروضوں پر۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق موجودہ صورتحال میں پاکستان کے لیے سب سے بڑا موقع یہی ہے کہ وہ اپنے تمام متعلقہ علاقائی روابط کو امن کے مقصد کے لیے استعمال کرے۔ پاکستان کے سعودی عرب کے ساتھ دفاعی تعلقات اپنی جگہ اہم ہیں، لیکن ایران کے ساتھ براہِ راست رابطہ بھی اتنا ہی اہم ہے۔ اسلام آباد اگر دونوں ممالک کے درمیان اعتماد سازی، کشیدگی میں کمی اور مذاکرات کی حوصلہ افزائی میں کردار ادا کرتا ہے تو اس سے نہ صرف پاکستان کے قومی مفادات کا تحفظ ممکن ہوگا

غریب دوست فیصلہ

موجودہ معاشی بحران میں جہاں پوری دنیا جکڑی ہوئی ہے، امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی نے نہ صرف کئی ممالک کی معیشت پر منفی اثرات مرتب کیے ہیں بلکہ کئی ممالک کی معاشی پالیسیوں کا بھی بیڑا غرق کر دیا ہے۔ اسرائیل کی جارحانہ پالیسی جہاں عرب ممالک کو مزید مشکلات سے دوچار کر رہی ہے، وہیں امریکہ کی جانب سے آبنائے ہرمز کے معاملے پر ایران کے ساتھ آنکھ مچولی اور کشیدگی نہ صرف دنیا کے ممالک کے لیے تباہی کا باعث بنی ہے بلکہ اس جنگ نے ترقی پذیر ممالک کی معیشت کی بنیادیں بھی ہلا کر رکھ دی ہیں دنیا کے بدلتے ہوئے ورلڈ آرڈر کے باعث یورپ اور ایشیا کی مارکیٹیں نہ صرف کریش کر گئی ہیں بلکہ فی الحال بہتری کی کوئی واضح روشنی بھی نظر نہیں آ رہی۔ چین اور روس کا مشرقِ وسطیٰ کی جنگ سے بظاہر دور رہنا امریکہ کو جارحیت میں کھلی چھوٹ دے رہا ہے، لیکن اگر چین اور روس براہِ راست اس معاملے میں مداخلت کرتے ہیں تو پھر عالمی جنگ چھڑنے میں زیادہ دیر نہیں لگے گی ایسی صورتحال میں پاکستان جیسے ترقی پذیر ممالک کے لیے طویل المدتی پالیسیاں اور اصلاحات جاری رکھنا انتہائی مشکل ہے، کیونکہ پاکستان کی معیشت کا زیادہ تر انحصار آئی ایم ایف اور دیگر عالمی مالیاتی اداروں پر ہے۔ یہ ادارے جب ترقی پذیر ممالک کو قرض فراہم کرتے ہیں تو اس کے ساتھ ساتھ ان ممالک کی پالیسیوں پر بھی اثرانداز ہوتے ہیں عالمی مالیاتی اداروں کا تعلق امیر اور ترقی یافتہ ممالک سے ہوتا ہے۔ جب یہ ادارے ترقی پذیر ممالک کی پالیسیوں پر اثرانداز ہوتے ہیں تو انہیں زمینی حقائق کا مکمل ادراک نہیں ہوتا، جس کی وجہ سے ان کی مداخلت سے بننے والی پالیسیاں عوام کی امنگوں اور خواہشات کے برعکس ہوتی ہیں موجودہ صورتحال کا اگر ہم باریک بینی سے تجزیہ کریں تو پاکستان کی پالیسیوں اور فیصلوں میں آئی ایم ایف کا بہت زیادہ کردار نظر آتا ہے، کیونکہ آئی ایم ایف اور دیگر ادارے دراصل سامراج کے ایک نئے ہتھکنڈے کے طور پر کام کرتے ہیں مشرقِ وسطیٰ کی تازہ صورتحال اور بدلتی ہوئی عالمی درجہ بندی میں پاکستان ایک ایسا اسلامی ملک ہے جس کے لیے نہ صرف نئے چیلنجز موجود ہیں بلکہ اسے اپنا وجود برقرار رکھنے اور پڑوسی طاقتوں کے ساتھ زمینی

احسان ناریجو

حقائق کے مطابق فیصلے کرنا بھی ایک مشکل مرحلہ درپیش ہے آج جب امریکہ اور ایران کی لڑائی کے باعث عالمی سطح پر تیل کی قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے تو پاکستان بھی اس اضافے سے محفوظ نہیں رہ سکا۔ لیکن یہ کہنا بھی بے جا نہیں ہوگا کہ عالمی مالیاتی اداروں کی پالیسیوں کی مداخلت کی وجہ سے پاکستان مشکل حالات سے دوچار ہے ہمارے ملک کا عوام اس پریشانی میں مبتلا ہے کہ تیل کی قیمتوں میں روز بروز اضافہ کیوں ہو رہا ہے دراصل یہ معاملہ صرف ایران اور امریکہ کی جنگ کی وجہ سے نہیں بلکہ اس کے پیچھے آئی ایم ایف کی ان قسطوں کی ادائیگی کا عمل بھی کارفرما ہے جو حکومتِ پاکستان نے آئی ایم ایف سے قرض لیتے وقت طے کی تھیں موجودہ بدلتے ہوئے عالمی ماحول میں جب پاکستان کو چین کی طرف سے بھی قرض نہیں مل رہا، سعودی عرب بھی ادھار ڈالر فراہم نہیں کر رہا اور متحدہ عرب امارات بھی مدد کرنے کے بجائے اپنے ڈالر واپس نکالنے کی کوشش میں ہے، تو ایسی صورتحال میں حکومت کے پاس براہِ راست تیل کی قیمتوں میں اضافہ کر کے آئی ایم ایف کی قسطیں ادا کرنے کے علاوہ کوئی راستہ نہیں بچتا یہی وجہ ہے کہ حکومت ہر بار پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کر کے آئی ایم ایف کی قسطوں کا بندوبست کرتی ہے اس صورتحال میں جہاں ملکی کاروبار اور معیشت تنزلی کا شکار ہیں، وہیں عام آدمی اور چھوٹے کاروباری افراد بھی شدید پریشانی میں مبتلا ہیں ایسی صورتحال میں وزیراعظم کی جانب سے تیل کی بڑھتی ہوئی قیمتوں میں غریب طبقے کے لیے رعایت ایک تاریک ماحول میں روشنی کی کرن نظر آتی ہے۔ وزیراعظم کے ریلیف پیکیج میں توسیع کرتے ہوئے اب رجسٹرڈ موٹر سائیکلوں، چنگچی رکشوں اور رکشوں کو بھی ریلیف پیکیج میں شامل کیا گیا ہے، جو ہفتہ وار 500 روپے تک پٹرول پر خصوصی رعایت حاصل کر سکیں گے دراصل موٹر سائیکل، چنگچی اور رکشہ غریب اور پسماندہ طبقہ زیادہ استعمال کرتا ہے۔ اس فیصلے سے نچلی سطح پر موجود پسے ہوئے طبقے کو فائدہ پہنچے گا حکومت نے 800 سی سی گاڑیوں کو بھی ماہانہ 30 لیٹر تک 100 روپے فی لیٹر رعایت دینے کا فیصلہ کیا ہے، جس سے متوسط طبقے کو فائدہ پہنچے گا یہ سہولت حاصل کرنے کے لیے حکومت نے 9771 ایس ایم ایس سروس مفت متعارف کرائی ہے تاکہ بغیر کسی اضافی فیس کے ہر اہل شخص اس سہولت سے فائدہ اٹھا سکے اس میں کوئی شک نہیں کہ حکومت کی نیت عوام اور غریب طبقے کو ریلیف دینا ہے، لیکن کچھ پٹرول پمپ مالکان حکومت کی اس سخاوت میں رکاوٹ بننے کی کوشش کرتے ہیں۔ حکومتی اداروں کا بھی فرض بنتا ہے کہ ایسے پٹرول پمپ مالکان کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے جو غریب دوست فیصلے کے خلاف کام کرتے ہیں قوی امید ہے کہ حکومت کی پٹرول سبسڈی یا رعایت غریب طبقے کے لیے فائدہ مند ثابت ہوگی۔ یہ پہلی مرتبہ ایسی صورتحال سامنے نہیں آئی۔ گلفوار افغان وار کے وقت بھی ایسی صورتحال پیدا ہوئی تھی، لیکن مشکل وقت تھوڑے عرصے کے لیے ہوتا ہے اور عوام کی مدد سے حکومت ان مشکل دنوں کا مقابلہ کر سکتی ہے وقت کا تقاضا ہے کہ موجودہ تیل کی قیمتوں میں عالمی سطح پر آنے والے اضافے کے تناظر میں نہ صرف حکومت کی مجبوریوں کا ادراک کیا جائے بلکہ غیر ضروری سفر اور پٹرول کے غیر ضروری استعمال سے بھی گریز کیا جائے اس حوالے سے حکومت کفایت شعاری کے فیصلے کرنے جا رہی ہے، جو موجودہ بحران سے نمٹنے میں مددگار ثابت ہوں گے۔

شہداء کی قربانیوں کے درمیان قومی یکجہتی اور امن کی ضرورت

پاکستان اس وقت ایک ایسے مرحلے سے گزر رہا ہے جہاں قومی سلامتی، داخلی امن اور سیاسی سرگرمیوں کے درمیان توازن پہلے سے کہیں زیادہ اہم ہو گیا ہے۔ ایک طرف سکیورٹی فورسز اور پولیس اہلکار دہشت گردی کے خلاف اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں، دوسری طرف سیاسی کشیدگی کے باعث اسلام آباد کی طرف احتجاجی مارچ کی تیاریاں جاری ہیں۔ ایسے ماحول میں اختلافِ رائے اور سیاسی احتجاج کے جمہوری حق کو تسلیم کرتے ہوئے بھی یہ سوال اہم ہے کہ کیا ملک اس وقت کسی ایسے تصادم کا متحمل ہو سکتا ہے جس سے امن و امان، شہری زندگی اور ریاستی اداروں کے فرائض متاثر ہوں؟

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ حکومت اسلام آباد کی جانب مارچ کو روکنے کے لیے اقدامات کرے گی اور اسلام آباد ہائی کورٹ کے حالیہ تفصیلی فیصلے پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ سیاسی جلسے اور جلوس ایک الگ معاملہ ہیں، لیکن کسی شہر کو بند کرنا، وفاقی دارالحکومت کی طرف جتھوں کی صورت میں پیش قدمی کرنا اور شہریوں کی معمول کی زندگی متاثر کرنا قابل قبول نہیں ہونا چاہیے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے 37 صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلے میں بھی بنیادی حقوق، آزادانہ نقل و حرکت اور پرامن اجتماع کے حق کے درمیان توازن کی ضرورت پر زور دیا گیا ہے۔ یہاں اصل مسئلہ کسی ایک سیاسی جماعت یا حکومت کی حمایت یا مخالفت نہیں بلکہ موجودہ قومی حالات میں سیاسی سرگرمیوں کی نوعیت اور ان کے ممکنہ اثرات ہیں۔ پاکستان میں اختلافِ رائے جمہوری نظام کا لازمی حصہ ہے۔ سیاسی جماعتوں کو عوام سے رابطہ، جلسے، اجتماعات اور احتجاج کرنے کا حق حاصل ہے، لیکن اسی کے ساتھ شہریوں کے کاروبار، تعلیم، علاج، آمد و رفت اور روزمرہ زندگی کے حقوق بھی بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے بھی اپنے فیصلے میں اسی بنیادی توازن کی طرف توجہ دلائی ہے کہ اجتماع کا حق دوسرے شہریوں کے بنیادی حقوق کو متاثر کرنے کا ذریعہ نہیں بننا چاہیے۔

موجودہ صورتحال کی حساسیت اس لیے بھی بڑھ گئی ہے کہ ملک کے مختلف حصوں میں دہشت گردی کے واقعات میں سکیورٹی اہلکاروں اور شہریوں کی جانیں جا رہی ہیں۔ 18 ستمبر کو کوہاٹ میں پولیس کمپاؤنڈ پر خودکش حملے میں

تحریر: وردہ عرفان

ابتدائی طور پر 16 افراد کے جاں بحق ہونے کی اطلاع سامنے آئی، جبکہ بعد میں ہلاکتوں کی تعداد 31 تک پہنچنے کی رپورٹ دی گئی۔ اس واقعے نے ایک بار پھر واضح کیا کہ دہشت گردی کا خطرہ محض ایک انتظامی مسئلہ نہیں بلکہ قومی سلامتی کا سنجیدہ چیلنج ہے۔ اسی طرح ستمبر کے دوران خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں سکیورٹی فورسز کی متعدد کارروائیوں اور جانی نقصانات کی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔ 18 ستمبر کو جاری اطلاعات کے مطابق خیبر پختونخوا میں مختلف کارروائیوں کے دوران دس دہشت گرد مارے گئے جبکہ ایک کارروائی کے دوران چھ سکیورٹی اہلکار بھی شہید ہوئے۔ بلوچستان میں بھی رواں ماہ متعدد کارروائیوں کی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔ تجزیہ بی این پی کے مطابق ان حالات میں سیاسی جماعتوں اور حکومت دونوں پر غیر معمولی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ قانون نافذ کرتے ہوئے طاقت کے استعمال کو آخری اور متناسب اقدام کے طور پر رکھے، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ کرے اور پرامن سیاسی سرگرمی کے لیے قانونی دائرے میں مناسب گنجائش برقرار رکھے۔ دوسری طرف سیاسی جماعتوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے کارکنوں کو نظم و ضبط کا پابند بنائیں، اشتعال انگیزی سے گریز کریں اور ایسے اقدامات نہ کریں جن سے تصادم کا خطرہ پیدا ہو۔

وزیر داخلہ نے احتجاج کے دوران کسی بھی جانی نقصان کی صورت میں منتظمین کو ذمہ دار قرار دینے کی بات بھی کی ہے۔ یہ بیان اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ حکومت ممکنہ تصادم کو ایک سنگین خطرہ سمجھ رہی ہے۔ تاہم ایسی صورتحال میں ریاستی اداروں اور سیاسی قیادت دونوں کو اپنے بیانات میں تحمل کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ سخت الفاظ بعض اوقات ماحول کو مزید کشیدہ کر دیتے ہیں، جبکہ سیاسی اختلاف کو مذاکرات اور قانونی راستے سے حل کرنے کی کوشش کشیدگی کم کرنے میں مدد دیتی ہے۔

حکومت کی جانب سے اسلام آباد کے ریڈ زون اور توسیع شدہ ریڈ زون کی سکیورٹی سخت کرنے، داخلی راستوں پر انتظامات اور پولیس اہلکاروں کی چھٹیوں پر پابندی جیسے اقدامات بھی اسی خدشے کی عکاسی کرتے ہیں کہ انتظامیہ کسی بڑے تصادم یا بدنظمی سے بچنا چاہتی ہے۔ اس کے ساتھ خیبر پختونخوا حکومت کی جانب سے بھی سرکاری افسران، سرکاری گاڑیوں، مشینری اور عوامی فنڈز کو کسی مارچ یا ریلی کے لیے استعمال نہ کرنے کی ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ یہ امر بھی قابل غور ہے کہ وفاق اور صوبوں کے درمیان ادارہ جاتی تعاون ایسے وقت میں زیادہ ضروری ہو جاتا ہے جب دہشت گردی کا چیلنج موجود ہو۔ اگر ایک صوبے کے سرکاری وسائل سیاسی سرگرمیوں کے لیے استعمال ہونے لگیں اور دوسری طرف سکیورٹی ادارے دہشت گردی سے نمٹنے میں مصروف ہوں تو انتظامی ترجیحات کے بارے میں سوالات پیدا ہونا فطری امر ہے۔ سرکاری وسائل عوام کی امانت ہیں اور ان کا استعمال آئینی و قانونی تقاضوں کے مطابق ہونا چاہیے۔ تاہم قومی سلامتی کے نام پر سیاسی اختلاف کو مکمل طور پر دبانا بھی مناسب راستہ نہیں۔

خوردنی تیل کی مقامی پیداوار، زرعی معیشت کا نیا موقع

پاکستان ایک زرعی ملک ہے اور اس کی معیشت، روزگار اور دیہی زندگی کا بڑا حصہ زراعت سے وابستہ ہے، تاہم بعض بنیادی غذائی ضروریات کے لیے درآمدات پر انحصار اب بھی ایک اہم معاشی چیلنج ہے۔ خوردنی تیل بھی انہی شعبوں میں شامل ہے جہاں ملکی ضرورت اور مقامی پیداوار کے درمیان نمایاں فرق موجود ہے۔ گزشتہ مالی سال کے دوران تقریباً پانچ ارب 86 کروڑ ڈالر، یعنی 1624 ارب 82 کروڑ روپے سے زائد مالیت کا خوردنی تیل درآمد کیا گیا، جبکہ مالی سال 2025ء میں یہی درآمدی بل تقریباً تین ارب 40 کروڑ ڈالر تھا۔ گزشتہ چھ برس کے دوران خوردنی تیل کے درآمدی بل میں تقریباً دوگنا اضافہ اس امر کی نشاندہی کرتا ہے کہ ملک میں اس شعبے کی مقامی پیداوار بڑھانے کے لیے مربوط اور نتیجہ خیز اقدامات کی ضرورت ہے۔

یہ صورت حال محض درآمدی اخراجات میں اضافے کا معاملہ نہیں بلکہ پاکستان کے زرعی شعبے کے لیے ایک بڑے معاشی موقع کی بھی نشاندہی کرتی ہے۔ پاکستان اکنامک سروے 2026ء کے مطابق ملک کی خوردنی تیل کی ضرورت کا صرف دس فیصد مقامی سطح پر پیدا کیا جاتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ تقریباً 90 فیصد ضرورت بیرون ملک سے پوری ہوتی ہے۔ اگر اسی خلا کو مرحلہ وار مقامی پیداوار کے ذریعے کم کیا جائے تو ایک طرف قیمتی

تحریر: خزیمہ انصاری الباندہ

زرمبادلہ کی بچت ممکن ہے اور دوسری طرف لاکھوں کسانوں کے لیے نئی فصل، نئی آمدنی اور نئی منڈی کے امکانات پیدا کیے جا سکتے ہیں۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق خوردنی تیل کی درآمدات میں کمی کے لیے سب سے مؤثر راستہ یہ نہیں کہ صرف درآمدی بل کو دیکھا جائے، بلکہ اصل توجہ اس سوال پر مرکوز کی جائے کہ ملک میں تیل دار فصلوں کی پیداوار کیوں کم ہے اور کسان انہیں اپنی فصلوں میں ترجیح کیوں نہیں دیتا۔ سرسوں، کینولا، سورج مکھی اور دیگر تیل دار فصلوں کے لیے پاکستان میں موزوں زمین، موسم اور زرعی تجربہ موجود ہے۔ اگر کسان کو بہتر بیج، مناسب قیمت، جدید زرعی مشورے، مشینری، بروقت ادائیگی اور یقینی منڈی فراہم کی جائے تو اس شعبے میں نمایاں بہتری کی گنجائش موجود ہے۔ زرعی پالیسی کا بنیادی مقصد صرف پیداوار بڑھانا نہیں بلکہ کسان کو ایسی معاشی ترغیب دینا بھی ہونا چاہیے جس کے نتیجے میں وہ اپنی زمین پر زیادہ منافع بخش اور قومی ضرورت سے ہم آہنگ فصل کا انتخاب کرے۔ پاکستان میں کئی مواقع پر کسان کو فصل کی قیمت، مارکیٹ تک رسائی، موسمی خطرات اور پیداواری لاگت کے مسائل کا سامنا رہتا ہے۔ یہی عوامل اسے بعض ایسی فصلوں کی طرف لے جاتے ہیں جن کی مارکیٹ نسبتاً زیادہ مستحکم ہو۔ چنانچہ تیل دار فصلوں کے فروغ کے لیے محض اعلانات کافی نہیں ہوں گے، بلکہ ایسی جامع حکمت عملی درکار ہوگی جس میں کسان کے معاشی مفاد کو مرکزی حیثیت حاصل ہو۔

اس سلسلے میں قومی سیڈ آئل پالیسی کی ضرورت پہلے ہی محسوس کی جا چکی ہے۔ حکومت نے 2023ء میں درآمدات کم کرنے کے مقصد سے قومی سیڈ آئل پالیسی کی تیاری شروع کی تھی، تاہم ابھی تک اس شعبے میں ایک واضح اور مکمل پالیسی سامنے نہیں آ سکی۔ اب بدلتے ہوئے معاشی حالات اس امر کے متقاضی ہیں کہ اس کام کو مزید تاخیر کے بجائے ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے۔ پالیسی ایسی ہو جس میں محض اہداف درج نہ ہوں بلکہ ان اہداف کے حصول کے لیے واضح مدت، ذمہ دار ادارے، مالی وسائل، پیداوار کے تخمینے اور نگرانی کا مؤثر نظام بھی موجود ہو۔ خوردنی تیل کی مقامی پیداوار بڑھانے کا ایک اہم پہلو معیاری بیج کی فراہمی ہے۔ بہتر بیج فصل کی پیداوار، معیار اور منافع تینوں کو متاثر کرتا ہے۔ اگر کسان کو مقامی حالات سے ہم آہنگ زیادہ پیداوار دینے والی اقسام دستیاب ہوں اور انہیں مناسب قیمت پر بروقت فراہم کیا جائے تو تیل دار فصلوں کی پیداوار میں اضافہ ممکن ہے۔

مہنگائی کے دباؤ سے نکلنے کے لیے فوری ریلیف کے ساتھ پائیدار معاشی اصلاحات ضروری

مہنگائی کا مسئلہ کسی بھی معیشت کے لیے محض اعداد و شمار کا معاملہ نہیں ہوتا بلکہ اس کے اثرات براہِ راست عام آدمی کی روزمرہ زندگی، کاروباری سرگرمیوں، صنعتی پیداوار اور مجموعی معاشی اعتماد پر مرتب ہوتے ہیں۔ پاکستان میں بھی پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہونے والے حالیہ اضافوں کے اثرات مختلف شعبہ ہائے زندگی میں محسوس کیے جا رہے ہیں۔ وفاقی ادارہ؟ شماریات کے مطابق 17 ستمبر کو ختم ہونے والے کاروباری ہفتے کے دوران 19 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ہوا جبکہ مہنگائی کی شرح 10.64 فیصد تک پہنچ گئی۔ سالانہ بنیادوں پر ایل پی جی، ڈیزل، پٹرول اور بجلی کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ ہوا، جس کے نتیجے میں گھریلو بجٹ پر دباؤ بڑھا ہے۔ تاہم موجودہ صورت حال کو صرف قیمتوں میں اضافے کے تناظر میں دیکھنے کے بجائے اس کے وسیع تر معاشی پس منظر کو سمجھنا بھی ضروری ہے۔ مہنگائی ایک کثیرالجہتی مسئلہ ہے جس پر توانائی کی قیمتیں، پیداواری لاگت، ترسیل و نقل و حمل کے اخراجات، سپلائی چین، زرعی پیداوار، منڈیوں کا نظام، ذخیرہ اندوزی، طلب و رسد اور عوام کی قوتِ خرید بیک وقت اثرانداز ہوتے ہیں۔ اس لیے اس مسئلے کا پائیدار حل بھی ایسی جامع حکمت عملی کا متقاضی ہے جو مختلف معاشی عوامل کو ایک دوسرے سے مربوط کر کے آگے بڑھے۔

تحریر: بادشاہ خان

تجزیہ بی این پی کے مطابق پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا سب سے فوری اثر نقل و حمل کے شعبے پر پڑتا ہے۔ ڈیزل مال بردار گاڑیوں، زرعی مشینری اور دیگر تجارتی سرگرمیوں میں بنیادی حیثیت رکھتا ہے، اس لیے اس کی قیمت بڑھنے سے اشیا کی ترسیل کی لاگت میں اضافہ ہونا ایک فطری امر ہے۔ جب ایک شہر سے دوسرے شہر تک سامان پہنچانے کے اخراجات بڑھتے ہیں تو اس اضافی لاگت کا ایک حصہ بالآخر صارف تک منتقل ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ایندھن کی قیمتوں میں تبدیلی صرف پٹرول پمپ تک محدود نہیں رہتی بلکہ سبزی، پھل، آٹا، دال، دودھ، صنعتی مصنوعات اور دیگر ضروری اشیا کی قیمتوں پر بھی اس کے بالواسطہ اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ زراعت بھی توانائی کی قیمتوں سے براہِ راست متاثر ہونے والا اہم شعبہ ہے۔ ٹریکٹر، ٹیوب ویل، زرعی مشینری، فصل کی کٹائی، نقل و حمل اور منڈی تک پیداوار پہنچانے کے مختلف مراحل میں ایندھن استعمال ہوتا ہے۔ اگر پیداواری لاگت میں مسلسل اضافہ ہو تو کسان کے لیے مناسب قیمت پر پیداوار فراہم کرنا مشکل ہو سکتا ہے۔ دوسری طرف صارف پہلے ہی محدود آمدن کے باعث قیمتوں کے دباؤ کا سامنا کر رہا ہوتا ہے۔ اس صورتحال میں ضرورت اس امر کی ہے کہ زرعی شعبے کی پیداواری لاگت کم کرنے، پانی اور توانائی کے بہتر استعمال، جدید زرعی ٹیکنالوجی کے فروغ اور کسان کو براہِ راست سہولت فراہم کرنے کے اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جائے۔ صنعتی شعبہ بھی مہنگی توانائی کے اثرات سے محفوظ نہیں رہ سکتا۔ بجلی اور ایندھن کی قیمتیں صنعتی پیداواری لاگت کا اہم حصہ ہوتی ہیں۔ اگر توانائی مہنگی ہو تو مصنوعات کی لاگت بڑھتی ہے، جس سے مقامی مارکیٹ میں قیمتوں کا دباؤ پیدا ہونے کے ساتھ ساتھ عالمی منڈی میں پاکستانی مصنوعات کی مسابقتی صلاحیت بھی متاثر ہو سکتی ہے۔ اس لیے مہنگائی پر قابو پانے کی حکمت عملی کو صنعتی ترقی، برآمدات میں اضافے اور پیداواری استعداد بہتر بنانے کے اہداف سے الگ نہیں کیا جا سکتا۔ یہاں یہ بات بھی قابلِ توجہ ہے کہ مہنگائی صرف قیمتوں میں اضافے کا نام نہیں بلکہ آمدن اور اخراجات کے درمیان بڑھتے ہوئے فرق کا دوسرا نام بھی ہے۔ ایک متوسط یا کم آمدن رکھنے والے خاندان کے لیے اگر خوراک، بجلی، گیس، ٹرانسپورٹ اور تعلیم کے اخراجات بڑھتے جائیں اور آمدن اسی رفتار سے نہ بڑھے تو حقیقی قوتِ خرید کم ہونے لگتی ہے۔

فلسطین میں انسانی بحران ناقابل برداشت ہوچکا، سعودی وزیر خارجہ

غزہ کے لیے سعودی عرب کے فراہم کردہ پروگراموں اور منصوبوں کی کل رقم 500 ملین ریال سے بڑھ گئی، خطاب

ریاض (این این آئی) سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان نے کہا کہ غزہ کی پٹی میں حالیہ کشیدگی اور تنازعات کے دائرے میں توسیع کے اثرات ایک ایسی جامع جنگ تک پہنچنے کے خطرے کو ظاہر کررہے ہیں جس پر قابو پانا مشکل ہے۔ فلسطین میں انسانی بحران کے حالات ناقابل برداشت حد تک پہنچ چکے ہیں کیونکہ وحشیانہ جنگی مشین کے ہاتھوں 44 ہزار سے زیادہ فلسطینی اپنی جانیں گنوا چکے ہیں۔ ایک لاکھ سے زیادہ زخمی ہیں۔ ساڑھے تین لاکھ افراد غیر انسانی حالات میں رہ رہے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق شہزادہ فیصل بن فرحان نے مزید کہا کہ سعودی عرب نے اسرائیلی حملوں کے متاثرین کو تعاون اور امداد فراہم کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ غزہ کی پٹی میں بحران کے آغاز سے لے کر اب تک سعودی عرب کی طرف سے فراہم کیے گئے کل پروگراموں اور منصوبوں کی رقم 500 ملین ریال سے زیادہ ہوگئی ہے۔ سعودی وزیر خارجہ کے مطابق مملکت کی جانب سے غزہ کی پٹی میں فلسطینی عوام کو 6,600 ٹن سے زائد خوراک اور پناہ گاہوں کا سامان بھیجا گیا ہے۔ ادویات، طبی سامان اور ایمبولینسز فراہم کی گئی ہیں۔ سعودی وزیر خارجہ نے وضاحت کی کہ بچوں، خواتین اور بوڑھوں کا قتل عام، غزہ کی پٹی میں بنیادی ڈھانچے کو تباہ کرکے اور محاصرے اور جبری نقل مکانی کی پالیسی پر عمل پیرا ہو کر اسرائیل نے جارحیت کا مظاہرہ کیا۔ فلسطینیوں کی زمینوں پر اسرائیلی قبضہ وہاں مصائب کو برقرار بڑھا رہا

فتح اور حماس کے درمیان اہم پیش رفت، غزہ ریلیف فنڈ پر تنازع ختم

فتح اور حماس نے مصری تجویز پر مثبت جواب دیا ہے اور اس کی منظوری دے دی، ذرائع

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) حماس اور فتح کے نمائندوں کے درمیان قاہرہ اجلاس کے اختتام پر اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ تحریک فتح اور تحریک حماس کے درمیان ایک معاہدہ طے پایا ہے جس سے امدادی اور تعمیر نو کے فنڈز کے انتظام پر تنازع ختم ہوگیا۔ عرب ٹی وی کے مطابق ذرائع نے واضح کیا کہ فتح اور حماس نے مصری تجویز پر مثبت جواب دیا ہے اور اس کی منظوری دے دی ہے۔ اس حوالے سے فتح ایک ہفتے کے اندر جواب دے گی اور اس کا وفد قاہرہ واپس آئے گا۔ قاہرہ میں حکام نے فلسطینی صدر محمود عباس کی قیادت میں حماس اور فتح کے درمیان جنگ کے بعد غزہ کی پٹی کے انتظام کے لیے ایک کمیٹی کے قیام کے امکان کے بارے میں مذاکرات کی میزبانی کی۔ مصر نے جنگ کے خاتمے کے فوراً بعد غزہ کا انتظام کرنے کے لیے فلسطینی اتھارٹی کے زیرنگرانی آزاد خصوصی ماہرین پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دینے کی تجویز پیش کی۔ دوسری طرف اسرائیل نے کہا ہے کہ حماس کا گورننس میں کوئی کردار نہیں ہونا چاہیے۔ مذاکرات کے قریبی ایک اہلکار نے بتایا کہ اس حوالے سے پیش رفت ہوئی ہے لیکن کوئی حتمی معاہدہ نہیں ہوسکا۔ اسرائیل کی منظوری اس بات کا تعین کرنے میں اہم ہوگی

خضدار، کرخ کے شہری فری آئی میڈیکل کیمپ میں اپنی باری کا انتظار کررہے ہیں

چوہدری شافع حسین نے ڈنگہ میں سپورٹس اسٹیڈیم کا سنگ بنیاد رکھ دیا

سپورٹس اسٹیڈیم 6 ماہ میں مکمل ہوگا اور 100 ملین روپے لاگت آئے گی

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے گجرات کے علاقے ڈنگہ میں میجر اکرم شہید سپورٹس اسٹیڈیم کا سنگ بنیاد رکھ دیا۔ سپورٹس اسٹیڈیم کی تعمیر کا کام 6 ماہ میں مکمل ہوگا اور اس پر 100 ملین روپے لاگت آئے گی۔ سپورٹس اسٹیڈیم میں کرکٹ، فٹ بال، کبڈی اور دیگر کھیلوں کے مقابلے منعقد ہوں گے۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے اہل علاقہ کو 14 ایکڑ رقبے پر بننے والے اسپورٹس اسٹیڈیم کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ اس اسٹیڈیم کی تکمیل سے نوجوانوں کو سپورٹس سرگرمیوں کیلئے زبردست سہولت ملے گی۔ صوبائی وزیر نے عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سابق حکمرانوں نے ترقیاتی منصوبوں کے نام پر قومی وسائل کی لوٹ مار کے سوا کچھ نہیں کیا، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں موجودہ حکومت نے صرف 10 ماہ میں عوامی خدمت کی نئی تاریخ رقم کردی۔ پنجاب کے کونے کونے میں ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھا دیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم خالی دعوے نہیں دن رات عوام کی خدمت کررہے ہیں۔ کسانوں کو بلاسود قرضے دیئے جارہے ہیں۔ پنجاب میں انڈسٹری کے فروغ اور نئی سرمایہ کاری لانے کے لئے نتیجہ خیز اقدامات کئے گئے ہیں، انڈسٹری کی ضرورت کے مطابق ہنرمند افرادی قوت کی تیاری کیلئے ٹیوٹا کے اداروں کی آپ گریڈیشن کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائداعظم بزنس پارک شیخوپورہ میں 1630 ایکڑ رقبے پر گارمنٹ سٹی بن رہا ہے، ڈنگہ میں بنجر زمین کی نشاندھی کریں، انڈسٹریل اسٹیٹ بنادیں گے، ڈنگہ کی مختلف ترقیاتی سکیموں کے لئے فنڈز جاری ہوچکے ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ ڈنگہ کے لوگوں نے جو آج محبت دی اسے کبھی فراموش نہیں کرسکتا۔ ایم پی اے چوہدری اعجاز رنیہ نے کہا

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

چاند پر زمین کے مقابلے میں وقت زیادہ تیزی سے چلتا ہے؟ دلچسپ انکشاف

ناسا آرٹیمس مشن کے حصے کے طور پر خلابازوں کو چاند پر واپس بھیجنے کی تیاری کررہا ہے، رپورٹ

نیویارک (این این آئی) چاند اور زمین پر گھڑی کی رفتار میں فرق ہوگا۔ حالیہ تحقیق کے مطابق، چاند کی کمزور کشش ثقل کی وجہ سے وہاں کی گھڑیاں زمین کی گھڑیوں کے مقابلے میں تیز چلتی ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق فلکیاتی جریدے میں شائع ہونے والی ایک نئی تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ البرٹ آئن سٹائن کی عمومی اضافیت کی تھیوری Theory of General Relativity پر مبنی وقت زمین کی نسبت چاند پر زیادہ تیزی سے چلتا ہے۔ چاند کی کمزور کشش ثقل کی وجہ سے فرق ہے۔ اس فرق کی مقدار تقریباً 56 مائیکرو سیکنڈ فی دن ہے، یعنی چاند پر موجود گھڑی زمین کی گھڑی سے روزانہ 0.000056 سیکنڈ زیادہ وقت دکھائے گی۔ یہ فرق عمومی نسبیت کے نظریے کی بنیاد پر سمجھایا گیا ہے، جو بتاتا ہے کہ کسی بھی جگہ گھڑی کی رفتار اس جگہ کی کشش ثقل اور حرکت کے حالات پر منحصر ہوتی ہے۔ مطالعہ میں شامل ایک نظریاتی طبیعیات دان بیجوناتھ پٹلا نے وضاحت کی کہ اگر ہم چاند پر ہیں، تو گھڑیاں زمین کی نسبت مختلف رفتار پر چلے گی۔ ناسا آرٹیمس مشن کے حصے کے طور پر خلابازوں کو چاند پر واپس بھیجنے کی تیاری کررہا ہے۔ زمین اور چاند کے درمیان موثر مواصلات اور نیویگیشن کو یقینی بنانے کے لیے ان کی ٹائم کیپنگ کو درست طریقے سے ہم آہنگ کرنا ضروری ہے۔

قائد جمعیت ملک، عوام کے حقوق جنگ لڑ رہے ہیں، جے یو آئی

مولانا فضل الرحمٰن کی ملک کیلئے قربانیاں ناقابل فراموش ہیں اپنی قیادت پر ہر کارکن کو فخر ہے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ قائد جمعیت ملک اور عوام کے حقوق کی جنگ لڑ رہے ہیں، اس وقت پاکستان میں جمعیت علماء اسلام واحد پارٹی ہے جو حقیقی اپوزیشن کا کردار ادا کررہی ہے، مولانا فضل الرحمٰن کی ملک کیلئے قربانیاں ناقابل فراموش ہیں اپنی قیادت پر ہر کارکن کو فخر ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہر مشکل وقت میں جمعیت کی قیادت ہی نے عوام کے حقوق اور ریاست کے بچاؤ کا مقدمہ لڑا ہے

پاکستان فزیوتھراپی ایسوسی ایشن بلوچستان کے صدر ڈاکٹر عمیر بلوچ و دیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں

بھارتی پنجاب کے سابق نائب وزیراعلی کو توہین مذہب پر بیت الخلا اور جوتے صاف کرنے کی سزا

شرومنی اکالی دل کے رہنما سکھبیر سنگھ بادل 10 سال تک بھارتی پنجاب کے نائب وزیراعلی رہے

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی پنجاب کے سابق نائب وزیراعلی سکھبیر سنگھ بادل کو سکھ مذہب کی توہین کرنے پر بیت الخلا اور جوتے صاف کرنے کی سزا سنائی گئی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق شرومنی اکالی دل کے رہنما سکھبیر سنگھ بادل 10 سال تک بھارتی پنجاب کے نائب وزیراعلی رہے، انہوں نے اس مدت کے دوران اپنے کچھ فیصلوں میں مذہبی بدسلوکی کی تھی جس کی وجہ سے انہیں سکھوں کے مذہبی رہنماؤں کی تنظیم اکالی دل کی جانب سے تنکھیا (مذہبی بدسلوکی کا قصوروار) قرار دیا گیا۔ سکھبیر بادل نے اپنے خلاف لگائے گئے الزامات کا اعتراف بھی کرلیا ہے، جس کے بعد اب انہیں سزا کے طور پر مختلف گردواروں میں آج سے برتن، جوتے اور بیت الخلا صاف کرنے پڑیں گے۔ اکال دکل کے جتھیدار گیانی رگھوبیر سنگھ کی سربراہی میں پانچ اعلی سکھ مذہبی رہنماؤں نے شرومنی اکالی دل (ایس اے ڈی) کی ورکنگ کمیٹی سے سکھبیر بادل کا پارٹی صدر کے عہدے سے استعفی قبول کرنے کا بھی مطالبہ کیا اور کہا کہ سابق وزیراعلی پرکاش سنگھ بادل کو دیا گیا فخر قوم کا لقب واپس لیا جائے۔ اکال تخت میں سکھ پادریوں نے 'تنکھیا' کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ سکھبیر سنگھ بادل 3 دسمبر کو دوپہر 12 بجے سے دوپہر ایک بجے تک باتھ روم صاف کریں گے۔

ملک میں روزانہ 150 بچے پیدائشی نقائص کے باعث مرجاتے ہیں، طبی ماہرین کا انکشاف

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان میں ہر روز تقریباً سات ہزار بچے مختلف بیماریوں کے باعث جاں بحق ہو جاتے ہیں جن میں سے 150 بچے مختلف پیدائشی نقائص کے باعث اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔ معروف پیڈیاٹرک سرجن اور ایسوسی ایشن آف آئیڈیاٹرک سرجن آف پاکستان کے صدر ڈاکٹر محمد ارشد نے انکشاف کیا کہ بچوں کے کونجینائٹل ڈیفیکٹس یا پیدائشی نقائص پیدائش کے فوراً بعد آپریشن یا سرجری کے ذریعے ٹھیک کیے جاسکتے ہیں

دنیا بھر میں ہر 43 سیکنڈ کے دوران ایک شخص نمونیا کی بھینٹ چڑھ رہا ہے، ڈاکٹر سکندر حیات وڑائچ

مکوآنہ (این این آئی) دنیا بھر میں ہر 43 سیکنڈ کے دوران ایک شخص نمونیا کی بھینٹ چڑھ کر دنیا سے رخصت ہورہا ہے۔ جبکہ پاکستان میں سالانہ 5 لاکھ افراد نمونیا سے موت کا شکار ہورہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق ڈی ایچ کیو ٹیچنگ ہسپتال کے ٹی بی اینڈ چیسٹ سپیشلسٹ ڈاکٹر سکندر حیات وڑائچ نے گفتگو کرتے ہوئے بتایا

گاڑیوں کی خریداری کے لئے بینکوں کی جانب سے قرضوں کے اجرا میں کمی

مکوآنہ (این این آئی) گاڑیوں کی خریداری کے لئے بینکوں کی جانب سے قرضوں کے اجرا میں اکتوبر کے دوران سالانہ بنیادوں پر کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ سٹیٹ بینک کی جانب سے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق اکتوبر 2024 میں گاڑیوں کی خریداری کے لئے بینکوں کی جانب سے فراہم کردہ قرضہ جات کا حجم 236 ارب روپے ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ سال اکتوبر کے مقابلہ میں 10.7 فیصد کم ہے۔ گزشتہ سال اکتوبر میں گاڑیوں کی خریداری کے لئے بینکوں کی جانب سے مجموعی طور پر 264 ارب روپے کے قرضے جاری کئے

جیکب آباد، شہری اتحاد کی جانب سے دودھ میں کیمیکل ملانے والے دکانداروں اور بدامنی کیخلاف ریلی نکالی جارہی ہے

پی ٹی آئی کا ایجنڈا انتشار و فتنہ پھیلانا، ملک کے مستقبل سے کھلواڑ کرنیوالوں کا کوئی مستقبل نہیں، ملک سجاد

بانی پی ٹی آئی دھرنوں، جلوسوں، انتشار، فساد، جلاؤ گھیراؤ کرنے سے نہیں عدالتوں سے آزاد ہونگے، مسلم لیگی رہنما

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) اسلام آباد کے سنیئر رہنما و سابق یوسی چیئرمین ملک سجاد نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی بے نقاب ہو چکے ہیں، ان کا ایجنڈا انتشار، فساد اور فتنہ پھیلانا ہے، ملک کے مستقبل سے کھلواڑ کرنیوالوں کا کوئی مستقبل نہیں، اب ملکی بھاگ دوڑ مسلم لیگ (ن) کی باصلاحیت قیادت کے ہاتھوں میں ہے اور آئندہ بھی یہی جماعت عوامی پذیرائی سے ملک وقوم کی خدمت کا فریضہ سرانجام دیتی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ وفاقی وزیراعظم شہباز شریف اور پنجاب حکومت وزیراعلیٰ مریم نواز شریف بھی عوامی خدمت اور ملکی استحکام و ترقی میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھے ہوئے ہے، پاکستان کے باشعور عوام ملک میں سیاسی و معاشی استحکام چاہتے ہیں اور شرپسندی و افراتفری کو فروغ دینے کی کوششیں کرنے والوں کو مسترد کرچکے ہیں، وزیراعظم شہباز شریف اور ان کی ٹیم ملک کو ترقی یافتہ بنائے گی، حکومت مہنگائی کے خلاف عملی اقدامات اٹھا رہی ہے جس کے ثمرات قوم کو ریلیف کی صورت میں میسر آنا شروع ہوگئے ہیں۔ مسلم لیگی رہنما ملک سجاد نے کہا کہ افواج پاکستان نے پاکستان میں قیام امن کیلئے لازوال قربانیاں دی ہیں، قوم اپنے قابل رشک شہیدوں کے احسانات اور یتیموں کے احساسات فراموش نہیں کرسکتی، شوق شہادت سے سرشار ہمارے جانبازوں کو سرپسندوں کا ناپاک وجود کچلنا آتا ہے

اسرائیلی دہشتگردی، فلسطین سے یکجہتی، سی ویو روڈ پر عظیم الشان ''غزہ مارچ'' کا انعقاد، اہل کراچی کی بھرپور شرکت

450 دن سے اسرائیل بمباری کررہا ہے، 57 اسلامی ممالک اور 70 لاکھ افواج خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں۔ منعم ظفر خان کا خطاب

کراچی (این این آئی) اسرائیلی دہشت گردی و جارحیت کے خلاف اور اہل غزہ و فلسطین سے اظہار یکجہتی کیلئے جماعت اسلامی کے تحت اتوار کو ساحل سمندر مین سی ویو روڈ پر عظیم الشان ''غزہ مارچ'' کا انعقاد کیا گیا جس میں ہزاروں مرد وخواتین، بچوں، نوجوانوں، سول سوسائٹی و مختلف شعبہ زندگی سے وابستہ افراد نے بھرپور شرکت کی۔ ساحل سمندر پر اہل غزہ سے اظہار یکجہتی کیلیے ہونے والا یہ مارچ اپنی نوعیت کا تاریخی و منفرد ایونٹ تھا، شرکاء نے فلسطین کے جھنڈے اور مختلف پلے کارڈز اور بینرز اٹھائے ہوئے تھے۔ قبل ازیں امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان کی قیادت میں نشان پاکستان پارک سے مین سی ویو روڈ پر ریلی بھی نکالی گئی۔ منعم ظفر خان نے ''غزہ مارچ'' کے ہزاروں شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 450 دن گزر گئے ہیں، اسرائیل معصوم بچوں اور عورتوں پر بمباری کررہا ہے، 57 اسلامی ممالک اور 70 لاکھ افواج خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں، اگر اسلامی ممالک کے حکمرانوں نے امریکی غلامی ترک نہ کی تو اہل غزہ و لبنان کے بعد کوئی اور اسلامی ملک بھی محفوظ نہیں رہے گا، مسلم دنیا کے ممالک کے پاس بہترین جنگی ساز وسامان اور وسائل موجود ہیں، عوام امریکا و اسرائیلی مصنوعات کا بائیکاٹ کرکے ان کا معاشی بائیکاٹ کریں اور پیغام دیں کہ اب مزید بمباری جاری نہیں رکھی جاسکتی، بحیثیت امت مسلمہ او آئی سی کی ذمہ داری ہے کہ امریکہ اور اسرائیل کے خلاف راست اور عملی اقدامات کریں، عالم اسلام کے حکمران اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ کریں تو کامیابی و فلاح صرف اور صرف اسلام کا ہی مقدر بنے گی اور امریکا و اسرائیل کو شکست ہوگی، مسلمانوں کا قبلہ اول ضرور آزاد ہوگا۔ ''غزہ مارچ'' سے سابق صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر سعد خالد نیاز، سی ای او الخدمت و نائب امیر جماعت اسلامی کراچی نوید علی بیگ، امیر ضلع جنوبی سفیان دلاور، فلسطین فاؤنڈیشن کے سربراہ صابر ابومریم، اسعد اعجاز و دیگر نے بھی خطاب کیا۔ منعم ظفر خان نے مزید کہا کہ کراچی نے ایک بار پھر ثابت کردیا کہ اہل کراچی کے دل غزہ و فلسطین کے مسلمانوں کے ساتھ دھڑکتے ہیں، مختصر وقت میں اہل کراچی گھروں سے نکل کر فلسطین سے اظہار یکجہتی کررہے ہیں۔ 7 اکتوبر کو حماس کے مجاہدین نے اسرائیل کے غرور کو خاک میں ملا دیا ہے۔ 1917 کو برطانیہ میں معاہدہ کیا گیا جس میں فلسطین کی سرزمین پر پوری دنیا سے یہودیوں سے لاکر بسایا گیا

دمشق کی درخواست پر ہمارے فوجی مشیر شام میں موجود رہیں گے، ایران

شام اور خطے میں عدم تحفظ کا سب سے بڑا فائدہ اسرائیل کو ہے، ترجمان وزارت خارجہ

تہران (این این آئی) شام میں زمینی سطح پر تیزی سے پیش رفت کے بعد اور حلب پر مسلح دھڑوں کی جانب سے کیے گئے اچانک حملے کے تناظر ایرانی وزارت خارجہ نے شامی حکومت کی حمایت کا اظہار کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ دمشق کی درخواست پر ایرانی فوجی مشیروں کی دمشق میں موجودگی برقرار رہے گی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ شام اور خطے میں عدم تحفظ کا سب سے بڑا فائدہ اسرائیل کو ہے۔ انہوں نے کہا کہ "یہ خیال کیا جاسکتا ہے کہ لبنان میں جنگ بندی کے اعلان کے فوراً بعد دہشت گرد گروہوں کا دوبارہ متحرک ہونا محض ایک اتفاق یا حادثہ ہے، لیکن اگر ہم 2011 اور 2012 کے بعد شام میں دہشت گردی کے ابھرنے کی تاریخ پر نظر ڈالیں اور اس کے اور اسرائیل کے درمیان مشکوک تعلقات کو دیکھیں تو ہم ان واقعات کو محض اتفاق نہیں سمجھ سکتے۔

پنجاب حکومت نے گندم 4 ہزار فی من نہ خریدی تو آئندہ فصل نہیں ہوگی، چیئرمین کسان اتحاد

پنجاب کے علاوہ سارے صوبوں نے 4 ہزار فی من گندم خریدی، چیئرمین کسان اتحاد خالد حسین باٹھ

ملتان (این این آئی) چیئرمین کسان اتحاد خالد حسین باٹھ نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت نےگندم 4 ہزار فی من نہ خریدی تو گندم کی آئندہ فصل نہیں ہوگی۔ کسان تنظیموں کے عہدیداروں کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے چیئرمین کسان اتحاد خالد حسین باٹھ نے کہا کہ وفاقی حکومت بھی پاسکو کو ختم کرنے جارہی ہے، موسمیاتی تبدیلی کے باعث اس سال گندم کی پیداوار کم ہوگی، حکومت کو گندم امپورٹ کرنی پڑیگی۔ چیئرمین کسان اتحاد نے کہا کہ حکومت پنجاب نے ہمارا کوئی مطالبہ پورا نہیں کیا، وزیراعلیٰ پنجاب سے ہم گندم کا 4 ہزار فی من ریٹ مانگتے ہیں، پنجاب کے علاوہ سارے صوبوں نے 4 ہزار فی من گندم خریدی، حکومت نےگندم 4 ہزار فی من نہ خریدی تو گندم کی آئندہ فصل نہیں ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ گنے کا ریٹ بھی شوگر مل مالکان کی مرضی سے 250 سے 300 روپے من طے ہوا۔

پاکستان سمیت دنیا بھر میں اشاروں کی زبان کا عالمی دن 23 ستمبر کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں سماعت سے محروم افراد کی اشاروں کی زبان کا عالمی دن 23 ستمبر کو منایا جائے گا، پہلی مرتبہ اس دن کا انعقاد 2018 میں کیا گیا، سماعت سے محروم افراد کے سماجی حقوق کے تحفظ اور ان کی زبان کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لئے اس دن کا انعقاد کیا گیا،

بلوچستان کی موجودہ زبوں حالی اور حکومتی بے حسی کو دیکھ کر کوئی باشعور فرد خاموش نہیں رہ سکتا، مولانا عبدالواسع

حکومت کی جانب سے اشرافیہ کو نوازنا اور عوام کو نظرانداز کرنا، گڈ گورننس کے نام پر دھوکہ دہی کے مترادف ہے، امیر جے یو آئی

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے امیر و سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ بلوچستان کی موجودہ زبوں حالی اور حکومتی بے حسی کو دیکھ کر کوئی باشعور فرد خاموش نہیں رہ سکتا حکومت کی جانب سے اشرافیہ کو نوازنا اور عوام کو نظرانداز کرنا، گڈ گورننس کے نام پر دھوکہ دہی کے مترادف ہے ایسے حالات میں خاموش رہنا ممکن نہیں اور ہم عوام کی حمایت کے ساتھ میدان میں اترنے کا فیصلہ کرچکے ہیں ہم مرحلہ واران منصوبہ سازوں اور ان کی منظم سازشوں کو بے نقاب کرتے رہیں گے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ بلوچستان کے عوامی مینڈیٹ کو مسخ کرکے مصنوعی قیادت کو آگے لانا اور صوبے کی باگ ڈور ان کے ہاتھ میں دینا بدترین خیانت سمجھتے ہیں ہم دیکھ رہے ہیں کہ کس طرح اس صوبے کو تاریکی میں دھکیلا جارہا ہے اس مٹی کے وفاداروں کو اقتدار سے دور رکھ کر اپنے مفادات کی تکمیل کرنے والے اشرافیہ سے حساب لیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ کیا تعلیم صرف اشرافیہ کے بچوں کا حق ہے؟ کیا بہترین ماحول میں پرورش پانا صرف انہی کا حق ہے؟ وسائل سے مالا مال صوبے کے غریب بچوں کو ذہنی تناؤ کا شکار بنا دیا گیا ہے، اس پر اب ہر چوک اور چوراہے میں سوالات اٹھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ قلعہ سیف اللہ ژوب کے واقعے نے عوام کو کیا پیغام دیا؟ کیا اسطرح کے واقعات پر خاموشی ناکام حکومت کی ناکام پالیسی واضح نہیں کرتی، موجودہ امن و امان کی حالت بدترین سطح پر پہنچ چکی ہے حکومت عوام کی چیخ و پکار کو یا تو سننے سے قاصر ہے یا دانستہ طور پر نظرانداز کررہی ہے کوئی ایسا شعبہ نہیں جس میں بہتری نظر آئے صحت کا نظام تباہ ہو چکا ہے اور ڈاکٹروں اور صحت کے ملازمین کے جائز مطالبات کو نظرانداز کیا جارہا ہے تمام وزارتوں میں ذاتی مفادات کو ترجیح دی جارہی ہے اور عوامی فلاح کو نظرانداز کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ذاتی مفادات سے ہٹ کر غریب عوام پر رحم کرے اور صحت کی سہولیات کو ذاتی بغض وعناد سے آزاد رکھے غیر قانونی طریقے سے اقتدار پر قابض افراد سے شفافیت اور میرٹ کی توقع عبث ہے سب سے پہلے خود احتساب کریں اور عوامی مینڈیٹ کو حقیقی عوامی نمائندوں کے سپرد کریں

کراچی، وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ سے وفاقی وزیر رانا تنویر حسین ملاقات کررہے ہیں

اقوام متحدہ کی غزہ میں مزید تباہی کو روکنے کے لیے فیصلہ کن اقدامات کی اپیل

غزہ میں امداد کی فوری ضرورت اور اس کی طویل مدتی بحالی کے منصوبے بنائے جائیں، امینہ محمد

اقوام متحدہ (این این آئی) اقوام متحدہ کی ڈپٹی سیکرٹری جنرل امینہ محمد نے غزہ کی صورتحال کو خوفناک اور قیامت خیز قرار دیتے ہوئے عالمی رہنماؤں سے اپیل کی کہ وہ غزہ میں مزید تباہی کو روکنے کے لئے فیصلہ کن اقدامات کریں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مصری صدر عبدالفتاح السیسی کی طرف سے مصر کے دارالحکومت قاہرہ میں بلائی گئی غزہ کے لئے انسانی امداد سے متعلق وزارتی کانفرنس میں اقوام متحدہ کی نائب سربراہ امینہ محمد نیاپنے خطاب میں غزہ میں امداد کی فوری ضرورت اور اس کی طویل مدتی بحالی کے منصوبے پر زور دیا۔ انہوں نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریش کی نمائندگی کرتے ہوئے کہا کہ ہم فلسطینی عوام کے لیے جان بچانے والی امداد میں فوری اضافے کو یقینی بنانے، ممکنہ جنگ بندی کی تیاری کو یقینی بنانے، اور بحالی اور تعمیر نو کے لیے بنیاد رکھنے کے لئے یہاں موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیلی فوجی کارروائیوں میں 44 ہزار سے زیادہ فلسطینی جن میں زیادہ تر خواتین اور بچے شامل ہیں، شہید ہوچکے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ گزشتہ چار مہینوں میں شدید غذائی قلت کی وجہ سے تقریباً 19,000 افراد ہسپتال میں داخل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ غزہ میں اب عالمی سطح پر فی کس بچوں کی سب سے زیادہ تعداد ہے، جہاں کئی سرجریاں بے ہوش کئے بغیر کی جارہی ہیں

جماعت اسلامی کے تحت سکھر میں بدامنی اور ڈاکو راج کیخلاف آل پارٹیز کانفرنس

، اسداللہ بھٹو، میاں مٹھو، فتاح سمیجو، محمد صالح انڈھڑ، ڈاکٹر مہر چند، محمد یوسف، انتظار چھلگری ودیگر رہنماؤں کا خطاب

سکھر (این این آئی) سندھ کی مختلف سیاسی، سماجی، مذہبی، قوم پرست جماعتوں، وکلاء، صحافیوں، اقلیتی نمائندوں اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے سندھ میں بدامنی اور ڈاکو راج کو سندھ میں پیپلز پارٹی کی حکومت کی ناکامی قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ آئی جی سندھ پولیس کو ہٹایا جائے۔ سندھ میں امن امان کی بحالی اور جرائم کے خاتمے کے لیے جرائم پیشہ عناصر اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف بنا کسی فرق کے آپریشن کرکے اچھی شہرت کے حامل پولیس افسران کو تعینات کیا جائے اور عوام کو ڈاکو راج سے نجات دلائی جائے۔ سکھر کے مقامی ہوٹل میں جماعت اسلامی سندھ کے امیر کاشف سعید شیخ کی صدارت میں اپر سندھ میں اغوا، ڈاکو راج، قبائلی تصادم کے خلاف اے پی سی میں امن ایکشن کمیٹی کے قیام کا اعلان 28 جنوری کو ایس پی دفاتر کے سامنے دھرنا، 16 فروری کو ببرلو اور شکارپور میں انڈس ہائی وے پر دھرنا دیا جائے گا، اس کے بعد بھی حکومت نے امن بحال نہیں کیا تو وزیراعلیٰ ہاؤس کا گھیراؤ اور اسلام آباد تک لانگ مارچ ہوگا۔ اے پی سے سے صدارتی خطاب کرتے ہوئے جماعت اسلامی سندھ کے امیر کاشف سعید شیخ نے کہا کہ حکومت کی نااہلی کی وجہ سیا پر سندھ بدامنی کی آگ میں جل رہا ہے۔ ہمارے بچے، کسان، خواتین اور صحافی ڈاکوؤں کی پرتشدد کارروائیوں سے محفوظ نہیں۔ عوام اور سیاسی جماعتوں کے بار بار احتجاج، سڑکیں بلاک کرنے کے باوجود حکومت اور ادارے خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں۔ پولیس، رینجرز اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں پر ہر سال اربوں روپے خرچ کرنے کے باوجود عوام عدم تحفظ کا شکار کیوں ہے؟ لگتا ہے کہ چوکیدار چوروں سے ملا ہوا ہے، سندھ میں پانی پر ڈاکہ، امن امان کی مخدوش صورتحال اور ڈاکو راج میں پیپلز پارٹی کی حکومت برابر کی شریک ہے، پانی پر ڈاکے سے لیکر سندھ میں ڈاکو راج تک خاموشی اختیار کی تو تاریخ ہمیں کبھی معاف نہیں کرے گی۔ مزاحمت میں زندگی ہے اور غلامی موت ہے۔ جماعت اسلامی سندھ میں امن، پانی پر ڈاکہ اور سندھ کے وسائل کے تحفظ کے لیے پرامن اور جمہوری جدوجہد جاری رکھے گی۔ سندھ کے حقوق اور مفادات کے لیے تمام سندھ دوست جماعتوں کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا ہونا ہوگا۔ کاشف شیخ نے مزید کہا کہ سندھ میں 16 سال سے پیپلز پارٹی کے ظلم وجبر کا دور ہے اور حکمران سندھ کے عوام کا خون پی رہے ہیں۔ امن کی بحالی کے لیے 155 ارب روپے اور آپریشن کے نام پر الگ بجٹ رکھا گیا لیکن اس کے باوجود سندھ کے عوام امن کیلئے ترس رہے ہیں۔

مسلح دھڑوں کا حماس کے مزید علاقوں پر کنٹرول کا اعلان

حلب اور ادلب میں روسی اور شامی فوج کی بمباری میں درجنوں افراد جاں بحق

دمشق (این این آئی) حلب اور ادلب میں شام اور روس کی مسلسل بمباری کے دوران شام کے مسلح دھڑوں نے حما کے مزید علاقوں پر کنٹرول کا اعلان کردیا۔ یہ بھی بتایا گیا کہ ہیئہ تحریر الشام اور اتحادی دھڑوں نے متعدد ڈرونز کے ذریعے حماہ شہر کے شمال میں جبل زین العابدین کے علاقے میں شامی فوج کے عسکری رہنماں کے ایک بڑے اجتماع کو نشانہ بنایا۔ شامی فوج کی صفوں میں ہلاکتوں اور زخمیوں کے بارے میں اطلاعات ہیں تاہم شامی فوج نے اس معاملے کی مکمل تردید کی ہے۔ دوسری جانب شامی روسی طیاروں نے حلب اور ادلب کے علاقوں پر حملے کیے ہیں۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق شام کی وزارت دفاع نے کہا ہے کہ حما اور ادلب کے دیہی علاقوں میں روسی شامی بمباری میں درجنوں دہشت گرد مارے گئے ہیں۔ گذشتہ پانچ دنوں میں اچانک حملے کے بعد شامی فوج کے یونٹوں کے انخلا کے بعد لڑائی میں بڑی شدت دیکھنے میں آئی۔ ہیئہ تحریر الشام اور دیگر اتحادی دھڑوں نے ادلب اور حما گورنری کے درجنوں قصبوں اور دیہاتوں پر بھی قبضہ کرلیا اور ان علاقوں سے شامی فورسز کو نکال دیا ہے۔ شامی فوج نے جوابی حملے کی تیاری شروع کرنے کا اعلان کیا۔ سیریئن آبزرویٹری فار ہیومن رائٹس کے مطابق لڑائی میں مرنے والوں کی تعداد 445 سے زائد ہوگئی۔

پاکستانی تجارتی وفد کا 12 سال بعد دورہ بنگلہ دیش

پاکستان نے بھی بنگلہ دیش کے لیے ویزا شرائط میں نرمی کردی ہے، تجارتی وفد کی بنگلہ دیشی وزیر سے گفتگو

کراچی (این این آئی) پاکستان کے تجارتی وفد نے 12 سال بعد ایف پی سی سی آئی کے صدر کی زیر قیادت بنگلہ دیش کا دورہ کیا جہاں دوطرفہ اقتصادی روابط اور سرمایہ کاری بڑھانے پر زور دیا گیا۔ ایف پی سی سی آئی سے جاری بیان کے مطابق صدر ایف پی سی سی آئی عاطف اکرام شیخ کی زیر قیادت پاکستانی تجارتی وفد نے بنگلہ دیش کے وزیر تجارت شیخ بشیر الدین سے ملاقات کی اور پاکستانی وفد نے دونوں برادر ممالک کے مابین اقتصادی روابط اور سرمایہ کاری بڑھانے پر زور دیا گیا۔ صدر ایف پی سی سی آئی عاطف اکرام شیخ نے کہا کہ یہ ایک نئے دور کا آغاز ہے، آزمائش کے ہر موقع پر بنگلہ دیش کے ساتھ کھڑے ہوں گے، بنگلہ دیشی وزیر تجارت نے پاکستان سے تجارتی تعلقات کو ترجیح دینے کا اعلان کیا ہے۔ سینیئر نائب صدر ایف پی سی سی آئی ثاقب فیاض مگوں نے کہا کہ بنگلہ دیش کی جانب سے پاکستانیوں کے لیے ویزا شرائط میں نرمی کا خیرمقدم کرتے ہیں،

گوادر، ڈائریکٹر جنرل واٹر منیجمنٹ محبوب علی بلوچ کا محکمہ زراعت کے دفتر کا دورہ

دھرنے پاکستان کی معیشت کے لئے زہر ہیں، چوہدری ارشد جٹ

پی ٹی آئی کی ہٹ دھرمی سیاسی افراتفری سے ملک وقوم کا بے تحاشا معاشی و سیاسی نقصان ہورہا ہے

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے صوبائی نائب صدر چوہدری ارشد جٹ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کی ہٹ دھرمی سیاسی افراتفری سے ملک وقوم کا بے تحاشا معاشی و سیاسی نقصان ہورہا ہے سیاسی استحکام کے بغیر پاکستان اپنے ہمسایہ ملکوں کی طرح ترقی نہیں کرسکتا ہے، بدقسمتی سے ملک میں جاری دہشت گردی کے وار ہمارے امن کو تباہ کررہے ہیں پاک ارمی کے کیپٹن سمیت دو جوانوں کی شہادت پر دلی رنج ہے پیپلز پارٹی دہشت گردوں کی المناک وارداتوں اور تخریب کاریوں کی شدید مذمت کرتی ہے ہمارے چیئرمین کے خطاب نے ملکی امن وسلامتی اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے نیشنل ایکشن پلان کی ضرورت پر زور دیا ہے جسے حکومت وقت کو سمجھنا چاہیے پی ٹی آئی سمیت تمام سیاسی قوتوں کو گول میز کانفرنس کے ذریعے مسائل کے حل کی طرف جانا چاہیے ملک کا جانی مالی نقصان ہم سب کا نقصان ہے پیپلز پارٹی غریب عوام کی عوامی جماعت ہے جس میں ورکروں کو آج بھی اہمیت اور عزت دی جاتی ہے جو دوسری جماعتوں میں یہ مقام حاصل نہیں قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو نے آج سے 57 سال پہلے پیپلز پارٹی کی بنیاد رکھی شہید بھٹو خاندان اور جیالوں نے اپنے خون سے جمہوریت کو پروان چڑھایا

اسلام آباد، وزیر مملکت بیرسٹر عقیل ملک سے مرزا گروف مہدی ملاقات کررہے ہیں

متنازع وقف بل کے خلاف بھارت بھر میں شدید ہنگامے، 50 سے زائد افراد گرفتار

بل کی منظوری کے صرف چند گھنٹوں بعد کولکتہ، رانچی، احمد آباد، منی پور، جمئی اور دیگر شہروں میں عوام سڑکوں پر نکل آئے

نئی دہلی (اے ایف پی) بھارت میں متنازع وقف ترمیمی بل کی منظوری کے بعد پورا بھارت احتجاج کی لپیٹ میں آ گیا۔ بل کی منظوری کے صرف چند گھنٹوں بعد کولکتہ، رانچی، احمد آباد، منی پور، جمئی اور دیگر شہروں میں عوام سڑکوں پر نکل آئے اور حکومت کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق، احمد آباد میں بڑی تعداد میں لوگوں نے بل کے خلاف سڑکوں پر احتجاج کیا، جہاں پولیس نے مظاہرین پر تشدد کرتے ہوئے 50 سے زائد افراد کو گرفتار کرلیا۔ کولکتہ میں بھی زبردست مظاہرے ہوئے جہاں مظاہرین نے وقف بل واپس لو کے نعرے لگائے۔ رانچی میں ایکرا مسجد کے باہر احتجاجی مظاہرین نے بینرز اٹھا رکھے تھے اور مطالبہ کررہے تھے کہ بل میں کی گئی ترامیم ان کے مذہبی اور قانونی حقوق کو متاثر کررہی ہیں۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ حکومت اقلیتوں کے وقفی املاک پر قابض ہونے کی کوشش کررہی ہے، جو ناقابل قبول ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق سب سے بڑا احتجاج شمال مشرقی ریاست منی پور میں ہوا، جہاں عوام نے متنازع بل کو مسترد کرتے ہوئے مودی حکومت پر کڑی تنقید کی۔ رپورٹس کے مطابق منی پور مودی حکومت کی مسلم دشمن پالیسیوں کے باعث بداعتمادی کا گڑھ بن چکا ہے۔

ملک کی تمام مذہبی اور سیاسی قوتوں کو قیام امن کے لیے اپنا رول ادا کرنا چاہیے، صاحبزادہ پیر سید علی حیدر حسنی

عالمی ضمیر اور امت مسلمہ کے حکمران بے حس اور مردہ ہوچکے ہیں جس کا خمیازہ اج فلسطین غذا لبنان کشمیر بھگت رہا ہے

مکوآنہ (این این آئی) مشائخ اتحاد کونسل پاکستان کے مرکزی ترجمان سیاسی امور و سجادہ نشین دربار عالیہ گلشن علی پاک شہباز پور شریف صاحبزادہ پیر سید علی حیدر حسنی نے کہا کہ استحکام پاکستان کے لیے ملک کی تمام مذہبی اور سیاسی قوتوں کو قیام امن کے لیے اپنا رول ادا کرنا چاہیے ملک میں جاری دہشت گردی کی المناک لہر تشویش ناک ہے ائے روز پاک ارمی سیکورٹی فورسز اور پولیس کے اہل کاروں سمیت عام شہریوں کی شہادتیں ہم سب کے لیے لمحہ فکریہ سے کم نہیں جبکہ امت مسلمہ کی نااتفاقی کی وجہ سے غزہ میں ڈیڑھ لاکھ سے زائد لوگ ملبے تلے دب چکے ہیں' عالمی ضمیر اور امت مسلمہ کے حکمران بے حس اور مردہ ہوچکے ہیں جس کا خمیازہ اج فلسطین غذا لبنان کشمیر بھگت رہا ہے غزہ میں خاندان کے خاندان شہید ہوچکے ہیں' اسماعیل ہانیہ کے خاندان کے 72 لوگ جام شہادت نوش کرچکے ہیں اور آخر میں خود بھی امت مصطفیٰ پر قربان ہوگئے' آج کا مسلمان غزہ کے لوگوں کی مدد کرنا تو دور کی بات ان کی خبرگیری بھی نہیں کررہے ہیں اور اسرائیل نہتے لوگوں پر ایک ہزار کلو کے بم پھینک کر انہیں زمین بوس کررہا ہے' آخر ہم راہ خدا میں کیوں نہیں اٹھتے' ہماری بدقسمتی ہے کہ ہم موت سے ڈرتے ہیں

سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگ زیب اپنے نجی دورے پر بغیر پروٹوکول سانگلہ ہل میں پہنچ گئیں

پاک آسٹریلیا ایسوسی ایشن کے رہنما چوہدری محمد اسلم کاہلوں کے بھتیجے کے انتقال پر ان سے اظہار تعزیت کیا

ننکانہ صاحب (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگ زیب اپنے نجی دورے پر گزشتہ روز بغیر پروٹوکول سانگلہ ہل میں پاک آسٹریلیا ایسوسی ایشن کے رہنما چوہدری محمد اسلم کاہلوں کی رہائش گاہ پر پہنچ گئیں، جہاں انہوں نے چوہدری محمد اسلم کاہلوں کے بھتیجے مسلم لیگ ن یوتھ ونگ ننکانہ کے سابق صدر اور کاہلوں گنگ قبیلہ کے سردار چوہدری امتیاز احمد کاہلوں کے انتقال پر سوگوار خاندان سے اظہار تعزیت کیا، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری بیرسٹر سلطان طارق باجوہ، چوہدری ریاض احمد کاہلوں، چوہدری افضال احمد کاہلوں، چوہدری کاشف کاہلوں اور چوہدری گوہر امتیاز کاہلوں بھی موجود تھے، مریم اورنگ زیب خواتین خانہ میں گھل مل گئیں،

F.No.1(28)-SMART/BOI/23

Government of Pakistan
Special Investment Facilitation Division
BOARD OF INVESTMENT
Sector Mapping & Regulatory Transformation (SMART)

BOI
SIFC Division
Board of Investment

SITUATIONS VACANT

The SIFCD, Board of Investment is looking for Hiring of interested candidates as Sweeper in the PSDP project titled **Sector Mapping & Regulatory Transformation (SMART)**. The positions will be based in Islamabad and will be purely on contract basis. Details of the positions are as under:-

Sr. #	Designation & Pay Scale	No. of Posts	Domicile	Age	Required Qualification
01	Sweeper (PPS-01)	02	Islamabad/ Rawalpindi Local basis	Up to 25 years	Literate

Terms and Conditions:

1. Submission of original documents shall be mandatory at the time of interview.
2. Initial appointment will be made till effective date of project and can be extended subject to extension in the project timelines.
3. Applicants already in Government service should apply through proper channel.
4. Information provided in the application forms shall be verified in case of offer of appointment / selection. In case of any false or forged information, Board of Investment reserves the right of cancel candidature at any stage (even after employment, if so discovered later).
5. In case a person, who does not fulfill any of the provisions contained in the Recruitment Rules of that post, the department may cancel his/ her candidature and withdraw nomination of the candidate at any stage.
6. The department reserves the right to cancel the recruitment process, increase/ decrease the number of posts as per requirement against any post at any stage without assigning any reasons.
7. No TA/DA will be admissible for purpose of test/ interview.
8. General age relaxation will be applicable as per Government rules.
9. Detailed TORs of the positions can be accessed through https://invest.gov.pk/careers

How to Apply:

1. Interested candidates may appear for walk in interviews alongwith duly filled in prescribed application form (available at BOI's official website www.invest.gov.pk). Original documents, alongwith one set of photocopies of all testimonials/documents with two recent passport size photographs shall be required at the time of interview, as per following schedule:

S#	Post	Date	Time	Venue
01	Sweeper (PPS-01)	06-10-2026 (Tuesday)	1100 hrs to 1400 hrs	Board of Investment, 6th Floor, Kohsar Block, Pak-Secretariat, Islamabad

Ahmed Waqar Qasim (Project Director)
Sectoral Mapping & Regulatory Transformation (SMART)
SIFC Division, Board of Investment (BOI)
3rd floor, Evacuee Trust Complex,
F-5/1, Islamabad Ph: 051-9218809

URAAN PAKISTAN

PID(I)2663/26

SPORTS سپورٹس

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ
قیمت 20 روپے
فون و فیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760

اگر ہم اچھی کرکٹ کھیلیں تو بھارت سمیت کسی بھی ٹیم کو شکست دے سکتے ہیں، قومی کپتان

ہمیں اپنی بیٹنگ بہتر کرنا ہوگی، ہم نے میچ تو جیت لیا، ہمیں مڈل آرڈر میں اپنی بیٹنگ کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے، سلمان علی آغا

دبئی (سپورٹس نیوز) ایشیا کپ 2025 کے گروپ مرحلے میں پاک-بھارت ٹاکرے کے دوران کشیدگی کے بعد قومی ٹیم کے کپتان سلمان علی آغا نے واضح کیا ہے کہ وہ اتوار کو بھارت کے خلاف میچ کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق پاکستان نے گزشتہ روز اپنے آخری گروپ اے کے میچ میں متحدہ عرب امارات کو شکست دے کر سپر فور مرحلے میں رسائی حاصل کی، جہاں وہ راؤنڈ رابن فارمیٹ میں گروپ بی کی دو ٹیموں سے بھی مقابلہ کریں گے۔ بھارت اور پاکستان کے درمیان دوطرفہ کرکٹ 2013 سے معطل ہے اور دونوں ٹیمیں صرف آئی سی سی ٹورنامنٹس میں ایک دوسرے کے آمنے سامنے آتی ہیں۔ قومی ٹیم کے کپتان سلمان علی آغا نے یو اے ای کے خلاف 41 رنز کی فتح کے بعد پریس کانفرنس کے دوران کہا کہ ’ہم روایتی حریف کے خلاف میچ کے لیے تیار ہیں اور ہم ہر قسم کے چیلنج کے لیے تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم صرف اچھی کرکٹ کھیلنا چاہتے ہیں، اگر ہم اچھی کرکٹ کھیلیں، جیسی ہم نے پچھلے چند مہینوں میں کھیلی ہے، تو میرا خیال ہے ہم کسی بھی ٹیم کے خلاف اچھے کارکردگی کا مظاہرہ کر سکتے ہیں۔ متحدہ عرب امارات کے خلاف صرف فخر زمان نصف سنچری بنانے میں کامیاب رہے تاہم باقی ٹاپ آرڈر پورے ٹورنامنٹ میں ناکام دکھائی دیا جب کہ اوپنر صائم ایوب مسلسل تینوں میچوں میں صفر پر آؤٹ ہوئے۔ بیٹرز سے متعلق سوال کے جواب میں سلمان علی آغا نے کہا کہ ہمیں اپنی بیٹنگ بہتر کرنا ہوگی، ہم نے میچ تو جیت لیا لیکن ہمیں مڈل آرڈر میں اپنی بیٹنگ کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے، یہ انتہائی تشویش ناک بات ہے اور اس پر ہمیں کام کرنے کی ضرورت ہے۔ خیال رہے کہ بھارت نے پاکستان کو ایشیا کپ کے گروپ مرحلے میں 7 وکٹوں سے آسانی سے شکست دی تھی، تاہم اس دوران ٹاس کے وقت اور میچ کے اختتام نے بھارت کی جانب سے اسپورٹس مین اسپرٹ کی خلاف ورزی پر تنازع کھڑا ہوگیا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے میچ ریفری اینڈی پائی کرافٹ کو ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر فوراً ہٹانے کا مطالبہ کیا اور یہاں تک کہ ٹورنامنٹ سے دستبردار ہونے پر بھی غور کیا۔ پی سی بی کی جانب سے کہا گیا کہ پائی کرافٹ نے پاکستان کے کپتان سلمان علی آغا سے کہا تھا کہ وہ بھارتی کپتان سوریا کمار یادیو سے میچ سے پہلے ہاتھ نہ ملائیں۔ یہ معاملہ اس وقت طے پایا جب پی سی بی نے کل کے میچ سے قبل کہا کہ پائی کرافٹ نے پاکستانی ٹیم کے مینیجر اور کپتان سے حالیہ پاک بھارت میچ کے دوران پیدا ہونے والے تنازع پر معافی مانگ لی ہے۔ واضح رہے کہ بھارت اور پاکستان ٹورنامنٹ میں تیسری بار بھی مدمقابل ہوسکتی ہیں، اگر دونوں ٹیمیں 28 ستمبر کو ہونے والے فائنل تک پہنچنے میں کامیاب ہوجاتی ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆

ایشیا کپ 2025ء، کلدیپ یادو نے شاہین آفریدی کی بیٹنگ کی تعریف کردی

کرکٹ میں غلطیوں سے بھی سیکھا جاتا ہے اور ہر میچ بہتری کا موقع فراہم کرتا ہے، گفتگو

دبئی (این این آئی) بھارت کے لیفٹ آرم اسپنر کلدیپ یادو نے ایشیا کپ 2025ء میں شاہین شاہ آفریدی کی شاندار بیٹنگ فارم کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستانی فاسٹ بولر اس وقت بیٹنگ میں بہت اچھا کھیل رہے ہیں۔ دبئی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں عمان کے خلاف بھارت کے آخری گروپ میچ سے قبل پریس کانفرنس کے دوران کلدیپ یادو سے حریف بولرز کو سمجھنے کے پچھلے دو میچز میں انہوں نے جارحانہ شاٹس کھیلے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کرکٹ میں غلطیوں سے بھی سیکھا جاتا ہے اور ہر میچ بہتری کا موقع فراہم کرتا ہے۔ واضح رہے کہ شاہین شاہ آفریدی ایشیا کپ 2025ء میں بولنگ کے ساتھ ساتھ بیٹنگ کے میدان میں بھی کمال دکھا رہے ہیں، بھارت کے خلاف میچ میں جب پاکستان کے 83 رنز پر 7 کھلاڑی آؤٹ تھے تو شاہین نے کریز پر آ کر

حوالے سے سوال کیا گیا۔ اس پر انہوں نے تفصیل بتانے کے بجائے ان فارم بلے بازوں کا ذکر کیا اور خاص طور پر شاہین کی بیٹنگ کو سراہا۔ کلدیپ یادو نے کہا کہ جب آپ بولنگ کر رہے ہوتے ہیں تو آپ بلے بازوں کو پڑھنے کی کوشش کرتے ہیں، کچھ بیٹسمین واقعی اچھا کھیل رہے ہیں، شاہین آفریدی ان دنوں بہت اچھا کھیل رہے ہیں، جارحانہ انداز اپنایا اور صرف 16 گیندوں پر ناٹ آؤٹ 33 رنز بنائے جس میں 4 چھکے بھی شامل تھے۔ اسی طرح متحدہ عرب امارات کے خلاف میچ میں بھی شاہین نے شاندار اننگز کھیلی، انہوں نے 14 گیندوں پر 29 رنز بنائے جس میں 3 چوکے اور 2 چھکے شامل تھے اور پاکستان کو میچ جتوانے میں اہم کردار ادا کیا۔



ورلڈ ایتھلیٹکس چیمپئن شپ: ارشد ندیم اور نیرج چوپڑا میڈل کی دوڑ سے باہر

اولمپکس چیمپئن 4 تھرو میں 2 فاول کرنے کی وجہ سے ٹاپ 8 راؤنڈ کے لیے کوالی فائی نہیں کرسکے

دفاعی چیمپئن کی حیثیت سے ٹورنامنٹ میں حصہ لینے والے بھارت کے نیرج چوپڑا بھی میڈل کی دوڑ سے باہر

ٹوکیو (سپورٹس نیوز) پاکستان کے اولمپک گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم ورلڈ ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں جیولن تھرو کے فائنل میں میڈل کی دوڑ سے باہر ہوگئے، اولمپکس چیمپئن 4 تھرو میں 2 فاول کرنے کی وجہ سے ٹاپ 8 راؤنڈ کے لیے کوالی فائی نہیں کرسکے جبکہ دفاعی چیمپئن کی حیثیت سے ٹورنامنٹ میں حصہ لینے والے بھارت کے نیرج چوپڑا بھی میڈل کی دوڑ سے باہر ہوگئے۔ ٹوکیو میں جاری ورلڈ ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں ٹرینیڈاڈ اور ٹوباگو سے تعلق رکھنے والے اولمپک گولڈ میڈلسٹ کیشورن والکوٹ نے سونے کا تمغہ جیت لیا، گریناڈا کے اینڈرسن پیٹرز نے چاندی اور کرٹس تھامسن نے کانسی کا تمغہ جیتا۔ فائنل میں پاکستان کے اولمپک گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم نے 82.73 میٹر کی پہلی تھرو کی ان کی دوسری تھرو ضائع ہوگئی جب کہ تیسری باری میں وہ 83.75 میٹر کی تھرو ہی کرسکے۔ پاکستانی ایتھلیٹ ارشد ندیم ان کی چوتھی تھرو بھی فاول ہوگئی، مسلسل دو فاول کرنے کے بعد وہ تماشائیوں میں موجود اپنے کوچ سلمان بٹ کے پاس پہنچ گئے اور ان سے کچھ مشورے لیے۔ جیولن تھرو کے ابتدائی 3 راؤنڈز میں ٹاپ 8 ایتھلیٹس ہی اگلے مرحلے میں رسائی حاصل کرتے ہیں، تاہم ارشد ندیم ٹاپ 8 میں جگہ بنانے میں ناکام رہے، وہ فائنل کے پہلے مرحلے میں ہی میڈل کی دوڑ سے باہر ہوگئے۔ بھارت کے نیرج چوپڑا نے 83.65 میٹر کی پہلی تھرو کی، نیرج چوپڑا نے دوسری باری میں 84.03 میٹر کی تھرو کی اور ان کی تیسری تھرو ضائع ہوگئی جب کہ بھارتی کھلاڑی کی چوتھی تھرو 82.86 میٹر کی رہی، انہوں نے پانچویں تھرو بھی فاول کردی۔ جرمنی کے جولین ویبر نے 86.11 میٹر کی تھرو کی، تاہم بھارت کے ایک اور کھلاڑی سچن یادوو نے پہلی باری میں 86.27 میٹرو کی تھرو کرکے سب کو حیران کردیا جو اب تک ان کے کریئر کی بہترین تھرو تھی۔ گزشتہ روز، ورلڈ ایتھلیٹکس چیمپئن شپ کے کوالیفائنگ راونڈ میں پاکستانی ایتھلیٹ ارشد ندیم نے پہلی باری میں 76.9 کی کمزور تھرو کی اور وہ دوسری باری میں بھی لمبی تھرو نہ کرسکے، دوسری باری میں انہوں نے 74.17 میٹر کی تھرو کی۔ ابتدائی دونوں کمزور تھرو کرنے کے بعد ارشد ندیم فائنل میں نہیں پہنچ سکے تھے، تاہم تیسری تھرو میں ارشد ندیم نے 85.28 میٹر کی تھرو کرکے فائنل کے لیے کوالیفائی کرلیا جہاں ان کا مقابلہ بھارت کے نیرج چوپڑا سے بھی ہوگا۔ یاد رہے کہ پاکستان کے اولمپک گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم انجری کے باعث پہلے ورلڈ ایتھلیٹکس سلور ٹور اور پھر ڈائمنڈ لیگ سے باہر ہوگئے تھے جس کے بعد انہوں ورلڈ ایتھلیٹکس چیمپئن شپ پر نظریں مرکوز کرلی تھیں۔ پیرس اولمپکس کے ہیرو 28 سالہ ارشد ندیم نے رواں سال جون میں پنڈلی کی سرجری کروائی تھی، جس کے بعد انہوں نے چند ہفتے لندن میں بحالی کے عمل (ری ہیب) میں گزارے اور پھر ورلڈ چیمپئن شپ کی تیاری کے لیے لاہور واپس آئے تھے۔

☆☆☆☆☆

اسرائیلی ٹیم کی شرکت پر اسپین کا فیفا ورلڈ کپ 2026 کے ممکنہ بائیکاٹ کا عندیہ

کھیلوں کو حقیقی دنیا میں ہونے والی پیش رفت سے الگ نہیں کیا جاسکتا، خاص طور پر جب حقیقی دنیا میں انسانی حقوق پامال ہو رہے ہوں، حکام

میڈرڈ (این این آئی) ہسپانوی حکومت نے عندیہ دیا ہے کہ اگر اسرائیل کی فٹبال ٹیم فیفا 2026 کے لیے کوالیفائی کرتی ہے یا اسے ٹورنامنٹ میں شرکت کی اجازت دی جاتی ہے تو اسپین کی ٹیم میگا ٹورنامنٹ کا بائیکاٹ کرسکتی ہے۔ برطانوی اخبار ڈیلی میل کے مطابق گزشتہ روز ہسپانوی وزیراعظم کی جماعت کے ترجمان پیٹسی لوپیز نے بیان دیا ہے کہ اگر اسرائیل کوالیفائی کرتا ہے تو ہم صورت حال کا ’جائزہ‘ لیں گے، جسے فیفا کے لیے دھمکی کے طور پر دیکھا جارہا ہے۔ پیٹسی لوپیز نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ سب کو یہ احساس ہو کہ اسرائیلی ٹیمیں کھیلوں کے مقابلوں یا یوروویژن میں حصہ نہیں لے سکتی ہیں اور کچھ لوگوں کو اس بات کا احساس بھی ہو رہا ہے، چونکہ ہماری آنکھیں کھلی ہوئی ہیں اور ہم جو کچھ دیکھتے ہیں اسے برداشت نہیں کرتے، اسی لیے ہم خاموش نہیں رہ سکتے اور نہ ہی رہیں گے۔ رواں ہفتے کے آغاز میں وزیراعظم پیڈرو سانچیز نے مطالبہ کیا تھا کہ غزہ میں اسرائیل کے اقدامات کی وجہ سے کھیلوں کے بین الاقوامی مقابلوں میں اس کی شرکت پر پابندی عائد کی جائے۔ ہسپانوی وزیراعظم نے سوشلسٹ ورکرز پارٹی کے نمائندوں کے سامنے کہا کہ اسرائیل اپنی شبیہ کو وائٹ واش کرنے کے لیے کسی بھی بین الاقوامی پلیٹ فارم کا استعمال جاری نہیں رکھ سکتا‘۔ پیڈرو سانچیز نے مؤقف اپنایا کہ اسرائیل کے ساتھ روس جیسا ہی سلوک کیا جانا چاہیے جس کی 2022 میں یوکرین پر حملے کے بعد فیفا اور یوئیفا کی رکنیت سے محروم کردیا گیا تھا۔ اسرائیلی وزیر خارجہ گیڈون سار نے ردعمل دیتے ہوئے پیڈرو سانچیز کے اسرائیل کے حوالے سے تبصرے کو بے عزتی قرار دیا۔ اس سے قبل حکومتی ترجمان اور وزیر کھیل پیلر الیگریہ نے غزہ کی بگڑتی ہوئی صورت حال کے باعث اسرائیل کو بین الاقوامی مقابلوں سے باہر کرنے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ کھیلوں کو حقیقی دنیا میں ہونے والی پیش رفت سے الگ نہیں کیا جاسکتا، خاص طور پر جب حقیقی دنیا میں انسانی حقوق پامال ہو رہے ہوں۔ واضح رہے کہ 2024 میں اسپین نے ناروے اور آئرلینڈ کے ساتھ فلسطینی ریاست کو تسلیم کیا اور گزشتہ ہفتے پیڈرو سانچیز نے اسرائیل پر نسل کشی کا الزام لگایا اور اس کے خلاف متعدد اقدامات کا اعلان کیا جن میں ہتھیاروں کی پابندی بھی شامل ہے۔ گزشتہ دنوں اسپین میں سائیکلنگ مقابلے میں اسرائیلی ٹیم کی شرکت پر فلسطین کے حق میں مظاہرے شروع ہوگئے تھے جنہوں نے شدت اختیار کی جس کے بعد مقابلہ بنا کسی نتیجے کے ختم کرنا پڑا تھا۔ واضح رہے کہ دنیائے کھیل کے سب سے بڑے ٹورنامنٹ کا انعقاد 2026ء میں کینیڈا، امریکا اور میکسیکو کی میزبانی میں ہوگا جہاں پہلی بار 48 ٹیمیں ٹورنامنٹ کا حصہ بنیں گی۔ اسرائیل نے 1970 کے بعد سے ٹورنامنٹ کے لیے کوالیفائی نہیں کیا ہے لیکن چونکہ اب ٹیموں کی تعداد 32 سے بڑھا کر 48 کردی گئی ہے تو قوی امکان ہے کہ اسرائیل کوالیفائی کرجائے گا۔ کوالیفائی مرحلے میں اسرائیل اپنے گروپ کے تیسرے نمبر پر ہے جبکہ اس کے ابھی تین میچز باقی ہیں جہاں سے وہ براہ راست یا پھر پلے آف کھیل کر ٹورنامنٹ کا حصہ بن سکتا ہے۔ وہیں دوسری جانب اسپین کی ٹیم 2026 کے عالمی کپ جیتنے کے لیے سب سے زیادہ فیوریٹ ہے اور زیادہ تر فٹبال شائقین نوجوان بہترین کھلاڑیوں پر مشتمل ٹیم کو کھیلتا دیکھنے کے منتظر ہیں، ایسے میں اسپین کے ٹورنامنٹ کے بائیکاٹ کا عندیہ یقینی طور پر فیفا اور دنیائے فٹبال میں انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ بارسلونا اور ریال میڈرڈ جیسے ٹاپ لیول کلبز رکھنے والے ملک کی قومی ٹیم میں لامین یمال، پیڈری، روڈری، گاوی، کارواہال، اسکو اور موراٹا جیسے نمایاں فٹبالرز ہیں جو شائقین کے پسندیدہ ہیں جن کی عدم شرکت کا امکان فیفا کے لیے ہرگز قابلِ قبول نہ ہوگا۔ 2024 کے یورو کپ کی فاتح ہے جبکہ اولمپکس میں گولڈ میڈل بھی اسی ہسپانوی ٹیم نے اپنے نام کیا تھا جس کے بعد اسے 2026 کا فیفا ورلڈ کپ جیتنے کے لیے سب سے مضبوط ٹیم تصور کیا جارہا ہے۔

مکی آرتھر کا ایشیا کپ میں بابر اعظم کی عدم شمولیت پر حیرانگی کا اظہار

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کوچ مکی آرتھر نے ایشیا کپ میں بابر اعظم کی عدم شمولیت پر حیرانگی کا اظہار کیا ہے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ سمجھ سے باہر ہے کہ اس ٹیم میں بابر اعظم کیوں شامل نہیں۔ واضح رہے کہ ٹی 20 ایشیا کپ 2025ء کے 10 ویں میچ میں پاکستان نے متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کو 41 رنز سے شکست دے کر سپر فور مراحلے کے لیے کوالیفائی کر لیا ہے۔ اس ایونٹ میں قومی اسکواڈ میں بابر اعظم، محمد رضوان اور نسیم شاہ شامل نہیں ہیں۔ گرین شرٹس کی قیادت سلمان علی آغا کر رہے ہیں۔



SHOWBIZ شوبز

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ
قیمت 20 روپے
فون و فیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760

ساری توجہ فلمی کیریئر پر ہے، شادی کے بارے میں سوچنے کا ابھی کوئی ارادہ نہیں، جھانوی کپور

جھانوی کپور روہت سراف اور ورون دھون کی فلم سنی سنسکاری کی تلسی کماری 2 اکتوبر 2025 کو سنیما گھروں کی زینت بنے گی

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ کی خوبرو آنجہانی اداکارہ سری دیوی کی بیٹی اداکارہ جھانوی کپور نے شوہر کی خوبیوں پر اظہارِ خیال کیا ہے۔ حال ہی میں ریلیز ہونے والی فلم سنی سنسکاری کی تلسی کماری کے ٹریلر کی تقریب رونمائی کے موقع پر جھانوی نے شوہر کی خوبیوں پر دلچسپ خیالات کا اظہار کیا۔ جھانوی سے پوچھا گیا کہ وہ اپنے جیون ساتھی میں کون سی خصوصیات چاہتی ہیں، جس پر انہوں نے جواب دیا کہ وہ مہذب، خوش مزاج اور کھانے کا شوقین ہونا چاہیے۔ جب جھانوی کپور سے شوہر کی آمدنی سے متعلق سوال کیا گیا تو اداکارہ نے ہنستے ہوئے کہا کہ آمدنی زیادہ ضروری نہیں، کچھ بھی چلے گا۔ شادی کب کریں گی؟ اس سوال کے جواب میں جھانوی نے کہا کہ اس وقت ان کی ساری توجہ فلمی کیریئر پر ہے اور شادی کے بارے میں سوچنے کا ابھی کوئی ارادہ نہیں۔ اس دوران ایک رپورٹر نے مذاقاً کہا کہ جھانوی کو پرپوز کون کرے گا؟ اس پر ان کے ساتھی اداکار ورون دھون نے فلم کے دوسرے اداکار روہت سراف کا نام تجویز کیا، جس پر روہت نے مسکراتے ہوئے کہا، میں شیکھر سے مار نہیں کھانا چاہتا۔ یہ جملہ اس لیے دلچسپی کا باعث بنا کیونکہ جھانوی کپور شیکھر پہاڑیا کیساتھ قریبی تعلقات میں ہیں تاہم دونوں نے تاحال اپنے تعلق کی باضابطہ تصدیق نہیں کی۔ یاد رہے کہ جھانوی کپور روہت سراف اور ورون دھون کی فلم سنی سنسکاری کی تلسی کماری 2 اکتوبر 2025 کو سنیما گھروں کی زینت بنے گی۔

ماں بننے کا خواب دیکھتی ہوں، کترینہ کیف

وکی کوشل اور کترینہ کیف کے ہاں پہلے بچے کی آمد کی افواہیں گردش کر رہی ہیں

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ کی خوبصورت اداکارہ کترینہ کیف کے بارے میں اس سال ماں بننے کی افواہیں زیر گردش ہیں، اس حوالے سے ان کا ایک انٹرویو میں کہنا تھا کہ میں ماں بننے کا خواب دیکھتی ہوں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ہی وکی کوشل اور کترینہ کیف کے ہاں پہلے بچے کی آمد کی افواہیں گردش کر رہی ہیں۔ شادی سے قبل ایک طویل عرصے تک کترینہ کیف اور اداکار وکی کوشل کے درمیان تعلقات کی خبریں گرم رہیں، اس وقت ان دونوں نے اپنے رشتے کو خفیہ رکھا تھا۔ 2021 میں اس جوڑے نے راجستھان کے ریزورٹ میں شاہی انداز میں شادی کی جس کے 1 سال بعد ہی ان کے والدین بننے کی افواہیں شروع ہوگئی تھیں، جبکہ اس بار جوڑے کے قریبی ذرائع کا کہنا ہے کہ یہ خبر بظاہر سچ ہے۔ 2010 میں تقریباً ایک دہائی پہلے جب کترینہ کیف کو اپنے مستقبل کے شوہر وکی کوشل سے پیار ہوا تو انہوں نے شادی کرنے اور خاندان بنانے کی اپنی خواہش کے بارے میں بات کی تھی۔ بھارتی میڈیا سے گفتگو میں شادی کے خیالات کے بارے میں کترینہ کیف نے کہا تھا کہ یہ تجربہ مختلف لوگوں کے لیے مختلف ہو گا لیکن میرے لیے یہ بہت اہم ہے، میں اس سوچ کی حامل ہوں کہ شوہر اور بچے ہونا بہت اہم ہے، میں شادی کرنے اور بچے پیدا کرنے اور خوش گوار زندگی گزارنے کا خواب دیکھتی ہوں۔

جتنا لوگ سمجھتے ہیں، اتنی زیادہ پڑھی لکھی نہیں، ثانیہ سعید

ملازمین کو ہر ماہ تنخواہ ملتی ہے لیکن اداکاروں کو اپنے کام کا پہلا معاوضہ بھی تین ماہ بعد ملتا ہے

لاہور (این این آئی) معروف اداکارہ ثانیہ سعید نے انکشاف کیا ہے کہ وہ اتنی زیادہ پڑھی لکھی نہیں، جتنا انہیں لوگ سمجھتے ہیں۔ اداکارہ نے حال ہی میں سما ٹی وی کے مارننگ شو میں شرکت کی، جہاں انہوں نے مختلف معاملات پر کھل کر بات کی۔ پروگرام کے دوران انہوں نے شوبز انڈسٹری میں تاخیر سے معاوضے ملنے پر بھی بات کی اور کہا کہ ملازمین کو ہر ماہ تنخواہ ملتی ہے لیکن اداکاروں کو اپنے کام کا پہلا معاوضہ بھی تین ماہ بعد ملتا ہے۔ انہوں نے سوال کیا کہ اگر کسی ملازم کو تین ماہ تنخواہ نہ ملے کیا وہ کام کرتے رہیں گے؟ اداکارہ کے مطابق فنکاروں کو یوٹیوب سے ہونے والی کمائی سمیت دیگر ذرائع سے ہونے والی کمائی سے پیسوں کا حصہ نہیں دیا جاتا لیکن ساتھ ہی انہیں وقت پر معاوضہ بھی نہیں ملتا۔ ان کا کہنا تھا کہ اداکاروں اور پروڈکشن ہاؤسز کے درمیان ہونے والے کام کے تحریری معاہدے کی کوئی قانونی حیثیت نہیں ہوتی، اس میں زیادہ تر پروڈیوسرز کے فوائد کی باتیں ہوتی ہیں لیکن ہر اداکار مجبوری کے تحت کام کر رہا ہے۔ ثانیہ سعید نے نے کہا کہ فنکار تو ایک طرف ڈرامے بنانے والے دوسری ٹیم ارکان کے ساتھ بھی ناانصافی ہوتے ہیں، تکنیکی عملہ بغیر حفاظتی انتظامات کے طویل وقت تک کم تنخواہوں پر کام کرتا ہے اور وہ اپنے حقوق کی بھی بات نہیں کر سکتے۔ انہوں نے ایک واقعہ سنایا کہ شوٹنگ کے دوران ایک بار تکنیکی عملے کے ایک شخص کو بجلی کا کرنٹ بھی لگا لیکن ایسے

میرا ڈمپل ہانیہ عامر سے زیادہ مشہور ہے، خواتین بھی مداح ہیں، اداکار فیصل رحمٰن

کسی بھی ملک میں کام کرنے میں کوئی قباحت نہیں ہونی چاہیے، اداکار کی نجی ٹی وی سے گفتگو

کراچی (شوبز نیوز) سینئر اداکار فیصل رحمٰن کا کہنا ہے کہ ان کا ڈمپل ہانیہ عامر کے ڈمپل سے زیادہ مشہور ہے۔ فیصل رحمٰن نے حال ہی میں ایک پوڈکاسٹ میں شرکت کرتے ہوئے اپنے فلمی تجربات اور مختلف معاملات پر کھل کر گفتگو کی۔ اداکار نے بتایا کہ ان کے تایا بھارت میں رہتے تھے اور چونکہ بالی وڈ میں نہ صرف پیسہ بلکہ مواقع اور شہرت بھی بہت ہیں، اس لیے وہ بچپن میں اپنے تایا سے کہتے تھے کہ انہیں اڈاپٹ کرلیں تاکہ وہ بالی وڈ میں کام کرسکیں، لیکن تایا نے صاف انکار کر دیا اور اس انکار کی کوئی وجہ بھی نہیں بتائی۔ فیصل رحمٰن کے مطابق 1980 کی دہائی میں جب وہ فلموں میں کام کر رہے تھے، بھارت کا ویزہ با آسانی مل جایا کرتا تھا، اس لیے وہ اکثر بھارت اپنے تایا کے پاس چلے جاتے اور ایک سے ڈیڑھ مہینہ وہاں گزارتے تھے۔ انہوں نے بتایا کہ اس دوران وہ گھومتے بھی اور فلموں کے لیے آڈیشنز بھی دیتے، لیکن کامیابی حاصل نہیں کر سکے کیونکہ اس وقت بھی بھارتی فلمساز پاکستانی ہونے کی وجہ سے انہیں کاسٹ کرنے سے ہچکچاتے تھے۔ اداکار کا کہنا ہے کہ کسی بھی ملک میں کام کرنے میں کوئی قباحت نہیں ہونی چاہیے، کیونکہ اگر ہم امریکا، دبئی یا دیگر ممالک میں کام کر سکتے ہیں تو پھر بھارت میں کام کرنے میں کیا حرج ہے، تاہم اب بھارت میں پہلے جیسے حالات نہیں رہے اور موجودہ حکومت کی وجہ سے یہ ممکن نہیں رہا۔ فیصل رحمٰن نے مزید کہا کہ ان کا ڈمپل ہانیہ عامر کے ڈمپل سے زیادہ مشہور ہے، کیونکہ ہانیہ ابھی انڈسٹری میں نئی آئی ہیں، جب کہ انہیں انڈسٹری میں کئی سال ہوچکے ہیں، حتیٰ کہ بڑی عمر کی کئی خواتین ان کے ڈمپل کی وجہ سے ان کی مداح ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ان کے دونوں گالوں پر ڈمپل ہیں، جن میں سے ایک کافی واضح ہے جب کہ دوسرا تھوڑا کم نمایاں ہوتا ہے، جب کبھی وہ تھوڑے سے فربہ ہوجاتے ہیں تو دوسرے گال کا ڈمپل بھی واضح ہوجاتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

اداکار اجیت کمار کو چاہتی تھی لیکن انہوں نے چھوٹی بہن کہہ کر دل توڑ دیا تھا، مہیشوری

اجیت کیساتھ 1997 اور 1998 میں دو تامل فلموں میں کام کے دوران ڈیڑھ برس ساتھ گزارے اس دوران انہیں چاہنے لگی تھی

ممبئی (این این آئی) تیلگو اور تامل فلموں کی سابق اداکارہ اور سری دیوی کی بھانجی مہیشوری کا کہنا ہے کہ وہ تامل اداکار اجیت کمار کو بہت پسند کرتی تھیں لیکن انکا دل اس وقت ٹوٹا جب اجیت کمار نے انہیں بہن کہہ دیا۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق 48 سالہ مہیشوری نے یہ بات ایک ٹاک شو میں گفتگو کے دوران کہی۔ شو میں ان سے سوال کیا گیا کہ انکا کبھی اپنے کسی ساتھی اداکار پر دل آیا جس پر انہوں نے کہا کہ انہیں اجیت کمار اچھے لگتے تھے۔ جس پر مہیشوری نے انکشاف کیا کہ اجیت کے ساتھ 1997 اور 1998 میں دو تامل فلموں میں کام کے دوران ڈیڑھ برس ساتھ گزارے اس دوران وہ انہیں چاہنے لگی تھیں اور صرف چاہتی ہی نہیں بلکہ میں بحیثیت انسان ان کی بہت عزت کرتی تھی۔ اس پروجیکٹ کے ختم ہونے پر میں افسردہ تھی کہ اب ہماری ملاقات نہیں ہوگی، اور جب ہماری آخری ملاقات ہوئی تو وہ میرے پاس آئے اور کہا کہ دیکھو ماہی میں تمہیں اپنی چھوٹی بہن کی طرح سمجھتا ہوں، جب بھی میری کسی مدد کی ضرورت ہو تو بنا ہچکچاہٹ میرے سے کہنا۔ یہ جملہ سننے کے بعد میرا دل ٹوٹ گیا۔ کیونکہ اجیت نے میرے پیار اور محسوسات کا جواب دینے کے بجائے مجھے چھوٹی بہن کہہ دیا تھا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

سوارا بھاسکر کے شوہر نے کنگنا رناوت کو خراب سیاستدان کہہ دیا

کنگنا رناوت ایک بہترین اداکارہ ہیں لیکن سیاست میں وہ ناکام رہی ہیں

ممبئی (این این آئی) بھارتی اداکارہ سوارا بھاسکر کے شوہر فہد احمد نے اداکاری سے سیاست کا رخ کرنے والی کنگنا رناوت کو خراب سیاستدان کہہ دیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق فہد احمد نے کنگنا رناوت کی برائی کی تو ان کی اہلیہ نے اداکارہ کو خوش قسمت اور کبھی ہار نہ ماننے والی قرار دیا۔ فہد احمد نے مزید کہا کہ کنگنا رناوت نے رکن پارلیمنٹ ہونے کے باوجود مانڈی کے سیلاب زدگان کیلیے خاطر خواہ کوشش نہیں کی۔ انہوں نے مزید کہا کہ کنگنا رناوت ایک بہترین اداکارہ ہیں لیکن سیاست میں وہ ناکام رہی ہیں۔ سوارا بھاسکر نے شوہر کی رائے سے اختلاف کیا اور کنگنا رناوت کو بار بار خراب سیاستدان کہنے پر ٹوکا اور کہا کہ 50 بار مت کہو۔ انہوں نے ساتھی اداکارہ کی طرف سے فہد اور انہیں شادی پر نیک خواہشات کے پیغام کا بھی تذکرہ کیا اور کہا کہ کنگنا رناوت خوش قسمت اور کبھی ہار نہ ماننے والی خاتون ہیں۔ سوارا بھاسکر اور کنگنا رناوت کے سیاسی نظریات بالکل مختلف ہیں، ان کے درمیان سوشل میڈیا پر اکثر تلخ جملوں کا تبادلہ ہوتا ہے۔ یاد رہے کہ 2023 میں سوارا بھاسکر اور فہد احمد کو شادی کی مبارکباد دی تھی

پرانی ویڈیو پر فلم سیارہ کے ہیرو اہان پانڈے کو مداحوں نے اگلا شاہ رخ خان قرار دیدیا

سوشل میڈیا صارفین نے انہیں بہت پیارا، ایکسپریشن کنگ اور پیدائشی اسٹار کے القابات سے نوازا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ فلم سیارہ سے دھماکے دار ڈیبیو کرنے سے بہت پہلے اہان پانڈے نے اپنے آئیڈیل سپر اسٹار شاہ رخ خان کو مزاحیہ انداز میں دلچسپ خراجِ تحسین پیش کیا تھا، یہ ویڈیو دوبارہ سامنے آنے پر مداح انہیں اگلا شاہ رخ خان قرار دے رہے ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق سالِ رواں بالی ووڈ میں اہان پانڈے کی صورت میں نیا ستارہ چمکا ہے۔ اداکار اہان پانڈے جو اننیا پانڈے کے کزن اور چنکی پانڈے کے بھتیجے ہیں، انہوں نے اپنی ڈیبیو فلم سیارہ ریلیز ہونے پر بھارت بھر میں راتوں رات شہرت کے ریکارڈ قائم کردیے۔ اہان کی راک اسٹار کرش کپور کے طور پر پرفارمنس، ساتھی اداکارہ انیت پڈا کے ساتھ ان کی دلکش کیمسٹری اور متاثر کن سحر انگیز آنکھوں نے مداحوں کے دل جیت لیے۔ اہان پانڈے کی اصل شخصیت اور مداحوں کے ساتھ میل جول نے انہیں مستقل طور پر پرستاروں کے دلوں میں جگہ دلوا دی ہے۔ سوشل میڈیا پر اب ان کی ایک پرانی ویڈیو سامنے آئی اور وائرل ہو رہی ہے جو اس وقت کی ہے جب انہوں نے اداکاری میں قدم نہیں رکھا تھا۔ فلم سیارہ کے سنیما گھروں میں ریلیز ہونے کے بعد فلم کی تشہیر کے دوران ہدایت کار موہت سوری نے اس ویڈیو کو شیئر کیا ہے، جس سے پتہ چلتا ہے کہ اہان پانڈے شاہ رخ خان کو اپنا آئیڈیل مانتے ہیں۔ فلم ساز نے انکشاف کیا کہ اہان ہر وقت ایس آر کے کے گانے سنتے رہتے ہیں۔ سوشل میڈیا پر دوبارہ وائرل ہونے والی اس ویڈیو میں شرٹ لیس اہان اپنے آئیڈیل شاہ رخ کی 1994 کی کرائم تھرلر فلم انجام کے گانے بڑی مشکل ہے پر لپ سنک کر کے کنگ خان کو خراجِ تحسین پیش کرتے نظر آرہے ہیں، اس ویڈیو میں اہان کے تاثرات بالکل درست ہیں جو اس مختصر لیکن دلکش وائرل ویڈیو کو تفریحی بناتے ہیں۔ اس ویڈیو کے کمنٹ سیکشن میں مداحوں نے محبت کی بارش کردی ہے۔ سوشل میڈیا صارفین نے انہیں بہت پیارا، ایکسپریشن کنگ اور پیدائشی اسٹار کے القابات سے نوازا ہے، جبکہ کئی اور مداحوں نے انہیں اگلا شاہ رخ خان بھی قرار دیا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆



بقیہ نمبر 1

گھنٹے آپریشن تھیٹر فعال ہے جہاں مریضوں کو ہنگامی اور خصوصی جراحی کی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بیکڑ کے میر غلام قادر بگٹی میموریل ہسپتال میں 100 بڑی سرجریز کی تکمیل پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اہم سنگ میل دور دراز علاقوں میں طبی سہولیات کی بہتری اور صحت کے شعبے میں اصلاحات کے ثمرات کا مظہر ہے۔سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک پیغام میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ مقامی سطح پر جراحی کی سہولیات دستیاب ہونے سے دور دراز علاقوں کے مریضوں کو علاج کے لیے طویل فاصلہ طے کرکے بڑے شہروں کا رخ نہیں کرنا پڑ رہا، جس سے انہیں بروقت اور ضروری طبی سہولیات ان کے اپنے علاقے کے قریب میسر آ رہی ہیں۔میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے دور دراز علاقوں کے عوام کو ان کے قریب معیاری طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی ذمہ داری ہے۔بیکڑ میں ہنگامی اور پیچیدہ نوعیت کے آپریشنز کی مقامی سطح پر سہولت سے مریضوں کو بروقت علاج میسر آ رہا ہے، جو صحت عامہ کی خدمات کو نچلی سطح تک مؤثر بنانے کی جانب اہم پیش رفت ہے۔انہوں نے کہا کہ میر غلام قادر بگٹی میموریل ہسپتال کی انتظامیہ، ڈاکٹرز، نرسنگ اسٹاف اور آپریشن تھیٹر ٹیم کی مسلسل کاوشوں سے یہ اہم سنگ میل حاصل کیا گیا ہے۔ہسپتال میں 24 گھنٹے آپریشن تھیٹر کی فعالیت دور دراز علاقے کے عوام کے لیے ایک اہم طبی سہولت ہے۔وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ صحت کے شعبے میں سہولیات کو دور دراز علاقوں تک وسعت دے کر عوام کو بہتر طبی خدمات کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے۔حکومت کا مقصد یہ ہے کہ بلوچستان کے عوام کو علاج معالجے کے لیے غیر ضروری طور پر بڑے شہروں کا سفر نہ کرنا پڑے اور انہیں ممکنہ حد تک معیاری طبی سہولیات ان کے قریب دستیاب ہوں۔

بقیہ نمبر 2

طالبان قیادت سے ملاقاتیں کی ہیں جن میں پاکستان اور طالبان کے درمیان کشیدگی اور سیکیورٹی صورتِ حال پر بات چیت ہوئی۔ترکیہ کے انٹیلیجنس سربراہ ابراہیم قالن اور قطری عہدیدار احمد بن خمیس الکبیسی نے طالبان کی اعلیٰ قیادت سے ملاقاتیں کیں جبکہ انہوں نے قندھار کا بھی دورہ کیا۔واضح رہے کہ پاکستان افغانستان سے سرگرم مسلح گروہوں کے خلاف کارروائی اور سرحدی سیکیورٹی کا مطالبہ کرتا رہا ہے۔بین الاقوامی میڈیا کے مطابق ترکیہ اور قطر ایک بار پھر پاکستان اور طالبان کے درمیان کشیدگی کم کرنے میں کردار ادا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 3

کردی گئی۔ہائی سپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 88 پیسے فی لیٹر کمی کے بعد نئی قیمت 424 روپے 4 پیسے فی لیٹر مقرر کردی گئی جبکہ پٹرول کی قیمت میں ایک روپے 65 پیسے فی لیٹر کمی کردی گئی، جس کے بعد نئی قیمت 389 روپے 14 پیسے فی لیٹر مقرر ہے۔اوگرا نے حکومتی پٹرولیم پرائسنگ میکنزم کے تحت 19 ستمبر سے 21 ستمبر 2026 کے لیے پٹرولیم مصنوعات کی ایکس ڈپو قیمتوں میں ردوبدل کر دیا۔خیال رہے پٹرولیم ڈویژن کے مطابق اعلان کردہ قیمتیں عالمی مارکیٹ میں پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں سے منسلک ہیں۔واضح رہے عالمی مارکیٹ میں قیمتوں میں تبدیلی، پلیٹس ریٹس، پریمیم اور دیگر اخراجات کو مدنظر رکھتے ہوئے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 4

حوثی حملوں کے دوران ایک اطالوی لڑاکا طیارے کو شدید نقصان پہنچا ہے۔اطالوی دفاعی وزیر گائیڈو کروزیتو نے تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ حوثی حملے میں لڑاکا طیارے کو نقصان پہنچا ہے تاہم کسی فوجی اہلکار کے زخمی ہونے کی اطلاع موصول نہیں ہوئی اور نہ ہی طیارے کے ساتھ موجود دیگر اثاثوں یا مقامی بنیادی ڈھانچے کو شدید نقصان پہنچا ہے۔وزارتِ دفاع کے مطابق حملے کے وقت طیارہ ایئر بیس کے ایک دور دراز اور مرکزی تنصیب سے الگ حصے میں موجود تھا۔دھماکے کے شدید اثرات کے باوجود حفاظتی پروٹوکولز کے باعث علاقائی دفاعی کارروائیوں کے لیے وہاں تعینات اہلکار محفوظ رہے۔دفاعی حکام نے واقعے کے فوراً بعد صورتِ حال کا جائزہ لینے اور فوجی اہلکاروں کے تحفظ کے اقدامات کو برقرار رکھنے کے لیے آپریشنل جائزہ شروع کر دیا ہے۔یہ حملہ یمن کی حوثی ملیشیا کی جانب سے ڈرون اور میزائل حملوں کی تازہ لہر کا حصہ ہے، جس کے دوران سعودی عرب بھر میں فوجی تنصیبات اور بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنایا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 5

احمد شریف چودھری نے عرب میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان عملی طور پر سعودی عرب کی مدد کیلئے وہاں موجود ہے، ہم سفارتی لحاظ سے بھی ساتھ کھڑے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان حرمین شریفین اور سعودی عرب کی حفاظت کیلئے کسی بھی حد تک جانے کیلئے تیار ہے، سعودی عرب کی سلامتی کیلئے ہمارا عزم غیر مشروط ہے، یہ عزم ایک جذباتی، دیرینہ، تاریخی اور اٹوٹ رشتے سے جڑا ہے۔ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کسی کو شک و شبہ نہیں ہونا چاہیے پاکستانی عوام سعودی عرب کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، ہم سعودی عرب کیخلاف ہونے والی کسی بھی جارحیت کا دفاع کرنے کیلئے تیار ہیں، مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ اور اسٹریٹجک باہمی دفاعی معاہدے موجود ہیں۔لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا کہ ان معاہدوں کے تحت وعدوں اور عزم کی پاسداری کی جا رہی ہے، پاکستان کی سیاسی وعسکری قیادت مسلسل سعودی قیادت سے رابطے میں ہے۔انہوں نے کہا کہ اسلام آباد ایم او یو پاکستان کی مسلسل، انتھک اور انتہائی پرخلوص سفارتکاری کے بعد طے پائی، افغان طالبان رجیم سے ایک ہی ٹھوس مطالبہ ہے وہ افغان سرزمین سے پاکستان میں دہشتگردی کو روکے۔ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا افغانستان سے پاکستان آنے والی ہر تشکیل میں افغان شہری موجود ہوتے ہیں، 80 فیصد کے قریب خودکش بمبار افغان ہیں، افغان طالبان رجیم دوحہ معاہدے کے تحت وعدوں پر عملدرآمد نہیں کرتی تو پاکستان کو اپنے دفاع کا مکمل حق حاصل ہے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں دہشتگردوں کو عوامی حمایت حاصل نہیں، دہشت گرد اپنے نظریے کو بندوق کی نوک کے ذریعے مسلط کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔دہشتگردی کی سرپرستی بھارت کر رہا ہے اور سوشل میڈیا یا باہر سے چلایا جا رہا ہے۔ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ ریاست کی پالیسی بالکل واضح ہے دہشتگردوں کے ساتھ کوئی بات چیت نہیں ہوگی۔

بقیہ نمبر 6

مہینہ میں 10 لیٹر کے 3 ٹوکن جاری کرنے کا سلسلہ بھی چلتا رہے گا۔رپورٹ کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے اس سے قبل سکیم سے ریلیف حاصل کرنے کے اہل افراد کیلئے رجسٹریشن میسج کو بالکل مفت کرنے کا اعلان کیا تھا، وزیراعظم نے فیول ریلیف سکیم میں 20 سال پرانی موٹر سائیکلوں، رکشوں اور چنگ چی رکشوں کو شامل کرنے کی ہدایت کی تھی جس پر عملدرآمد شروع کر دیا گیا ہے، یکم جنوری 2006ء کے بعد رجسٹرڈ تمام موٹر سائیکلیں، رکشے، چنگ چی وزیراعظم فیول ریلیف سکیم میں رجسٹریشن کے لیے اہل ہوگئے ہیں، وزیراعظم محمد شہباز شریف ریلیف سکیم کی ہر پہلو سے نگرانی خود کر رہے ہیں۔وزیراعظم نے سکیم سے مستفید ہونے والوں کا دائرہ کار وسیع اور پٹرول پر رعائت کی باعزت و باآسانی اور بلا رکاوٹ فراہمی کو یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے

بقیہ نمبر 7

ت اپنا واضح پیغام دے چکی ہے، پاکستان کی فوج سعودی قیادت کے ایک اشارے کی منتظر ہے۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک اس وقت کسی لانگ مارچ یا دھرنے کا متحمل نہیں، پی ٹی آئی اور جماعت اسلامی کا لانگ مارچ بے وقت کی راگنی ہے، قومی اور عوامی مسائل سڑکوں کے بجائے پارلیمان میں زیر بحث آنے چاہئیں۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان اور خیبر پختونخواہ میں دہشتگردی کے واقعات میں بیرونی ہاتھ ملوث ہے، کوہاٹ میں دہشتگردی کا واقعہ قابل مذمت ہے، خیبر پختونخواہ حکومت لانگ مارچ کے بجائے دہشتگردی پر قابو پانے کے لیے اپنا کردار ادا کرے۔رانا تنویر حسین نے کہا کہ سیاسی استحکام ہی معاشی استحکام کی بنیاد ہے، متحدہ اپوزیشن کے قیام سے حکومت کو کوئی خطرہ نہیں، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخواہ لاہور میں سرکس کی سیاست کرنے آئے، جبکہ اغواء کا ڈرامہ بھی عوام کے سامنے بے نقاب ہوگیا۔وزیر اعلیٰ پنجاب کا جہاز سواری کے لیے ہے، سیاست کے لیے نہیں، جہاز مریم نواز شریف کا نہیں بلکہ وزیر اعلیٰ پنجاب کا ہے۔وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے کہا کہ حکومت کو کسانوں کی مشکلات کا احساس ہے، گزشتہ دو سال کے دوران کاشتکاروں کو ان کی فصلوں کے مطابق مناسب قیمت نہیں ملی، جس کے باعث بیرون ملک سے گندم درآمد کرنا پڑی۔رانا تنویر حسین نے کہا کہ سرگودھا، فاروق آباد ڈبل روڈ اور فاروق انٹرچینج پر بہت جلد کام شروع ہوجائے گا، عوام سے کیے گئے وعدے پورے کریں گے، وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف پنجاب میں اچھا کام کر رہی ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان تیزی سے ترقی کی منازل طے کر رہا ہے، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کو اعتدال میں لانے کے لیے روزانہ کی بنیاد پر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 8

نے کی حیثیت سے اپنا کردار ادا کرے، سعودی عرب اس معاملے میں مثبت کردار ادا کرسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ افغان عوام کے دل میں بھی سعودی عرب اور دونوں مقدس مساجد کے لیے بہت محبت اور احترام ہے، امید ہے سعودی حکام ثالثی کی اپنی کوششیں مؤثر انداز میں جاری رکھیں گے، امید ہے سعودی حکام افغانستان اور پاکستان کے درمیان موجود مسائل کو حل کرنے میں مدد کریں گے، ہم سعودی عرب کے فیصلوں اور اس کی ثالثی کی کوششوں کا احترام کرتے ہیں۔واضح رہے پاکستان بارہا واضح کرچکا ہے کہ افغانستان سے ہمارا صرف ایک ہی مطالبہ ہے کہ افغان سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہ ہو، افغان طالبان پاکستان کے خلاف استعمال ہونے والی بھارتی پراکسیز اور دیگر دہشتگرد تنظیموں کے خلاف کارروائی کریں۔

بقیہ نمبر 9

مد کرلیا گیا۔سکیورٹی فورسز کے ذرائع کا کہنا ہے کہ دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں بدستور جاری ہیں اور آخری دہشت گرد کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔دریں اثنا وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان میں 11 دہشت گردوں کی ہلاکت پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔وزیر داخلہ نے کہا کہ دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے والے بہادر سپوتوں پر فخر ہے، سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں قومی سلامتی کے تحفظ کے عزم کی عکاس ہیں۔محسن نقوی کا مزید کہنا تھا کہ قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیاں پوری قوت سے جاری رہیں گی۔

بقیہ نمبر 10

تعداد کی شرکت متوقع ہے۔سیاسی وعوامی حلقے سردار اختر جان انگاریہ کی شمولیت کو وینڈر اور ضلع حب کے سیاسی منظرنامے میں ایک گیم چینجر اور پیپلز پارٹی کی اہم پیش رفت قرار دے رہے ہیں۔جلسے کے دوران صوبائی قیادت اور بالخصوص میر علی حسن زہری کی عوامی خدمات، فلاحی سرگرمیوں، اور ضلع حب بھر میں جاری تاریخی ترقیاتی منصوبوں کو بھرپور انداز میں اجاگر کیا جائے گا۔پارٹی رہنماں کا کہنا ہے کہ یہ جلسہ عوامی رابطے کی مہم کو تیز کرنے، علاقے کے بنیادی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرانے اور ضلع کے پسماندہ طبقات کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے سنگ میل ثابت ہوگا۔

بقیہ نمبر 11

کی کارکردگی سے مطمئن ہیں حاجی محمد خان لہڑی نے ہمیشہ علاقے کی تعمیر وترقی اور خوشحالی کے لیے اپنا مثبت کردار ادا کیا ہے اور آئندہ بھی عوامی خدمت کا تسلسل برقرار رکھیں گے ان خیالات کا اظہار نصیرآباد کے سیاسی وسماجی شخصیت میر جاوید الرحمٰن جنگ نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا انہوں نے کہا لہڑی برادرز کی نصیرآباد میں علاقائی سطح پر عوامی سیاسی اور سماجی خدمات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہیں۔لہڑی برادرز نے ہمیشہ عوامی مفادات کو ترجیح دیتے ہوئے علاقے کی تعمیرو ترقی خوشحالی، بنیادی مسائل کیحل اور بےروزگاری کے خاتمےکیلیے اپنا مثبت اور مثر کردار ادا کیا ہے انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ)ن (کیمرکزی رہنما سابق صوبائی وزیر میر عبدالغفور لہڑی، رکن بلوچستان اسمبلی و صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن حاجی میر محمد خان لہڑی مسلسل عوام کے درمیان میں موجود رہ کران کے مسائل سنتے اوران کیحل کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لارہے ہیں انہوں نے کہا کہ لہڑی برادرز کی سیاست کا محور عوامی خدمت، علاقے کی ترقی اور لوگوں کی فلاح و بہبود ہے۔ان کی جانب سے عوام کیساتھ مسلسل رابطہ اور بلاتفریق خدمت کا سلسلہ قابلِ تحسین ہے جس کے باعث نصیرآباد ڈویژن کے عوام میں لہڑی برادرز کو بھرپور عوامی پذیرائی اور اعتماد حاصل ہے انہوں نیمزید کہا کہ موجودہ دور میں سیاست کو ذاتی مفادات کے بجائے عوامی مسائل کے حل، روزگار کے مواقع پیدا کرنے، تعلیم صحت، سڑکوں، آبنوشی، زرراعت اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلیےاستعمال کیا جانا چاہیے لہڑی برادرز اسی سوچ کیتحت علاقے کی بہتری کے لیےاپنی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں انہوں نے امید ظاہر کی کہ لہڑی برادرز کی مخلصانہ قیادت اور عوام دوست پالیسیوں کے نتیجے میں نصیرآباد ڈویژن میں تعمیر وترقی اور خوشحالی کا سفر مزید تیز ہوگا اور عوام کو درپیش مسائل کیحل کے لیے مثر اقدامات کا سلسلہ مستقبل میں بھی جاری رہیگا انہوں نے کہا کہ حاجی محمد خان لہڑی نے اپنے فنڈز سے ترقیاتی کام جاری ہیں جس کے ثمرات عوام تک پہنچ رہے ہیں انہوں نے کہا کہ حاجی محمد خان لہڑی کی کارکردگی سے مطمئن ہیں

بقیہ نمبر 12

ایک آگاہی سیمینار منعقد کیا گیا۔سیمینار میں ڈپٹی کمشنر آفس کورنگی کی نمائندگی سہیل آرائیں، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر I۔کورنگی نے کی۔تقریب میں طلباء، اساتذہ، کمیونٹی نمائندگان اور مختلف شراکت دار تنظیموں کے نمائندگان نے شرکت کی۔سہیل آرائیں نے کورنگی میں انڈس ہسپتال اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک، ایف پی سی آئی، الخیر ریلیف ٹرسٹ فاؤنڈیشن اور دیگر شراکت دار تنظیموں کی جانب سے جاری ریبیز سے بچا اور آگاہی کی سرگرمیوں کو سراہا۔آفتاب گوہر، ریبیز ایکسپرٹ، انڈس ہسپتال نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ کتے کے کاٹنے کے بڑھتے ہوئے واقعات اور ریبیز سے ہونے والی اموات کے پیش نظر مؤثر عوامی آگاہی، بروقت طبی رہنمائی اور فوری علاج نہایت ضروری ہے۔انہوں نے زور دیا کہ کتے کے کاٹنے کی صورت میں زخم کو فوری طور پر صابن اور بہتے ہوئے پانی سے اچھی طرح دھویا جائے اور اس کے بعد فوری طور پر ڈاکٹر سے رجوع کر کے تجویز کردہ علاج مکمل کیا جائے۔انہوں نے ریبیز سے متعلق عام غلط فہمیوں کے خاتمے، صفائی ستھرائی اور کچرے کے مناسب انتظام اور ریبیز سے بچا میں کمیونٹی کے فعال کردار کی اہمیت پر بھی زور دیا۔سیمینار میں شیراز احمد، مینیجر، سندھ کولیشن اگینسٹ ریبیز، فاطمہ عزیز، مینیجر کارپوریٹ سوشل رسپانسیبلٹی، پروگریسو ٹریڈ، ایف پی سی سی آئی کمیٹی ممبران، دیگر شراکت دار تنظیموں کے نمائندگان، طلباء، اساتذہ اور کمیونٹی نمائندگان نے شرکت کی۔شرکا نے ریبیز سے بچا، بروقت طبی رہنمائی اور عوامی تحفظ کے لیے اداروں اور کمیونٹی کے درمیان تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔بروقت آگاہی اور فوری اقدام ریبیز سے کمیونٹی کو محفوظ رکھنے کے لیے اہم اقدامات ہیں

بقیہ نمبر 13

کے فلائٹ آپریشنز، کیبن آپریشنز، گراؤنڈ ہینڈلنگ اور کارگو آپریشنز سمیت مختلف شعبوں میں حفاظتی اور آپریشنل معیارات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ترجمان نے کہا کہ مسلسل 12 ویں مرتبہ آئی او ایس اے رجسٹریشن کی تجدید پی آئی اے کے بین الاقوامی حفاظتی، سیکیورٹی اور آپریشنل معیارات پر عملدرآمد کے عزم کی عکاس ہے۔پی آئی اے انتظامیہ نے رجسٹریشن کی تجدید کو اہم سنگ میل قرار دیتے ہوئے کہا کہ ادارہ حفاظتی اور آپریشنل معیار میں مسلسل بہتری کے لیے پرعزم ہے، جبکہ اس کامیابی کے حصول میں پی آئی اے کی ٹیم نے اہم کردار ادا کیا۔

بقیہ نمبر 14

ں کو سہولت کی فراہمی ہے۔میڈیا بریفنگ کے دوران وفاقی وزیر نے کہا کہ سکیم کے تحت اہلیت کا دائرہ کار بڑھا دیا گیا ہے اور اب اس میں یکم جنوری 2006 سے رجسٹرڈ موٹر سائیکلوں کو بھی شامل کرلیا گیا ہے جبکہ اس سے قبل 2011 کی حد مقرر تھی۔انہوں نے کہا کہ یہ فیصلہ پرانی موٹر سائیکلوں کی اہلیت کے حوالے سے شہریوں اور صحافیوں سے موصول ہونے والی آرا کے پیش نظر کیا گیا ہے۔شزہ فاطمہ خواجہ نے بتایا کہ دو اور تین پہیوں والی گاڑیوں کیلئے 500 روپے فی ٹوکن کی حد میں بھی ترمیم کردی گئی ہے۔نظر ثانی شدہ طریقہ کار کے تحت، فی ٹوکن پانچ لیٹر کی سابقہ حد ختم کر دی گئی ہے، جس سے اہل موٹر سائیکل، چنگ چی اور رکشہ مالکان اپنی ضرورت کے مطابق ایندھن خرید سکیں گے۔انہوں نے کہا کہ دو اور تین پہیوں والی گاڑیوں کے اہل صارفین ماہانہ چار ٹوکن حاصل کر سکتے ہیں اور ہر ٹوکن پر 500 روپے کی ریلیف (رعایت) کی رقم شامل ہوگی۔انہوں نے وضاحت کی کہ اگر دو لیٹر پٹرول کی قیمت 780 روپے ہے، تو 500 روپے کا ریلیف ٹوکن استعمال کرنے کے بعد مستحق صارف کو 280 روپے ادا کرنے ہوں گے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ تیسری بڑی تبدیلی اس سکیم کے تحت ایس ایم ایس چارجز کا مکمل خاتمہ ہے۔انہوں نے کہا کہ ایس ایم ایس کی سہولت سب کے لیے مفت کر دی گئی ہے، چاہے ان کے پاس 800 سی سی کی گاڑی ہو یا دو یا تین پہیوں والی سواری ہو۔انہوں نے کہا کہ ان اقدامات کا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس ریلیف سکیم سے فائدہ اٹھا سکیں اور شہریوں کو درپیش مشکلات کا مسلسل ازالہ کیا جا سکے۔شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا کہ ہفتہ کی سہ پہر 3 بجے تک سکیم کے تحت 17 لاکھ 50 ہزار سے زائد رجسٹریشنز مکمل ہو چکی تھیں جبکہ تقریبا 15 لاکھ ٹوکن جاری کیے جا چکے تھے۔انہوں نے بتایا کہ پیٹرول اسٹیشنوں پر 6 لاکھ 80 ہزار سے زائد ٹوکن پہلے ہی استعمال) ریڈیم (کیے جا چکے ہیں۔وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت رجسٹریشن اور ٹوکن کے استعمال کے اعداد و شمار کی کڑی نگرانی کر رہی ہے جبکہ وزیراعظم شہباز شریف خود اس سکیم کے نفاذ کے عمل کا جائزہ لے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ نائب وزیراعظم کی سربراہی میں قائم سٹیئرنگ کمیٹی اور ایک عمل درآمد کمیٹی، نفاذ سے متعلقہ مسائل کے حل کے لیے متعلقہ وزارتوں، محکموں، اوگرا، سٹیٹ بینک آف پاکستان اور دیگر اداروں کے ساتھ مل کر کام کر رہی ہیں۔شزہ فاطمہ نے بتایا کہ وزارت آئی ٹی اینڈ ٹیلی کمیونیکیشن میں شکایات موصول کرنے اور ان کے ازالے کے لیے 24 گھنٹے کام کرنے والا کنٹرول روم بھی قائم کیا گیا ہے۔انہوں نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ دھوکے بازوں سے ہوشیار رہیں۔انہوں نے واضح کیا کہ حکومت نے رجسٹریشن، ایس ایم ایس یا ٹوکن کے اجرا کے لیے کوئی فیس مقرر نہیں کی ہے۔انہوں نے کہا کہ کسی کو بھی رجسٹریشن، ٹوکن یا سکیم سے متعلق معلومات کے لیے کسی کو ادائیگی نہیں کرنی چاہیے۔وفاقی وزیر نے شہریوں کو مشورہ دیا کہ وہ اپنے شناختی کارڈ نمبر، گاڑی کی رجسٹریشن کی تفصیلات یا دیگر ذاتی معلومات غیر مجاز افراد کے ساتھ شیئر نہ کریں۔انہوں نے کہا کہ پیٹرول سٹیشنوں پر یا رجسٹریشن کے دوران مشکلات کا سامنا کرنے والے مستحقین 9771 پر کال کرکے اپنی شکایات درج کروا سکتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ٹوکن کی تصدیق کرنے والی ایپلی کیشن استعمال کرنے والے پیٹرول اسٹیشن آپریٹرز بھی اسی ہیلپ لائن کے ذریعے تکنیکی یا دیگر مسائل کی اطلاع دے سکتے ہیں۔وفاقی وزیر نے کہا کہ ضلعی اور صوبائی انتظامیہ سکیم کے نفاذ میں تعاون کر رہی ہیں، جبکہ پیٹرول اسٹیشنوں پر رجسٹریشن کے عمل سے متعلق بینرز اور معلومات آویزاں کی گئی ہیں۔رجسٹریشن کے طریقہ کار کی وضاحت کرتے ہوئے شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا کہ درخواست دہندگان کو 9771 پر ایک ایس ایم ایس بھیجنا ہوگا جس میں ان کا شناختی کارڈ نمبر، گاڑی کا رجسٹریشن نمبر، صوبے کا کوڈ اور گاڑی کی رجسٹریشن کی تاریخ شامل ہو۔انہوں نے کہا کہ گاڑی کا رجسٹریشن نمبر بغیر کسی وقفے (اسپیس) کے درج کیا جانا چاہیے۔انہوں نے مزید کہا کہ گاڑیوں کی غیر مجاز رجسٹریشن کو روکنے کے لیے اضافی تصدیقی اقدام کے طور پر رجسٹریشن کی تاریخ کو بھی شامل کیا گیا ہے۔وفاقی وزیر نے وضاحت کی کہ اگر صارف کے پاس گاڑی کی متعلقہ دستاویزات اور گاڑی کا قبضہ (استعمال کا اختیار) موجود ہو تو موٹر سائیکل، چنگ چی یا رکشے کی ملکیت ہونا لازمی نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ موٹر سائیکل، چنگ چی اور رکشے کے اہل صارفین ایندھن میں ریلیف کا ٹوکن حاصل کرنے کے لیے ہفتے میں ایک بار 9771 پر "TOK" بھیج سکتے ہیں، جبکہ کار کے اہل صارفین مقررہ شیڈول کے مطابق ٹوکن حاصل کر سکتے ہیں۔انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ رجسٹریشن اور شکایات کے پورے عمل کو عام ایس ایم ایس پر رکھا گیا ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ سمارٹ فون یا انٹرنیٹ کی سہولت نہ رکھنے والے افراد بھی اس اسکیم سے مستفید ہوسکیں۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ حکومت عوام کی آرا کا مسلسل جائزہ لے رہی ہے اور سکیم کو شہریوں کے لیے مزید آسان اور قابل رسائی بنانے کی خاطر جہاں ضروری ہوا، مزید بہتری لائے گی۔

بقیہ نمبر 15

اور ایم ڈی ایم او زیشان جلیل سمیت کے الیکٹرک کے دیگر افسران نے چیئرمین میونسپل کمیٹی بیلا میر مبشر عزیز کھوسہ اور وائس چیئرمین طارق علی بلوچ کے ساتھ اہم اجلاس میں شرکت کی اجلاس میں بیلا میں جاری لوڈشیڈنگ میں کمی، بجلی کی بلنگ وریکوری اور کنڈا سسٹم کے خاتمے سمیت دیگر اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اجلاس میں یہ طے پایا کہ کے الیکٹرک کی جانب سے آئندہ (10) دس روز (کے اندر ریکوری کے عمل کو مثر بنایا جائے گا اور غیر قانونی کنڈا سسٹم کے خاتمے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے۔میونسپل کمیٹی بیلا کی جانب سے بھی اس سلسلے میں کے الیکٹرک کے ساتھ مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی گئی۔اجلاس میں اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ کنڈا سسٹم کے خاتمے اور ریکوری کے عمل میں بہتری کے بعد، انشااللہ، بیلا میں لوڈشیڈنگ کے دورانیے میں کمی کی جائیگی، اس موقع پر انجمن تاجران کے عبدلواحد بلوچ، جنرل کونسلر سید غلام مصطفیٰ شاہ، کونسلر ونود کمار لاسی، کونسلر قادر لانگو جبکہ میونسپل کمیٹی کی جانب سے اسسٹنٹ نصیر احمد رونجہ بھی موجود تھیںشرکا نے اس امید کا اظہار کیا کہ باہمی تعاون اور مشترکہ اقدامات کے ذریعے بیلا کے شہریوں کو بجلی کی بہتر فراہمی اور لوڈشیڈنگ میں کمی کے حوالے سے جلد مثبت نتائج حاصل ہوں گے۔

بقیہ نمبر 16

کو اپنا شیوہ بنایا ہے جیسے ہی یہ گانا سوشل میڈیا کے مختلف پلیٹ فارمز (فیس بک، ٹک ٹاک اور واٹس ایپ گروپس) پر ریلیز کیا گیا، تو کارکنوں اور عوام کی جانب سے اسے زبردست پذیرائی ملی۔گانے کے بولوں میر علی حسن زہری تی خدمتہ سلامے نے سننے والوں کے دل موہ لیے ہیں۔سیاسی حلقوں میں اس گانے کو کارکنوں کے جوش وجذبے کو بڑھانے کا ایک بہترین ذریعہ قرار دیا جا رہا ہے مقامی لوگوں کا کہنا ہے کہ میر علی حسن زہری نے ہمیشہ مشکل وقت میں عوام کا ساتھ دیا ہے اور ان کے دکھ سکھ میں شریک رہے ہیں۔یہی وجہ ہے کہ عوام اور فنکاران کی اس ولولہ انگیز قیادت کو اپنے منفرد انداز میں خراج تحسین پیش کر رہے ہیں۔سیاسی تجزیہ کاروں کے مطابق اس قسم کے نغمے عوامی رہنماؤں اور عوام کے درمیان محبت کے رشتے کو مزید مضبوط کرتے ہیں۔گانے کی دھوم نہ صرف بلوچستان بلکہ ملک کے دیگر حصوں میں بھی پیپلز پارٹی کے جیالوں اور سپورٹرز کے درمیان توجہ کا مرکز بنی ہوئی ہے۔

بقیہ نمبر 17

کہ علاقے اور اطراف میں مزید کلیئرنس آپریشن جاری ہے، آپریشن کے دوران ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی قمر جواد بھی زخمی ہوئے۔کوہاٹ دھماکے میں 15 پولیس اہلکاروں سمیت 22 افراد شہید ہوئے، 130 زخمی ہیں، فورسز کی بروقت جوابی کارروائی میں 6 دہشتگرد مارے گئے، شہید پولیس اہلکاروں کی نماز جنازہ ادا کردی گئی۔دھماکے کے 8 زخمی لیڈی ریڈنگ اسپتال لائے گئے، زیرعلاج زخمیوں میں 6 پولیس اہلکار جبکہ 1 شہری شامل ہے، 1 زخمی کو گزشتہ رات علاج کے بعد فارغ کر دیا گیا، زخمیوں کی حالت تسلی بخش ہے۔

بقیہ نمبر 18

ے پلائے جائیں گے۔مراد علی شاہ نے میڈیا سے اپیل کی کہ ہر گھنٹے کے نیوز بلیٹن کے ابتدائی 15 سیکنڈ انسداد پولیو مہم کے لیے مختص کیے جائیں اور بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کی اہمیت اجاگر کی جائے۔انہوں نے کہا کہ پولیو وائرس کے خاتمے کے لیے میڈیا کا کردار انتہائی اہم ہے۔وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ انسداد پولیو مہم سندھ کے تمام 30 اضلاع میں چلائی جائے گی، جن میں 23 مکمل اور 7 جزوی اضلاع شامل ہیں۔ذیلی قومی انسداد پولیو مہم کا آغاز 21 ستمبر سے ہوگا۔خط میں کہا گیا ہے کہ پاکستان اور افغانستان دنیا کے وہ دو ممالک ہیں جہاں پولیو وائرس اب بھی موجود ہے، جبکہ ماحولیاتی نمونوں میں وائرس کی موجودگی مسلسل تشویش کا باعث ہے۔پاکستان میں 2025 کے دوران جنگلی پولیو کے 31 کیسز رپورٹ ہوئے، جبکہ 2026 میں اب تک ملک بھر سے 4 کیسز سامنے آئے ہیں، جن میں ایک کیس سندھ سے ہے۔مراد علی شاہ نے کہا کہ کراچی بلاک سمیت مختلف علاقوں کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی موجودگی اس امر کی نشاندہی کرتی ہے کہ خطرہ ابھی برقرار ہے۔انہوں نے والدین اور بچوں کی دیکھ بھال کرنے والے افراد سے اپیل کی کہ وہ پولیو ورکرز کے ساتھ مکمل تعاون کریں اور اپنے بچوں کو قطرے ضرور پلائیں۔انہوں نے عوامی نمائندوں پر بھی زور دیا کہ وہ اپنے حلقوں میں مہم کی قیادت کریں، کمیونٹیز کو متحرک کریں اور کسی بچے کو ویکسین سے محروم نہ رہنے دیں۔وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ویکسینیشن سے متعلق انکار اور غلط فہمیوں کے خاتمے کے لیے مقامی بااثر شخصیات اور رہنماؤں کو بھی مہم میں شامل کیا جائے تاکہ بچوں کو پولیو سے محفوظ بنانے کے لیے مؤثر اقدامات یقینی بنائے جاسکیں۔

بقیہ نمبر 19

صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کیا، جس کے بعد انہیں بلوچستان انڈر 17 فٹبال ٹیم کے فائنل کیمپ کے لیے منتخب کیا گیا۔عبدالودود گرگ کا انتخاب سوراب کے فٹبال حلقوں اور نوجوان کھلاڑیوں کے لیے خوش آئند قرار دیا جا رہا ہے۔ان کی کامیابی سے دیگر نوجوان کھلاڑیوں کو بھی کھیل کے میدان میں اپنی صلاحیتیں منوانے اور آگے بڑھنے کی ترغیب ملے گی۔

بقیہ نمبر 20

۔ ٹی وی پروگرام کے دوران بات چیت کرتے ہوئے شفیع جان نے کہا کہ ہم اس دفعہ اتنے لوگ لائیں گے کہ انہیں روکنا حکومت کے بس کی بات نہیں ہوگی۔انہوں نے کہا ہے کہ ہمارے پاس چار منصوبے ہیں اور ہم نے اپنا اصل کارڈ ابھی ظاہر نہیں کیا۔صوبائی وزیر نے الزام لگایا کہ وفاق اور اس کی پالیسی ہی ملک میں دہشت گردی کی ذمے دار ہے، اس پالیسی میں خیبر پختونخوا کی رائے نہیں لی جاتی

بقیہ نمبر 21

مطابق گرفتار ملزم تھانہ حب سٹی کے مقدمات نمبر 131/2026، 153/2026 اور 171/2026 بجرم دفعہ 392 ت پ میں اشتہاری تھا ملزم اس سے قبل بھی تھانہ حب سٹی کے مقدمہ نمبر 68/2024 بجرم دفعہ 397 ت پ، مقدمہ نمبر 208/2024 بجرم دفعات 399، 34 ت پ اور مقدمہ نمبر 237/2025 بجرم دفعہ 9-13 میں گرفتار ہو کر جیل جا چکا ہے، علاوہ ازیں ایس ایچ او حب سٹی عبدالصمد زہر نے اسد چوک کے قریب سے ایک گاڑی چوری ہونے کی اطلاع پر حب سٹی پولیس اور اسپیشل برانچ کی مشترکہ ٹیم تشکیل دی گئی پولیس ٹیم نے تکنیکی ذرائع، مختلف مقامات کی CCTV فوٹیج اور خفیہ معلومات کی مدد سے کارروائی کرتے ہوئے چوری شدہ گاڑی کو 24 گھنٹے کے اندر باحفاظت برآمد کر لیا بعد ازاں تمام قانونی تقاضے مکمل کرنے کے بعد برآمد شدہ گاڑی اس کے اصل مالک کے حوالے کر دی گئی۔گاڑی کے مالک نے بروقت اور مؤثر کارروائی پر حب پولیس اور اسپیشل برانچ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے پولیس کی پیشہ ورانہ کارکردگی کو سراہا۔

بقیہ نمبر 22

گرفتار کر لیا۔پولیس کے مطابق بادامی باغ کے علاقے میں لیڈی ٹیچر عیشا نے دوسری جماعت کے طالب علم عدنان کو چھڑی سے مارا، چھڑی سر پر لگنے سے بچہ زخمی ہوگیا۔پولیس نے بچے پر تشدد میں ملوث لیڈی ٹیچر کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا۔

بقیہ نمبر 23

نداز ایسا ہے کہ انسان حیران ہوتا ہے، ٹیکس اور عوام کے پیسوں سے جہاز استعمال کرنا غلط ہے۔انہوں نے کہا کہ پمز میں پیش آنے والا واقعہ بھی ملک میں خرابیوں کی نشانیوں میں سے ایک ہے۔سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کو رہائی کے حکم کے باوجود گرفتار کیا گیا، ایمان مزاری کے گلے میں ہار ڈالنا چاہیے کہ وہ آواز بلند کرتی ہیں۔راجہ ناصر عباس نے کہا کہ آپ صوبے بنانے کا نیا قدم اٹھا رہے ہیں، آپ پر کوئی اعتماد نہیں کرتا۔دوسری جانب پریس کانفرنس کے دوران اپوزیشن اتحاد تحریک تحفظ آئینِ پاکستان کے رہنما اور سابق گورنر سندھ محمد زبیر نے کہا کہ طاقت ور وزیر کہتے ہیں کہ 10 سال بھی لگے رہیں تو بہتری نہیں آئے گی، پاکستان میں متوسط طبقہ مکمل تباہ ہو چکا ہے۔انہوں نے کہا کہ معیشت کی بنیاد سرمایہ کاری اور روزگار کے مواقع ہوتے ہیں، جتنی جلدی ممکن ہو، موجودہ حکومت کو گھر بھیجا جانا چاہیے۔

بقیہ نمبر 24

ہسپتال کے مختلف شعبوں کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔انہوں نے ہسپتال میں موجود ادویات کے اسٹاک، صفائی ستھرائی کے انتظامات کا بھی معائنہ کیا۔سراج احمد بلوچ نے ہسپتال کے حاضری رجسٹر کو چیک کیا اور عملے کی حاضری کا جائزہ لیا۔اس موقع پر انہوں نے سختی سے ہدایت کی کہ تمام ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف اپنے اوقات کار کی سختی سے پابندی کریں اور ڈیوٹی پر غیر حاضر رہنے والے عناصر کے خلاف ضابطے کے مطابق سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ حکومتِ بلوچستان عوام کو ان کی دہلیز پر بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے کوشاں ہے، اور صحت کے شعبے میں غفلت یا لاپرواہی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 25

کسی واقعے کی تصدیق ہوئی ہے۔پولیس نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ غیر مصدقہ اطلاعات پر یقین نہ کریں اور کسی بھی خبر کو آگے بڑھانے سے قبل اس کی تصدیق ضرور کریں۔

بقیہ نمبر 26

ت بھی جاری کی گئیں دورانِ معائنہ عدم صفائی اور گراں فروشی کے مرتکب دکانداروں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے جرمانے عائد کیے گئے۔انتظامیہ نے واضح کیا کہ عوام کو مقررہ نرخوں پر معیاری اشیائے خورونوش کی فراہمی اور بازاروں میں صفائی ستھرائی کو یقینی بنانے کے لیے پرائس کنٹرول اور مارکیٹ انسپیکشن کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ نمبر 27

(آئس) برآمد ہوئی اسی طرح دورانِ چیکنگ پولیس نے ایک مشکوک شخص کو روک کر جامع تلاشی لی تلاشی کے دوران ملزم کی شلوار کی پینٹی سے ایک عدد TT پستول برآمد ہوا ملزم کو گرفتار کرلیا پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے جبکہ برآمد شدہ اسلحہ اور منشیات کو قانونی کارروائی کے لیے قبضے میں لے لیا گیا ہے۔ڈسٹرکٹ پولیس حب کی جانب سے غیر قانونی اسلحہ، منشیات اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری ہیں، اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے

بقیہ نمبر 28

مارچ کی نہیں بلکہ اتحاد، امن اور استحکام کی ضرورت ہے، نوجوان ملک میں امن، استحکام اور اتحاد کی آواز بنیں۔انہوں نے کہا کہ اگر کسی ملک کی ٹی وی سکرین پر مارا ماری اور بدامنی کے مناظر دکھائی دے رہے ہوں تو کیا بین الاقوامی سرمایہ کار ایسے ملک کا رخ کرے گا؟ بین الاقوامی سرمایہ کار اسی ملک میں جاتا ہے جہاں امن اور استحکام ہو۔انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کا فرض ہے کہ پاکستان کے امن، استحکام اور اتحاد کی آواز بنیں، اگر کوئی ہمیں لڑانا چاہتا ہے تو ایسی آوازوں کو مسترد کریں۔صرف اس آواز کے ساتھ چلیں جو پاکستان کو ایک قوم بنائے اور پاکستان کو زندہ باد کرے۔احسن اقبال نے کہا کہ ہمارا مشن پاکستان کو دنیا کی بہترین معیشت بنانا ہے، اس مقصد کیلئے پاکستان کے نوجوانوں کو مرغیاں، کٹیاں، کٹیا اور انڈے دینے کی بجائے بہترین تعلیم اور ٹیکنیکل تعلیم فراہم کرنا ہوگی۔انہوں نے کہا کہ نوجوان بہترین معمار بن کر اپنے لیے بھی سرمایہ افتخار اکٹھا کریں، ہم سب کے لیے باعثِ فخر بنیں اور پاکستان کی پہچان بنیں۔

بقیہ نمبر 29

ثبوت کے نہ ہونے کا کیس ہے۔لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس محمد امجد پرویز نے محمد خالد رشید کی درخواست پر 15 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا، فیصلے میں قرار دیا گیا کہ جرم ثابت کرنے کے لیے ملزم کی مجرمانہ نیت کا ثابت ہونا ضروری ہے، صرف کسی فعل کا سرزد ہونا کسی شخص کو مجرم نہیں بناتا، مجرمانہ نیت فوجداری جرم کا لازمی جزو ہے۔عدالتی فیصلے کے مطابق محمد خالد رشید کے خلاف قصور پولیس نے 12 مارچ 2011 کو مقدمہ درج کیا تھا۔ٹرائل کورٹ نے 2018 میں ملزم کو دو سال قید اور جرمانے کی سزا سنائی تھی، جس کے خلاف ملزم نے لاہور ہائیکورٹ سے رجوع کیا۔فیصلے میں کہا گیا کہ محکمانہ انکوائری میں ملزم کو بدعنوانی کا مرتکب قرار نہیں دیا گیا بلکہ غفلت اور نااہلی کا ذمہ دار ٹھہرایا گیا۔محکمانہ انکوائری رپورٹ استغاثہ کے مؤقف کی تائید کرنے کے بجائے اسے زائل کرتی ہے۔جسٹس محمد امجد پرویز نے فیصلے میں قرار دیا کہ ٹرائل کورٹ نے جن محکمانہ دستاویزات پر انحصار کیا، وہ قانونی طور پر ثابت ہی نہیں کی گئیں۔محکمانہ انکوائری رپورٹ کے مصنفین بھی ٹرائل کے دوران بطور گواہ پیش نہیں ہوئے۔فیصلے کے مطابق تفتیشی افسر نے ملزم کے مؤقف کی بھی تفتیش نہیں کی بلکہ وہ پہلے ہی ملزم کو قصوروار سمجھ کر تفتیش کرتا رہا، ملزم کے قبضے سے گمشدہ عدالتی فائل بھی برآمد نہیں ہوئی۔عدالت نے قرار دیا کہ استغاثہ ملزم کے خلاف جرم ثابت کرنے میں بری طرح ناکام رہا، لہٰذا سزا برقرار نہیں رکھی جا سکتی۔لاہور ہائیکورٹ نے محمد خالد رشید کی اپیل منظور کرتے ہوئے اسے مقدمے کے الزام سے بری کر دیا۔عدالت نے اپنے 15 صفحات پر مشتمل فیصلے میں فوجداری مقدمات میں مجرمانہ نیت اور جرم کو قانونی شہادت سے ثابت کرنے سے متعلق اہم قانونی اصول بھی واضح کیے ہیں۔

بقیہ نمبر 30

گے۔اس حوالے سے جماعت اسلامی ضلع بدین کے امیر انجینئر سید علی مردان شاہ گیلانی نے کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوام پہلے ہی مہنگائی، بجلی، گیس اور مختلف ٹیکسوں کے بڑھتے ہوئے بوجھ سے شدید متاثر ہیں، جبکہ پیٹرولیم مصنوعات پر عائد اضافی لیوی اور ٹیکسوں نے عام شہریوں کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے براہِ راست اثرات ٹرانسپورٹ، اشیائے خورونوش اور روزمرہ استعمال کی دیگر ضروریات پر پڑتے ہیں، جس سے عام آدمی کی زندگی مزید مشکل ہوجاتی ہے۔انجینئر سید علی مردان شاہ گیلانی نے جماعت اسلامی کے کارکنان پر زور دیا کہ وہ حیدرآباد ریلوے اسٹیشن پہنچ کر سپر لانگ مارچ کے شرکا کا بھرپور استقبال کریں اور عوامی حقوق کے لیے جاری جدوجہد میں اپنی شرکت یقینی بنائیں۔

بقیہ نمبر 31

ساتھ دیا جبکہ تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم، زراعت، صحت، سائنس وٹیکنالوجی، توانائی اور بنیادی ڈھانچے سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں۔سی پیک پاک چین شراکت داری کا اہم مظہر ہے، جس نے رابطہ کاری، توانائی، بنیادی ڈھانچے اور صنعتی تعاون کے نئے امکانات پیدا کیے ہیں۔انہوں نے صنعت، زراعت، جدید ٹیکنالوجی، سرمایہ کاری اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے پر توجہ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔سیدال خان ناصر نے پارلیمانی اور عوامی سفارت کاری کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ پارلیمانی وفود کے تبادلے اور عوامی روابط دوطرفہ تعلقات کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔انہوں نے چینی قیادت اور عوام کو 75 ویں سالگرہ پر مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ پاک چین شراکت داری آئندہ بھی امن، ترقی، خوشحالی اور علاقائی استحکام کے لیے مؤثر کردار ادا کرے گی۔

بقیہ نمبر 32

کوسن کر حل کیا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی کا شمار بلوچستان بلکہ ملک کے نامور سیاست دانوں میں ہوتا ہے ان کی عوامی خدمات قابل تعریف ہیں ان کے فرزند پاکستان پیپلز پارٹی نصیرآباد ڈویژن کے صدر میر بلال خان عمرانی ان کے نقش قدم پر چلتے ہوئے عوامی مسائل کے حل کے لیے بھرپور اقدامات کر رہے ہیں میر بلال خان عمرانی نوجوان سیاست دان اور عوامی لیڈر ہیں جو ہمیشہ عوام کے دکھ درد اور سکھ میں رہتے ہیں ان کی قبولیت میں روز بروز اضافہ ہوتا جا رہا ہے ہم ان کی کارکردگی سے مطمئن ہیں انہوں کہا کہ میر بلال خان عمرانی نے عوام کے لئے اپنے دروازے ہمیشہ کھلے رکھے ہوئے ہیں روزانہ کی بنیاد پر عوامی مسائل کوسن کران کو حل کیا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ میر محمد صادق عمرانی اور میر بلال خان عمرانی عوام کے دلوں میں رہتے ہیں انہوں نے کہا کہ صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی اور میر بلال خان عمرانی عوامی مسائل کے حل کے لے ہمیشہ کوشاں رہتے ہیں ان کی عوامی خدمات قابل تعریف ہے میر محمد صادق عمران جس سے زمینداروں اور کاشتکاروں کو صحیح طریقے سے پانی فراہم کیا گیا ہے، جس کی ماضی میں مثال نہیں ملتی عوام میر محمد صادق عمرانی کی کارکردگی سے مطمئن میر محمد صادق عمرانی کی قیادت میں نوجوانوں کو روزگار کے مواقع ملے رہے ہیں اریگیشن محکمہ میں اب بیروزگار کو روزگار کے مواقع فراہم کئے گئے ہیں جو قابل ستائش ہیں انہوں نے نے کہا کہ میر محمد صادق عمرانی اور میر بلال خان عمرانی عوام کے دلوں میں رہتے ہی

بقیہ نمبر 33

ی ہے انہوں نے کہا کہ حب کے ماسٹر پلان کی منظوری ایک اہم پیش رفت ہے، جس کے تحت شہر کے مختلف علاقوں میں سڑکوں، ٹف ٹائل، سیوریج لائنز، پانی کی فراہمی، واٹر ٹینکس اور دیگر بنیادی سہولیات کے ترقیاتی کام جاری ہیں۔حب کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں پر عملی کام ہوتا ہوا نظر آ رہا ہے محمد ابراہیم بروہی نے کہا کہ حب کے عوام کو طویل عرصے سے سڑکوں، سیوریج اور پانی سمیت بنیادی مسائل کا سامنا تھا، لیکن میر علی حسن زہری نے ان مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے ہیں اور مزید ترقیاتی منصوبوں پر بھی کام جاری ہے انہوں نے مزید کہا کہ حب کو ایک بہتر، خوبصورت اور ترقی یافتہ شہر بنانے کے لیے پارکس، گرین بیلٹس اور عوامی سہولیات کی فراہمی پر بھی توجہ دی جا رہی ہے۔یہ حب کے عوام کے لیے خوش آئند بات ہے کہ شہر کی ترقی کے لیے ایک واضح منصوبہ بندی کے ساتھ کام آگے بڑھ رہا ہے محمد ابراہیم بروہی نے کہا کہ ہم دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ میر علی حسن زہری کو عوام کی مزید خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور حب میں ترقی، خوشحالی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کا یہ سفر اسی طرح جاری وساری رہے

بقیہ نمبر 34

پاکستان کی سلامتی اور امن کے خلاف کارروائی کرنے والے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی ہونی چاہیے محمد شریف پالاری نے کہا کہ عبادت گاہوں اور معصوم شہریوں کو نشانہ بنانے والے دہشت گرد کسی رعایت کے مستحق نہیں، ملوث عناصر کو قانون کی گرفت میں لا کر کیفرِ کردار تک پہنچایا جائے انہوں نے کہا کہ شہداء کا خون قوم کے عزم کو مزید مضبوط کرے گا، جبکہ پاکستان کی سیکیورٹی فورسز اور عوام دہشت گردی کے خلاف متحد ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ دہشت گرد معصوم جانیں لے کر قوم کے حوصلے پست نہیں کر سکتے، پوری قوم اپنی سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے محمد شریف پالاری نے شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا کی اور کہا کہ اللہ تعالیٰ شہداء کے درجات بلند فرمائے اور سوگوار خاندانوں کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ نمبر 35

زی عبدالروف جمالی تھےجبکہ اعزازی مہمانوں میں میر نجیب اللہ بدوزئی غلام فرید منگی حاجی نذیر احمد ابری وڈیرہ غلام قادر عمرانی، ڈاکٹر نصیر محمد عمرانی، عبدالکریم منگریو، وڈیرہ کمال خان بنگلزئی، ڈومکی، ڈاکٹر صابر جمالی سمیت دیگر اہم شخصیات موجود تھیں میچ کے آغاز سے قبل مہمانِ خصوصی اور دیگر معزز مہمانوں کا دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں سے تعارف کرایا گیا۔اس موقع پر ایس ایچ او سٹی غازی عبدالرؤف جمالی نے ٹورنامنٹ کمیٹی کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے حوصلہ افزائی کے لیے نقد انعام دینے کا اعلان بھی کیا۔پلے آف میچ میں شہید غلام سرور بھنگر چیتاز نیمقررہ 10 اوورز میں شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے 186 رنز کا مجموعہ حاصل کیا 186 رنز کے ہدف کے تعاقب میں فیاض ٹائیگرز کے کھلاڑیوں نیمطلوبہ ہدف حاصل نہیں کر سکے اور شاندار کامیابی شہید غلام سرور بھنگر چیتاز نے اپنے نام کرلی۔شہید غلام سرور بھنگر چیتاز نے اس شاندار فتح کے ساتھ بابو واحد بخش بنگلزئی سپر لیگ کے فائنل میچ جیت لیا میچ کے کمینٹیٹر کے فرائض آزاد خان رڈ سرانجام دے رہے تھے دوران شائقینِ کرکٹ کی بڑی تعداد گراؤنڈ میں موجود رہی اور کھلاڑیوں کی بہترین کارکردگی پر بھرپور داد دی مہمان خصوصی عبدالروف جمالی نے کہا کہ کھیلوں کے فروغ کے لیے نوجوانوں نسل کو چاہیے کہ وہ تعلیم کے ساتھ ساتھ کھیلوں کی سرگرمیوں میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیں جہاں کھیلوں کے میدان آباد ہوتے ہیں وہاں کے ہسپتال ویران ہوتے ہیں نصیرآباد میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہے یہاں کے نوجوانوں نے ملک بھر میں نصیرآباد کا نام روشن کیا ہے

بقیہ نمبر 36

صادق عمرانی کی ہدایات پر ایگزیکٹو انجینئر پٹ فیڈر کینال فرید احمد پندرانی کی نگرانی میں پٹ فیڈر کینال کی قیدی شاخ سمیت دیگر شاخوں میں ٹیل تک پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔محکمہ اریگیشن حکام کے مطابق نہری نظام کی مسلسل نگرانی کی جا رہی ہے تاکہ پانی کی منصفانہ تقسیم کے ذریعے ٹیل کے کاشتکاروں کو بھی ان کا زرعی پانی فراہم کیا جا سکے۔دوسری جانب نہری پانی چوری کے خلاف بھی کارروائی جاری ہے، غیر قانونی واٹر کورسز، پائپس اور دیگر ذرائع سے زرعی پانی چوری کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔حکام کا کہنا ہے کہ پانی چوری کی روک تھام اور نہری پانی کی منصفانہ تقسیم کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں تاکہ کاشتکاروں کو درپیش مشکلات کا ازالہ کیا جا سکے۔

بقیہ نمبر 37

چھ سال میں ٹرانسپورٹ کرایوں میں 89 مرتبہ اجتماعی ردوبدل ہوا، 52 مرتبہ اضافہ اور 37 مرتبہ کمی کی گئی۔سی سی پی کے مطابق کراچی میں رعایتی کرایہ دینے والے ٹینکر مالکان کو بلیک لسٹ کرنے کی دھمکی دی گئی جبکہ رعایتی کرایہ مانگنے والی ملوں کو خوردنی تیل کی سپلائی روکنے کی دھمکی بھی سامنے آئی۔ٹینکرز کو کاروبار آزادانہ مسابقت کے بجائے پرچی اور باری کے نظام سے دیا جاتا تھا۔مخصوص شرط کی خلاف ورزی پر ٹینکر اور مالک دونوں کے لیے الگ الگ 5 لاکھ روپے جرمانہ مقرر تھا۔سی سی پی کے مطابق شوکاز نوٹس کے باوجود اگست 2026 میں 81 مقامات کے لیے نیا کرایہ سرکلر جاری کیا گیا، ایک سرکلر میں گھی کی کراچی سے باہر 81 مقامات تک ترسیل کے کرایے مقرر کیے گئے جبکہ چربی کی کراچی سے باہر 53 مقامات اور کراچی کے اندر گھی و چربی کے لیے 18 مقامات کے کرایے بھی مقرر تھے۔سی سی پی کے مطابق آئل ٹینکرز ایسوسی ایشن اور پاکستان وناسپتی مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے درمیان ٹرانسپورٹ کرایوں کے تعین کا معاہدہ تھا، آئل ٹینکرز ایسوسی ایشن کے نمائندوں نے کرایے باہمی معاہدے کے تحت طے ہونے کا اعتراف کیا۔ترجمان کے مطابق ٹرانسپورٹ کرایوں کا معاہدہ 2011 میں ہوا اور 2022 میں اسے اپڈیٹ کیا گیا، سی سی پی نے تلاشی کے دوران چھ سال کے ریٹ سرکلرز، معاہدے اور کمپیوٹر میں محفوظ ریکارڈ قبضے میں لیا۔سی سی پی کے مطابق آئل ٹینکرز ایسوسی ایشن کے تقریبا 2,362 ٹینکرز اور 1,700 مالکان رجسٹرڈ تھے۔روزانہ 250 سے 300 ایسوسی ایشن ٹینکرز بندرگاہوں پر آتے تھے جبکہ مقابلے میں این ایل سی کے 50 سے 60 ٹینکرز تھے، دو بڑے کھلاڑیوں کے تقابل میں آئل ٹینکرز ایسوسی ایشن کا حصہ تقریبا 83 فیصد بنتا تھا۔سی سی پی نے کہا کہ ٹرانسپورٹ لاگت بڑھنے سے گھی اور خوردنی تیل جیسی ضروری اشیا عوام کی پہنچ سے مزید دور ہو سکتی ہیں۔فیصلے میں قیمتوں کے تعین پر پی وی ایم اے کو کمپیٹیشن ایکٹ کی دفعہ 4 کی خلاف ورزی پر 5 کروڑ روپے جرمانہ کیا گیا تھا۔سی سی پی نے کرایوں کا اجتماعی تعین اور پرچی وباری کا نظام فوری ختم کرنے کا حکم بھی دے دیا۔

بقیہ نمبر 38

ن میں قتل کر کے ملزمان نے بوری میں ڈال کر بدین میں پھینک دیا تھا .اب تک ہونے تفتیش اور معلومات کے مطابق مقتول کے مبینہ قاتل کی بھابھی سے ناجائز تعلقات تھے اور مقتول مبینہ قاتل کی بھابھی کو پرانے تعلقات کی بنیاد پر بلیک میل بھی کر رہا تھا

بقیہ نمبر 39

ٹوکن سسٹم کے باعث لاکھوں خاندان معاشی مشکلات کا شکار ہیں جبکہ امن وامان کی صورتحال نے بھی عوام کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ مکران کی معیشت کا بڑا دارومدار بارڈر تجارت پر ہے، تاہم طویل عرصے سے بارڈر کاروبار انتہائی محدود ہونے سے ہزاروں خاندانوں کا روزگار متاثر ہوا ہے۔ضلع کیچ میں چوری، ڈکیتی، موٹر سائیکل چھیننے، فائرنگ اور اغوا برائے تاوان کے واقعات سے شہری عدم تحفظ کا شکار ہیں اور حکومت و انتظامیہ کی کارکردگی سے مطمئن نہیں۔انہوں نے کہا کہ 20 ستمبر کی احتجاجی ریلی کا مقصد کسی فرد یا جماعت کے خلاف محاذ آرائی نہیں بلکہ امن، روزگار، بارڈر تجارت، کاروباری سرگرمیوں اور بنیادی شہری سہولیات کی بحالی کے لیے آواز بلند کرنا ہے۔انہوں نے تمام سیاسی جماعتوں، طلبہ تنظیموں، مزدور یونینز، وکلا، تاجر برادری اور سول سوسائٹی کو پرامن احتجاج میں شرکت کی دعوت دیتے ہوئے کیچ کے عوام سے اپیل کی کہ وہ اپنے اجتماعی مفادات، روزگار اور بچوں کے مستقبل کے تحفظ کے لیے ریلی میں بھرپور شرکت کریں۔

بقیہ نمبر 40

رپر اغوا کر کے اس کا گردہ نکال لیا گیا۔اس حوالے سے نوجوان کے والد نے الزام عائد کیا ہے کہ ملزمان تین روز قبل بیٹے کو بھاٹھرہ سے اغوا کر کے گجرات لے گئے تھے۔نوجوان کے والد نے پولیس کو بیان میں بتایا کہ ملزمان نے بیٹے کا گردہ نکالا، اس کو ٹی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔پولیس کے مطابق متاثرہ نوجوان کے والد کی درخواست موصول ہوگئی ہے اور اس معاملے پر تفتیش جاری ہے۔

بقیہ نمبر 41

ناسازی کے باعث اسپتال منتقل کر دیا گیا۔علی امین گنڈاپور کا چند روز قبل آپریشن ہوا جس کے بعد انہیں گردن میں تکلیف کی شکایت تھی۔ڈاکٹرز نے معائنے اور ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد سابق وزیر اعلیٰ کو مکمل آرام کا مشورہ دیتے ہوئے گھر جانے کی اجازت دے دی

بقیہ نمبر 42

طالبان قیادت سے ملاقاتیں کی ہیں جن میں پاکستان اور طالبان کے درمیان کشیدگی اور سیکیورٹی صورتِ حال پر بات چیت ہوئی۔ترکیہ کے انٹیلیجنس سربراہ ابراہیم قالن اور قطری عہدیدار احمد بن خمیس الکبیسی نے طالبان کی اعلیٰ قیادت سے ملاقاتیں کیں جبکہ انہوں نے قندھار کا بھی دورہ کیا۔واضح رہے کہ پاکستان افغانستان سے سرگرم مسلح گروہوں کے خلاف کارروائی اور سرحدی سیکیورٹی کا مطالبہ کرتا رہا ہے۔بین الاقوامی میڈیا کے مطابق ترکیہ اور قطر ایک بار پھر پاکستان اور طالبان کے درمیان کشیدگی کم کرنے میں کردار ادا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 43

جنس بیسڈ آپریشنز کیے، جن میں 23 دہشت گردوں کو گرفتار کر لیا گیا۔ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق ساہیوال سے را کا خطرناک دہشت گرد بھی گرفتار کیا گیا، گرفتار دہشت گردوں کی شناخت ہدایت اللہ، محمد مجاہد، تسلیم حسنین اور طارق اللہ کے نام سے ہوئی ہے۔سی ٹی ڈی ترجمان کے مطابق دہشت گردوں کے قبضے سے دھماکہ خیز مواد، 7 آئی ای ڈیز، 26 ڈیٹونیٹرز اور 48 فٹ فیوز وائر برآمد کی گئی۔حکام کے مطابق گرفتار دہشت گردوں کے خلاف 22 مقدمات درج کر لیے گئے ہیں۔ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق پنجاب بھر میں ایک ماہ کے دوران 4601 کومبنگ آپریشنز کیے گئے، جن کے دوران 402 مشتبہ افراد کو گرفتار کیا گیا۔کومبنگ آپریشنز کے دوران 166,553 افراد کو چیک کیا گیا۔

بقیہ نمبر 44

پر 'سپر ٹرین مارچ' کے شرکا اور استقبالی ہجوم سے خطاب کریں گے۔استقبالیہ انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے جماعت اسلامی سندھ کے صوبائی جنرل سیکریٹری محمد یوسف اور امیر جماعت اسلامی ضلع حیدرآباد حافظ طاہر مجید نے دیگر رہنماؤں کے ہمراہ حیدرآباد ریلوے اسٹیشن کا دورہ کیا۔اس موقع پر رہنماؤں نے کہا کہ استقبال کی تمام تیاریاں مکمل کی جا رہی ہیں جبکہ کارکنوں اور شہریوں میں جوش وخروش پایا جاتا ہے۔ریلوے اسٹیشن اور راستے میں بڑی تعداد میں استقبالیہ بینرز، پینافلیکس اور جماعت اسلامی کے جھنڈے آویزاں کیے گئے ہیں۔

بقیہ نمبر 45

ہوئی تھی۔پولیس نے ملزم کے قبضے سے غیر قانونی اسلحہ، ایمونیشن، چلید ہ خول اور نقدی رقم برآمد کر لی، زخمی ملزم کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا۔گرفتار زخمی ملزم کا کہنا ہے کہ میں شادی شدہ ہوں میرے دو بچے بھی ہیں جبکہ میری بیوی گاؤں میں ہے میں یکم تاریخ کو ہی کراچی آیا ہوں، مجھ سے غلط ہوگئی ہے آئندہ میرے باپ کی توبہ ہے میں ایسی حرکت نہیں کروں گا۔پولیس کے مطابق ضابطے کی کارروائی جاری ہے

بقیہ نمبر 46

جا رہی تھی کہ راستے میں ایک موٹر سائیکل سوار نے تیزاب پھینک دیا۔پولیس نے بتایا کہ خاتون شارع فیصل پر دفتر میں ملازمت کرتی ہے، صبح خاتون کا شوہر اس کو آفس چھوڑنے جا رہا تھا تو راستے میں واقعہ پیش آیا۔پولیس کے مطابق واقعے کا مقدمہ متاثرہ خاتون کی مدعیت میں نامعلوم موٹر سائیکل سوار کے خلاف درج کیا گیا ہے جب کہ علاقے میں لگے سی سی ٹی وی کی ویڈیوز حاصل کی جا رہی ہیں۔

بقیہ نمبر 47

لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم کے حکم پر شیخ ظہور احمد کو او ایس ڈی بنا دیا گیا، وہ ملتان بینچ میں فرائض سرانجام دے رہے تھے۔درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ شیخ ظہور احمد نے اپنا تعارف ڈی جی کسٹمز پاکستان کے طور پر کروایا اور گاڑیوں کی کسٹمز کلیئرنس کے لیے 7 کروڑ 55 لاکھ روپے طلب کیے۔درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ 7 کروڑ 55 لاکھ روپے وصول کرنے کے بعد شیخ ظہور احمد نے رابطہ ختم کر دیا۔

بقیہ نمبر 48

مسجد میں نمازی کا بھیس اختیار کر کے باہر کھڑی گاڑیاں چوری کرنے والے ملزم سے اینٹی وہیکل لفٹنگ سیل کے تفتیشی افسران نے تفتیش مکمل کر لی، ملزم کے 14 مقدمات پر مشتمل کریمنل ریکارڈ کا بھی سراغ مل گیا۔پولیس کے مطابق ملزم صرف گاڑی چوری کرنے کے لیے گھوٹکی سے کراچی آتا، واردات کے بعد چوری شدہ گاڑی کو کوئٹہ منتقل کر کے فروخت کرتا تھا۔پولیس کے مطابق گرفتار ملزم کی شناخت انصاف علی ولد میر خان کے نام سے ہوئی ہے، جو سال 2000 سے جرائم پیشہ سرگرمیوں میں ملوث رہا ہے۔

بقیہ نمبر 49

سپرنٹنڈنٹ اسفندیار کو گھر سے اغوا کیا گیا ہے۔پولیس نے بتایا کہ مسلح افراد نے 2 موٹر سائیکلوں پر رات 2 بجے جوڈیشل سپرنٹنڈنٹ اسفندیار کو گھر سے اغوا کیا اور انہیں لے کر فرار ہوگئے۔پولیس کے مطابق اسفندیار کی بازیابی کے لیے سرچ آپریشن جاری ہے، مختلف مقامات پر ناکہ بندی بھی کی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 50

گھنٹے آپریشن تھیٹر فعال ہے جہاں مریضوں کو ہنگامی اور خصوصی جراحی کی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بیکڑ کے میر غلام قادر بگٹی میموریل ہسپتال میں 100 بڑی سرجریز کی تکمیل پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے

سردار اختر جان انگاریہ کا پیپلز پارٹی میں شمولیت کا فیصلہ

باقاعدہ اعلان 21 ستمبر کو ڈام روڈ وندر پر منعقد ہونے والے تاریخی جلسہ عام میں کیا جائے گا

جلسے میں پارٹی کے مرکزی و صوبائی رہنماؤں، مقامی معززین، اور کارکنوں کی ایک بہت بڑی تعداد کی شرکت متوقع ہے

حب (نمائندہ بولان) ضلع حب کے علاقے وندر میں پاکستان پیپلز پارٹی کے حق میں ایک بڑی اور اہم سیاسی پیش رفت سامنے آئی ہے۔ معروف سیاسی و قبائلی شخصیت سردار اختر جان انگاریہ نے اپنے ساتھیوں سمیت پیپلز پارٹی میں شامل ہونے کا حتمی فیصلہ کر لیا ہے، جس کا باقاعدہ اعلان 21 ستمبر کو ڈام روڈ وندر پر منعقد ہونے والے تاریخی جلسہ عام میں کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق شمولیتی جلسے کو یادگار بنانے کے لیے تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں اور پنڈال کی سجاوٹ سمیت تمام انتظامات کو حتمی شکل دی جا رہی ہے۔ اس جلسے میں پارٹی کے مرکزی و صوبائی رہنما، مقامی معززین، اور کارکنوں کی ایک بہت بڑی (بقیہ نمبر 10 صفحہ 7 پر)

لورالائی، ڈپٹی کمشنر محمد حسیب شجاع اور ڈی ایچ او ڈاکٹر مقبول احمد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا رہے ہیں

سندھ میں انسداد پولیو مہم 21 ستمبر سے شروع ہوگی، مراد علی شاہ

30 اضلاع میں 5 سال سے کم عمر ایک کروڑ سے زائد بچوں کو قطرے پلانے کا ہدف

وزیر اعلیٰ سندھ کی میڈیا سے مہم کی بھرپور تشہیر کی اپیل

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے سندھ میں 21 سے 27 ستمبر تک انسداد پولیو مہم چلانے کا اعلان کرتے ہوئے میڈیا ہاؤسز سے مہم کی مؤثر تشہیر میں کردار ادا کرنے کی اپیل کر دی۔ میڈیا کنسلٹنٹ وزیر اعلیٰ سندھ عبدالرشید چنا کے مطابق وزیر اعلیٰ سندھ نے میڈیا ہاؤسز کو خط میں کہا ہے کہ مہم کے دوران سندھ بھر میں 5 سال سے کم عمر ایک کروڑ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ ماضی میں پولیو کے قطرے پینے والے بچوں کو بھی اس مہم کے دوران دوبارہ قطر (بقیہ 18 صفحہ 7 پر)

کوہاٹ، پرانی پولیس لائنز میں سیکیورٹی فورسز کا آپریشن، ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی قمر جواد زخمی

کوہاٹ (اے ایف بی) کوہاٹ کی پرانی پولیس لائنز میں سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے خلاف آپریشن مکمل کر لیا۔ پولیس کے مطابق اسپیشل برانچ کی عمارت میں چھپے متعدد دہشت گرد ہلاک کر دیئے گئے، ہلاک دہشت گردوں کی لاشیں اکٹھی کی جا رہی ہیں۔ پولیس کا کہنا ہے (بقیہ 17 صفحہ 7 پر)

حکومت کے پاس عدالتی فیصلہ ہمارے پاس آئین ہے، شفیع جان

پشاور (اے ایف بی) خیبر پختونخوا کے وزیر اطلاعات شفیع جان نے کہا ہے کہ اگر وفاقی حکومت کے پاس اسلام آباد ہائی کورٹ کا فیصلہ ہے تو ہمارے پاس آئینِ پاکستان ہے (بقیہ 20 صفحہ 7 پر)

سوراب کے فٹ بال کے لیے ایک اور اعزاز

عبدالودود گرگ بلوچستان انڈر 17 کے فائنل کیمپ کے لیے منتخب

سوراب (نامہ نگار) سوراب کے نوجوان فٹبالر اور شاہین فٹبال کلب نغاڑ کے ابھرتے ہوئے کھلاڑی عبدالودود گرگ بلوچستان انڈر 17 فٹبال ٹیم کے فائنل کیمپ کے لیے منتخب ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق عبدالودود گرگ نے کوئٹہ میں منعقدہ فٹبال ٹرائلز میں شرکت کی اور اپنی (بقیہ 19 صفحہ 7 پر)

معاشی و عدالتی نظام مکمل تباہ ہو چکا، راجہ ناصر عباس

معیشت کی بنیاد سرمایہ کاری اور روزگار کے مواقع ہوتے ہیں، جتنی جلدی ممکن ہو، موجودہ حکومت کو گھر بھیجا جانا چاہیے

طاقت ور وزیر کہتے ہیں کہ 10 سال بھی لگے رہیں تو بہتری نہیں آئے گی، سابق گورنر سندھ محمد زبیر

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا ہے کہ ایک اہم وفاقی وزیر کے مطابق پاکستان کا نظام منہدم ہو چکا ہے، معاشی اور عدالتی نظام مکمل تباہ ہو چکا۔ راجہ ناصر عباس نے اپوزیشن قائدین کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکمرانوں کا ا (بقیہ 23 صفحہ 7 پر)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سراج احمد بلوچ کا رورل ہیلتھ سینٹر لاکھڑا کا دورہ

ترقیاتی کاموں کا معائنہ اسٹاف کی حاضریوں اور طبی سہولیات کا جائزہ

حکومتِ بلوچستان عوام کو ان کی دہلیز پر بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے کوشاں ہے

اوتھل (نمائندہ خصوصی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سراج احمد بلوچ نے رورل ہیلتھ سینٹر (RHC) لاکھڑا کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے ہسپتال میں بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) کے تحت جاری ترقیاتی کاموں کا تفصیلی معائنہ کیا اور متعلقہ حکام کو کام کے معیار کو بہتر بنانے اور اسے مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے لیے اہم ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے (بقیہ 24 صفحہ 7 پر)

سوراب: مسافر کوچ کے اغوا کی خبر بے بنیاد قرار، پولیس نے تردید کر دی

مسافر کوچ کے اغوا کا کوئی واقعہ پیش نہیں آیا اور نہ ہی اس حوالے سے کسی واقعے کی تصدیق ہوئی ہے

سوراب (نامہ نگار) سوراب پولیس نے کراچی سے کوئٹہ جانے والی مسافر کوچ کو مسافروں سمیت اغوا کیے جانے سے متعلق گردش کرنے والی خبر کی تردید کرتے ہوئے اسے بے بنیاد قرار دے دیا ہے۔ پولیس کے مطابق مسافر کوچ کے اغوا کا کوئی واقعہ پیش نہیں آیا اور نہ ہی اس حوالے سے (بقیہ 25 صفحہ 7 پر)

مچھ، چیف انجینئر مواصلات و تعمیرات بشیر ناصر ترقیاتی عمل کا جائزہ لے رہے ہیں

شرقی ڈیرہ مراد جمالی میں ترقیاتی کاموں کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ ماما محبؐ علی مغیری

میر بلال خان عمرانی عوام کے مسائل کو حل کرنے کے کوشاں ہیں

نصیر آباد (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی نصیر آباد کے سینئر رہنما ماما محب علی مغیری نے کہا ہے کہ صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی اور پاکستان پیپلز پارٹی نصیر آباد ڈویژن کے صدر میر محمد بلال خان عمرانی کی کارکردگی قابل ستائش ہیں شرقی ڈیرہ مراد جمالی میں ترقیاتی کاموں کا آغاز کر دیا گیا ہے شرقی ڈیرہ مراد جمالی میں سیوریج کا اہم مسئلہ تھا جس کو حل کرنے کے لیے عملی طور اقدامات کیے جا رہے ہیں سیوریج کے مین نالے کا کام شروع کر دیا گیا ہے جو کہ ایک اچھا اور مثبت کام ھے انہوں نے کہا کہ میر بلال خان عمرانی عوام کے مسائل کو حل کرنے کے کوشاں ہیں روانہ کی بنیاد پر عوام سے رابطے میں ہیں ان کے مسائل (بقیہ 32 صفحہ 7 پر)

حب کے ماسٹر پلان کی منظوری ایک اہم پیش رفت ہے، محمد ابراہیم بروھی

میر علی حسن زہری نے حب میں ترقیاتی کاموں کے ذریعے جو عملی اقدامات کیے ہیں، وہ قابلِ تعریف ہیں

حب (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی نورالدین گوٹھ، اشوک پمپ کے سینئر رہنما محمد ابراہیم بروھی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ میر علی حسن زہری نے حب میں ترقیاتی کاموں کے ذریعے جو عملی اقدامات کیے ہیں، وہ قابلِ تعریف ہیں۔ ان کی قیادت میں حب میں ترقی اور عوامی خدمت کا سفر جار (بقیہ 33 صفحہ 7 پر)

آئل ٹینکرز کارٹل پر 6 کروڑ روپے جرمانہ

کرایوں کے اجتماعی تعین پر 3 کروڑ، پرچی اور باری کے ذریعے کاروبار کی تقسیم پر مزید 3 کروڑ روپے جرمانہ کیا گیا

ڈیزل ایک روپیہ مہنگا ہونے پر کرایہ 0.75 فیصد بڑھانے جبکہ ایک روپیہ سستا ہونے پر صرف 0.5 فیصد کم کرنے کا فارمولا طے تھا

لاہور (این این آئی) سی سی پی کی مارکیٹ انٹیلی جنس کے مطابق آل پاکستان ایڈیبل آئل ٹینکر اونرز ایسوسی ایشن پر کارٹل بنانے کا الزام ثابت ہو گیا، خوردنی تیل اور گھی کی ترسیل میں گٹھ جوڑ پر آئل ٹینکرز ایسوسی ایشن کو 6 کروڑ روپے جرمانہ کر دیا گیا۔ سی سی پی کے مطابق خوردنی تیل کی ترسیل کے کرائے طے کرنے اور ٹینکرز میں کاروبار تقسیم کرنے پر ایسوسی ایشن کو 6 کروڑ روپے جرمانہ کیا گیا، کرایوں کے اجتماعی تعین پر 3 کروڑ جبکہ پرچی اور باری کے ذریعے کاروبار کی تقسیم پر مزید 3 کروڑ روپے جرمانہ کیا گیا۔ سی سی پی کے مطابق ڈیزل ایک روپیہ مہنگا ہونے پر کرایہ 0.75 فیصد بڑھانے جبکہ ایک روپیہ سستا ہونے پر صرف 0.5 فیصد کم کرنے کا فارمولا طے تھا، ڈیزل کی قیمت میں یکساں تبدیلی پر کرایہ بڑھانے کی شرح، کم کرنے کی شرح سے 50 فیصد زیادہ تھی۔ سی سی پی کے مطابق (بقیہ 37 صفحہ 7 پر)

بارکھان، کمشنر کوہ سلیمان ڈویژن مجیب الرحمان قمبرانی زیر تعمیر رکھنی تا بارکھان روڈ کا دورہ کر رہے ہیں

نصیر آباد میں لہڑی برادرز کی علاقائی خدمات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں، جاوید الرحمٰن جتک

عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی تعمیر و ترقی کے لیے بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں

نصیر آباد (نامہ نگار) نصیر آباد میں لہڑی برادرز کی علاقائی خدمات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں، عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی تعمیر و ترقی کے لیے بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں عوام ان (بقیہ نمبر 11 صفحہ 7 پر)

کورنگی میں ریبیز سے بچا اور کتے کے کاٹنے سے تحفظ سے متعلق آگاہی سیمینار کا انعقاد

سیمینار میں ڈپٹی کمشنر آفس کورنگی کی نمائندگی سہیل آرائیں، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر I- کورنگی نے کی

کراچی: (نمائندہ بولان) ڈپٹی کمشنر کورنگی مسعود بھٹو کی سرپرستی، چیئرمین ٹی ایم سی کورنگی نعیم شیخ کے تعاون اور ڈپٹی کمشنر ریونیو I- وفوکل پرسن ڈی سی آفس کورنگی ارشد خاصخیلی کی معاونت سے ڈپٹی کمشنر آفس کورنگی کے کانفرنس ہال میں ریبیز سے بچا اور کتے کے کاٹنے سے تحفظ کے حوالے سے (بقیہ نمبر 12 صفحہ 7 پر)

پی آئی اے کی آئی او ایس اے رجسٹریشن مسلسل 12 ویں بار تجدید

بین الاقوامی ایوی ایشن سیفٹی معیارات پر عملدرآمد کا اہم سنگ میل

رجسٹریشن 11 ستمبر 2028 تک مؤثر رہے گی، ترجمان

کراچی (این این آئی) قومی ایئرلائن پی آئی اے نے بین الاقوامی ایوی ایشن سیفٹی معیارات پر عملدرآمد کا اہم سنگ میل عبور کرتے ہوئے مسلسل 12 ویں مرتبہ آئی او ایس اے رجسٹریشن کی کامیاب تجدید کرا لی۔ پی آئی اے ترجمان کے مطابق رسک بیسڈ آئی او ایس اے آڈٹ کامیابی سے مکمل ہونے کے بعد قومی ایئرلائن کی رجسٹریشن 11 ستمبر 2028 تک مؤثر رہے گی۔ آڈٹ کے دوران پی آئی اے (بقیہ 13 صفحہ 7 پر)

میر علی حسن زہری کو خراجِ تحسین پیش کرنے کیلئے گانے کی سوشل میڈیا پر دھوم

میر علی حسن زہری کی طویل سیاسی جدوجہد اور عوام دوست پالیسیوں کو سراہتے ہوئے بلوچ اسٹوڈیو یوٹیوب چینل کی جانب سے یہ شاندار گانا تیار کیا گیا ہے

گانے کے بولوں اور دلنشین دھن میں اس عزم کو دہرایا گیا ہے کہ کس طرح میر علی حسن زہری نے ہمیشہ بلا امتیاز عوام کی خدمت کو اپنا شیوہ بنایا ہے

کوئٹہ (نمائندہ بولان) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر صوبائی نائب صدر اور ترجمان صدر آصف علی زرداری برائے بلوچستان میر علی حسن زہری کی عوامی خدمات، فلاحی کاموں اور علاقے کے عوام کے ساتھ گہرے تعلق کو خراجِ تحسین پیش کرنے کے لیے ایک نیا اور خوبصورت بلوچی گانا تیار کیا گیا ہے، جس نے سوشل میڈیا پر دھوم مچا رکھی ہے، میر علی حسن زہری کی طویل سیاسی جدوجہد اور عوام دوست پالیسیوں کو سراہتے ہوئے بلوچ اسٹوڈیو یوٹیوب چینل کی جانب سے یہ شاندار گانا تیار کیا گیا ہے۔ گانے کے بولوں اور دلنشین دھن میں اس عزم کو دہرایا گیا ہے کہ کس طرح میر علی حسن زہری نے ہمیشہ بلا امتیاز عوام کی خدمت (بقیہ 16 صفحہ 7 پر)

حب سٹی پولیس کی مختلف کارروائیاں، اسلحہ اور حب سے چوری شدہ کار برآمد کر لی

کارروائی کے دوران ملزم کے قبضے سے ایک عدد 9mm پسٹل بمعہ 04 زندہ کارتوس برآمد ہوئے

حب (نمائندہ بولان) حب سٹی پولیس کی مختلف کارروائیاں، اسلحہ اور حب سے چوری شدہ کار برآمد کر لی اشتہاری ملزم گرفتار ایس پی حب مرزا بلال حسن کی خصوصی ہدایات پر ایس ایچ او حب سٹی عبدالصمد زہری کی قیادت میں پولیس ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم نذیر احمد عرف ندو کو گرفتار کر لیا کارروائی کے دوران ملزم کے قبضے سے ایک عدد 9mm پسٹل بمعہ 04 زندہ کارتوس برآمد ہوئے، پولیس کے (بقیہ 21 صفحہ 7 پر)

لاہور، 8 سالہ طالب علم پر تشدد، خاتون ٹیچر گرفتار

لاہور (اے ایف بی) لاہور کے علاقے بادامی باغ میں 8 سالہ طالب علم پر مبینہ تشدد کرنے والی خاتون ٹیچر کو پولیس نے (بقیہ 22 صفحہ 7 پر)

قلات، ڈپٹی کمشنر عائشہ زہری بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر پانچ روزہ مہم کا افتتاح کر رہی ہیں

فدا حسین رونجھو اور زوہیب بلوچ نے حب بازار کا دورہ کیا

صفائی ستھرائی کی صورتحال، اشیائے خورونوش کے معیار اور سرکاری نرخ ناموں کا جائزہ لیا گیا

حب (نمائندہ بولان) ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعدار خان مندوخیل کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر حب مہیم خان لگچی کی نگرانی میں نائب تحصیلدار (یوٹیز) فدا حسین رونجھو اور زوہیب بلوچ نے حب بازار کا دورہ کیا اس موقع پر دودھ، دہی اور مٹن فروشوں کی دکانوں کا تفصیلی معائنہ کیا گیا، جہاں صفائی ستھرائی کی صورتحال، اشیائے خورونوش کے معیار اور سرکاری نرخ ناموں کا جائزہ لیا گیا۔ اس دوران دکانداروں کو سرکاری نرخ ناموں کے مطابق اشیاء فروخت کرنے اور صفائی ستھرائی کے معیار کو برقرار رکھنے کی ہدایا (بقیہ 26 صفحہ 7 پر)

کراچی، مسجد میں نمازی بن کر گاڑیاں چرانے والا 57 سالہ کار لفٹر گرفتار

کراچی (اے ایف بی) مسجد میں نمازی بن کر گاڑیاں چرانے والا 57 سالہ کار لفٹر گرفتار کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق (بقیہ 48 صفحہ 7 پر)

کروڑوں کی خورد برد کا الزام، ڈپٹی رجسٹرار ملتان بینچ کو عہدے سے ہٹانے کا نوٹیفکیشن جاری

لاہور (اے ایف بی) ڈپٹی رجسٹرار شیخ ظہور احمد کو کسٹمز افسر ظاہر کرنے پر عہدے سے ہٹانے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق شیخ ظہور احمد پر کروڑوں روپے کی مبینہ خورد برد کا بھی الزام ہے۔ چیف جسٹس (بقیہ 47 صفحہ 7 پر)

ساکران پولیس کی کارروائی اسلحہ و منشیات برآمد، تین ملزمان گرفتار

ملزمان کے قبضے سے ایک عدد 12 بور رائفل بمعہ راؤنڈز برآمد ہوئی

حب (نمائندہ بولان) ساکران پولیس کی کارروائی اسلحہ و منشیات برآمد، تین ملزمان گرفتار، ایس پی حب مرزا بلال حسن کی خصوصی ہدایات پر، ایس ڈی پی او ساکران عبدالرحیم اچکزئی کی زیر نگرانی ایس ایچ او ساکران انسپکٹر عبدالقادر شیخ نے پولیس پارٹی کے ہمراہ دورانِ گشت ایک مشکوک شخص سہیل احمد کو روک کر تلاشی لی، جس کے قبضے سے ایک عدد 12 بور رائفل بمعہ راؤنڈز برآمد ہوئی ساکران پولیس نے دوسری کارروائی کے دوران مشکوک شخص محمد انور کو گرفتار کیا دورانِ تلاشی ملزم کے قبضے سے 285 گرام کرسٹل (بقیہ 27 صفحہ 7 پر)

پاک چین تعلقات اعتماد و احترام کی داستان ہیں، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ

21 مئی 1951 کو قائم ہونے والے پاک چین سفارتی تعلقات وقت کے ساتھ مضبوط اور ہمہ جہت شراکت داری میں تبدیل ہو چکے ہیں

تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم، زراعت، صحت، سائنس و ٹیکنالوجی، توانائی اور بنیادی ڈھانچے سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں

کوئٹہ/اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین کے سفارتی تعلقات محض 75 سالہ سفر نہیں بلکہ باہمی اعتماد، احترام اور آزمائش کی ہر گھڑی میں ایک دوسرے کا ساتھ دینے کی شاندار داستان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 21 مئی 1951 کو قائم ہونے والے پاک چین سفارتی تعلقات وقت کے ساتھ مضبوط اور ہمہ جہت شراکت داری میں تبدیل ہو چکے ہیں۔ وہ پاکستان اور چین کے سفارتی تعلقات کی 75 ویں سالگرہ کے موقع پر ڈپلومیٹک فوکس کے زیر اہتمام تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک نے مشکل حالات میں ایک دوسرے کا (بقیہ 31 صفحہ 7 پر)

پنجاب میں سی ٹی ڈی کے 158 انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز، 23 دہشت گرد گرفتار

لاہور: (اے ایف بی) پنجاب میں کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) نے ایک ماہ کے دوران 158 انٹیلی (بقیہ 43 صفحہ 7 پر)

بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی کوئٹہ کے نئے ریسٹورنٹس کو ٹیکس قوانین پر عملدرآمد کی ہدایت

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی ٹیم نے کوئٹہ میں حال ہی میں قائم ہونے والے مختلف ریسٹورنٹس کا دور (بقیہ 42 صفحہ 7 پر)

حب۔ ایس ایچ او حب سٹی تھانہ عبدالصمد زہری چوری شدہ کار برآمد کر کے کار کو مالک کے حوالے کر رہے ہیں

دھابیجی: تیز رفتاری کے باعث گاڑی کھائی میں جا گری، خواتین اور مرد زخمی

حادثے کے بعد زخمیوں کو فوری طور پر رورل ہیلتھ سینٹر گھارو منتقل کیا گیا

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) دھابیجی: تیز رفتاری کے باعث گاڑی کھائی میں جا گری، خواتین اور مرد زخمی دھابیجی کے مقام پر تیز رفتاری کے باعث ایک گاڑی بے قابو ہو کر سڑک کے کنارے کھائی میں جا گری، جس کے نتیجے میں گاڑی میں سوار خواتین اور مرد زخمی ہو گئے۔ زخمیوں میں ڈیفنس کراچی کے رہائشی احمد ولد لیاقت عباسی اور مظاہر ولد نصیر بھی شامل ہیں۔ حادثے کے بعد زخمیوں کو فوری طور پر رورل ہیلتھ سینٹر گھارو منتقل کیا گیا، جہاں انہیں ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی۔ بعد ازاں زخمیوں کو مزید علاج کے لیے کراچی ریفر کر دیا گیا۔

حب۔ ایس ایچ او حب سٹی تھانہ عبدالصمد زہری کارروائی میں پکڑے گئے ملزم کے حوالے سے تفصیلات بتا رہے ہیں

بدین بلائنڈ قتل کیس میں مزید اہم پیش رفت

حاکم علی شاہ قتل کیس میں استعمال شدہ بولان گاڑی برآمد اور ڈرائیور گرفتار

بدین (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ پولیس ترجمان کی مہیا کی گئی تفصیلات کے مطابق ڈی ایس پی بدین شکیل احمد سولنگی ایس ایچ او تھانہ بدین سب انسپکٹر علاول خاصخیلی اور انچارج ڈی آئی سی سب انسپکٹر محمد عارف جروار نے کاروائی کر کے حاکم علی شاہ قتل کیس میں استعمال شدہ بولان گاڑی برآمد کر لی ہے جبکہ گاڑی ڈرائیور محمد رند سکنہ ٹنڈو محمد خان کو بھی گرفتار کر لیا گیا ہے۔ واضع رہے کہ مقتول حاکم شاہ کو ٹنڈو محمد خا (بقیہ 38 صفحہ 7 پر)

وزیراعظم فیول ریلیف سکیم میں تین تبدیلیوں کا اعلان

تبدیلیوں کا مقصد مستحقین، موٹر سائیکل، رکشہ اور چنگ چی استعمال کرنے والوں کو سہولت کی فراہمی ہے، وفاقی وزیر

دو اور تین پہیوں والی گاڑیوں کیلئے ہر ٹوکن پر 500 روپے ریلیف، اہل موٹر سائیکل، چنگ چی اور رکشہ صارفین ماہانہ چار ٹوکن حاصل کر سکیں گے، پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ نے وزیراعظم کی فیول ریلیف سکیم میں تین بڑی تبدیلیوں کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان تبدیلیوں کا مقصد مستحقین، بالخصوص موٹر سائیکل، رکشہ اور چنگ چی استعمال کرنے والو (بقیہ نمبر 14 صفحہ 7 پر)

حب، کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء کو این آر ایس پی کے ڈسٹرکٹ منیجر جہانگیر سیلاب متاثرین کی بحالی کے حوالے سے بریفنگ دے رہے ہیں

کے الیکٹرک کے بلنگ و ریکوری ٹیم نے آج میونسپل کمیٹی بیلا کا دورہ کیا

چیئرمین میونسپل کمیٹی بیلا میر مبشر عزیز کھوسہ اور وائس چیئرمین طارق علی بلوچ کے ساتھ اہم اجلاس میں شرکت کی

بیلا (نمائندہ بولان) ڈائریکٹر کے الیکٹرک ویسٹ کراچی لسبیلہ ابسار عالم اور جنرل منیجر کے الیکٹرک آئی بی سی اوتھل رضا حسین میمن کی ہدایات پر کے الیکٹرک کے بلنگ و ریکوری ٹیم نے آج میونسپل کمیٹی بیلا کا دورہ کیا اس موقع پر بلنگ و ریکوری مینیجر علی اکبر قریشی، سینٹر انچارج بیلا محسن ابڑو (بقیہ 15 صفحہ 7 پر)

شیرانی، ڈپٹی کمشنر کلیم اللہ کاکڑ بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا رہے ہیں

پاکستان کو فساد اور لانگ مارچ نہیں امن کی ضرورت ہے — احسن اقبال

مشن پاکستان کو دنیا کی بہترین معیشت بنانا ہے، مقصد کیلئے نوجوانوں کو مرغیاں، کٹیاں، کٹیا اور انڈے دینے کی بجائے بہترین تعلیم اور ٹیکنیکل تعلیم فراہم کرنا ہوگی، وفاقی وزیر

اگر کسی ملک کی ٹی وی سکرین پر مار اماری اور بدامنی کے مناظر دکھائی دے رہے ہوں تو کیا بین الاقوامی سرمایہ کار ایسے ملک کا رخ کرے گا؟

نارووال (این این آئی) وفاقی وزیر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کو فساد اور لانگ مارچ نہیں، امن و استحکام کی ضرورت ہے۔ اپنے آبائی حلقے نارووال میں ٹیکنیکل کالج کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان کو آج فساد اور لانگ (بقیہ 28 صفحہ 7 پر)

جنوبی وزیرستان اپر کے جوڈیشل سپرنٹنڈنٹ اسفندیار گھر سے اغوا

ٹانک (اے ایف بی) جنوبی وزیرستان اپر کے جوڈیشل سپرنٹنڈنٹ اسفندیار کو اغوا کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق جوڈیشل (بقیہ 49 صفحہ 7 پر)

عدالتی فائل گمشدگی کیس، سزا پانے والا اہلکار 15 سال بعد بری

عدالت نے ملزم کی اپیل منظور کرتے ہوئے ٹرائل کورٹ کی جانب سے سنائی گئی سزا اور جرمانے کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا

صرف کسی فعل کا سرزد ہونا کسی شخص کو مجرم نہیں بناتا، مجرمانہ نیت فوجداری جرم کا لازمی جزو ہے

لاہور: (اے ایف بی) لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس محمد امجد پرویز نے عدالتی فائل گمشدگی کیس میں سزا پانے والے عدالتی اہلکار محمد خالد رشید کو 15 سال بعد بری کر دیا۔ عدالت نے ملزم کی اپیل منظور کرتے ہوئے ٹرائل کورٹ کی جانب سے سنائی گئی سزا اور جرمانے کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ استغاثہ ملزم کے خلاف جرم ثابت کرنے میں بری طرح ناکام رہا، یہ کیس کسی (بقیہ 29 صفحہ 7 پر)

کراچی، شوہر کے ساتھ آفس جانے والی خاتون پر موٹر سائیکل سوار نے تیزاب پھینک دیا

کراچی (اے ایف بی) شوہر کے ساتھ آفس جانے والی خاتون پر موٹر سائیکل سوار نے تیزاب پھینک دیا۔ پولیس کے مطابق یہ افسوسناک واقعہ کراچی کے علاقے لیاقت آباد میں پیش آیا جہاں ایک خاتون اپنے شوہر کے ساتھ آفس (بقیہ 46 صفحہ 7 پر)

پیٹرولیم مصنوعات پر لیوی اور اضافی ٹیکسوں کے خلاف جماعت اسلامی کا سپر لانگ مارچ

بدین کے کارکن حیدرآباد میں استقبال کریں گے۔

بدین (نامہ نگار) پیٹرولیم مصنوعات پر عائد لیوی، اضافی ٹیکسوں اور دیگر محصولات کے خلاف جماعت اسلامی کی جانب سے سپر لانگ مارچ کا آغاز آج کراچی سے ہوگا۔ جماعت اسلامی ضلع بدین کے کارکنان حیدرآباد ریلوے اسٹیشن پہنچ کر لانگ مارچ کے شرکا کا استقبال کریں (بقیہ 30 صفحہ 7 پر)

کراچی، بچی سے نازیبا حرکت کرنے والا ملزم پولیس مقابلے کے دوران زخمی حالت میں گرفتار

کراچی (اے ایف بی) کراچی کے علاقے شاہ لطیف ٹاؤن میں ریڈیو پاکستان گراؤنڈ کے قریب پولیس نے مسلح ملزم کو مبینہ مقابلے کے بعد زخمی حالت میں گرفتار کر لیا۔ ایس ایس پی ملیر کے مطابق دو طرفہ فائرنگ کے نتیجے میں زخمی حالت میں گرفتار ملزم کی شناخت خالد محمود ولد علی حسن کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم کی چند روز قبل ایک معصوم بچی کے ساتھ نازیبا حرکت کرتے ہوئے ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل (بقیہ 45 صفحہ 7 پر)

صحبت پور، ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر پانچ روزہ مہم کا افتتاح کر رہی ہیں

شہر کوہاٹ میں دھماکے اور دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت

عبادت گاہ میں معصوم نمازیوں اور شہریوں کو نشانہ بنانا انسانیت کے دشمنوں کی بزدلانہ کارروائی ہے، شریف پالاری

شریف پالاری

حب (نمائندہ بولان) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع حب کے صدر محمد شریف پالاری نے خیبر پختونخوا کے شہر کوہاٹ میں مسجد کے قریب ہونے والے افسوسناک دھماکے اور دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ عبادت گاہ میں معصوم نمازیوں اور شہریوں کو نشانہ بنانا انسانیت کے دشمنوں کی بزدلانہ کارروائی ہے انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے ذریعے ملک میں خوف و ہراس پھیلانے کی ہر کوشش کو ناکام بنایا جائے گا۔ (بقیہ 34 صفحہ 7 پر)

حافظ نعیم الرحمٰن آج حیدرآباد ریلوے اسٹیشن پر خطاب کریں گے

حیدرآباد (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن آج اتوار کو دوپہر ایک بجے حیدرآباد ریلوے اسٹیشن (بقیہ 44 صفحہ 7 پر)

: بابو واحد بخش بنگلزئی سپر لیگ کرکٹ ٹورنامنٹ

عبدالکریم منگریو، وڈیرہ کمال خان بنگلزئی، ڈومکی، ڈاکٹر صابر جمالی سمیت دیگر اہم شخصیات موجود تھیں

نصیر آباد (نامہ نگار): بابو واحد بخش بنگلزئی سپر لیگ کرکٹ ٹورنامنٹ نصیر آباد کا شاندار فائنل میچ ٹکری غلام رسول بنگلزئی کرکٹ گراؤنڈ ڈیرہ مراد جمالی میں فیاض ٹائیگرز کرکٹ کلب نصیر آباد اور شہید غلام سرور بھنگر چیتاز ڈیرہ مراد جمالی کے درمیان کھیلا گیا میچ کے مہمانِ خصوصی ایس ایچ او سٹی غا (بقیہ 35 صفحہ 7 پر)

علی امین گنڈا پور طبیعت ناسازی پر اسپتال منتقل

پشاور (این این آئی) سابق وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا اور پاکستان تحریک انصاف کے رہنما علی امین گنڈا پور کو طبیعت (بقیہ 41 صفحہ 7 پر)

نصیر آباد میں کاشتکاروں کو زرعی پانی کی فراہمی کے حوالے سے اقدامات کا سلسلہ جاری

پٹ فیڈر کینال کی قیدی شاخ سمیت دیگر شاخوں میں ٹیل تک پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں

نصیر آباد (نامہ نگار) نصیر آباد میں کاشتکاروں کو زرعی پانی کی فراہمی کے حوالے سے حکام بالا کے احکامات پر اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ صوبائی وزیر اریگیشن میر محمد (بقیہ 36 صفحہ 7 پر)

سرگودھا میں نوجوان کو اغوا کر کے گردہ نکال لیا گیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں ایک نوجوان کو مبینہ طو (بقیہ نمبر 40 صفحہ 7 پر)

پرامن جمہوری جدوجہد کے ذریعے بلوچ قوم کے حقوق حاصل کریں گے — رحمت بلوچ

20 ستمبر کی کیچ احتجاجی ریلی کسی ایک جماعت یا شخصیت کی نہیں بلکہ غریب مزدور، کسان، طالب علم اور تاجر سمیت پورے کیچ کے عوام کی آواز ہے

بارڈر کی بندش اور ٹوکن سسٹم کے باعث لاکھوں خاندان معاشی مشکلات کا شکار ہیں جبکہ امن و امان کی صورتحال نے بھی عوام کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما و بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے کہا ہے کہ 20 ستمبر کی کیچ احتجاجی ریلی کسی ایک جماعت یا شخصیت کی نہیں بلکہ غریب مزدور، کسان، طالب علم اور تاجر سمیت پورے کیچ کے عوام کی آواز ہے۔ بارڈر کی بندش اور (بقیہ 39 صفحہ 7 پر)

حب۔ اسسٹنٹ کمشنر حب مہیم خان لگچی کی ہدایت پر یوٹیز نائب تحصیلدار گراں فروشی کے خلاف کارروائی کر رہے ہیں